عرب ممالک کے مسافروں کے لیے عربی سیکھنا نہایت آسان

اساتذہ وطلبہ کے لیے عربی بول چال پر رہنما کتاب

جدید عربی سیکھیے

دارالسلام
ریسرچ سنٹر

جدید عربی سیکھیے

بلادِ عرب کے مسافروں کے لیے

عربی سیکھنا نہایت آسان

سعودی عرب (ہیڈ آفس)

پرنس عبدالعزیز بن جلاوی سٹریٹ پوسٹ بکس:22743 **الریاض**:11416 سعودی عرب

فون:00966 1 4043432-4033962 فیکس:4021659 www.darussalamksa.com

Email: darussalam@awalnet.net.sa info@darussalamksa.com

الریاض • العلیا-فون:00966 1 4614483 فیکس:4644945 • الملز فون:00966 1 4735220 فیکس:4735221
• سویدی فون:00966 1 4286641 • سویلم فون/فیکس:00966 1 2860422

جدہ فون:00966 2 6879254 فیکس:6336270 **مدینہ منورہ** فون:00966 4 8234446,8230038 فیکس:04 8151121

الخبر فون:00966 3 8692900 فیکس:00966 3 8691551 **خمیس مشیط** فون/فیکس:00966 7 2207055

ینبع البحر فون:0500887341 فیکس:8691551 **قصیم** (بریدہ) فون:0503417156 فیکس:00966 6 3696124

امریکہ • نیویارک فون:001 718 625 5925 • ہوسٹن:001 713 722 0419 **کینیڈا** • نصیر الدین الخطاب فون:001 416 4186619

لندن • دارالسلام انٹرنیشنل پبلیکیشنز لمیٹڈ فون:0044 20 77252246-0044 20 85394885 • دارکہ انٹرنیشنل:0044 0121 7739309

متحدہ عرب امارات • شارجہ فون:00971 6 5632623 فیکس:5632624 **فرانس** فون:0033 01 480 52928 فیکس:0033 01 480 52997

انڈیا • دارالسلام انڈیا فون:0091 44 45566249 موبائل:0091 98841 12041 • اسلامک بکس انٹرنیشنل فون:0091 22 2373 4180

• ہدی بک ڈسٹری بیوٹرز فون:0091 40 2451 4892 موبائل:0091 98493 30850 • ایم ایس براک انٹرپرائزز فون:0091 44 42157847

سری لنکا • دارالکتاب فون:0094 115 358712 • دارالایمان ٹرسٹ فون:0094 114 2669197

پاکستان ہیڈ آفس و مرکزی شوروم

لاہور 36- لوئر مال، سیکرٹریٹ سٹاپ، لاہور فون:00 4 32 372 24,400 372 34,240 373 42 0092 فیکس:72 540 373 042

• غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون:54 200 371 42 0092 فیکس:03 207 373 042

• Y بلاک، گول کمرشل مارکیٹ، دکان:2 (گراؤنڈ فلور) ڈیفنس، لاہور فون:10 926 356 42 0092

کراچی مین طارق روڈ، ڈالمن مال سے (بہادر آباد کی طرف) دوسری گلی کراچی فون:36 939 343 21 0092 فیکس:37 939 343 21 0092

اسلام آباد F-8 مرکز، ایوب مارکیٹ، شاہ ویر سنٹر:13 815 22 51 0092

info@darussalampk.com | www.darussalampk.com

جدید عربی سیکھیے
بلادِ عرب کے مسافروں کے لیے
عربی سیکھنا نہایت آسان
دارالسلام
ریسرچ سنٹر
دارالسلام
DARUSSALAM

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

مؤلفین

- ابو الحسن حافظ عبد الخالق
- مولانا مفتی عبد الولی خان
- مولانا عمران صارم
- مولانا حافظ عبد السمیع
- مولانا حافظ نعمان فاروقی

مضامین

عرضِ ناشر

قارئین کرام! آپ کے ہاتھوں میں ایک انوکھی اور اہم کتاب ''جدید عربی سیکھیے'' ہے۔ میں نے اسے انوکھی اس لیے کہا ہے کہ یہ روایتی عربی بول چال کی کتابوں سے ہٹ کر لکھی گئی ہے۔ مجھے بہت ساری عربی بول چال سکھانے والی کتابوں کو پڑھنے اور ان سے استفادے کا موقع ملا۔ میں ان کی اہمیت سے انکار نہیں کرسکتا۔ بلاشبہ ایک مدت سے ایسی کتابیں مارکیٹ میں موجود ہیں اور ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان سے ہزاروں نہیں لاکھوں لوگوں نے استفادہ کیا ہے لیکن ہم ان کتب میں موجود عربی زبان کو ماڈرن عربی زبان نہیں کہہ سکتے۔ مگر میں یہ بات پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ کتاب جو آپ کے ہاتھوں میں ہے بلاشبہ ایک منفرد اور اہم کتاب ہے۔اس میں وہ عربی زبان استعمال کی گئی ہے جو عرب ممالک کے بازاروں، گلیوں، دفاتر، ایئرپورٹس، ہسپتالوں اور پبلک مقامات پر بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ خود میں نے اس کی زبان اور مکالموں سے استفادہ کیا ہے۔ دارالسلام شعبہ نصاب سازی کے اراکین بلاشبہ عرب ممالک میں بولی جانے والی زبانوں سے واقف ہیں، اسی لیے انھوں نے بڑی خوبصورتی سے جملوں کا انتخاب کیا ہے۔

عربی زبان بلاشبہ دنیا کی سب سے اہم زبان ہے۔اس زبان کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے کیجیے کہ یہ اہل جنت کی زبان ہے۔ ہمارے پیارے رسول ﷺ عربی زبان ہی میں گفتگو فرماتے تھے۔ ہماری مقدس کتاب قرآن کریم عربی زبان ہی میں نازل ہوئی اور ہم اسے عربی ہی میں پڑھتے ہیں۔ ایسے ہی نماز بھی ہر حالت میں عربی زبان میں پڑھتے ہیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق دنیا بھر میں عربی زبان بولنے والوں کی تعداد بیالیس کروڑ سے زائد ہے۔ نہ صرف عربی ممالک بلکہ بعض افریقی ممالک میں بھی عربی زبان بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ ترکی جیسے ملک میں بھی وہ مناطق جو شام کی حدود سے متصل ہیں وہاں عربی زبان ہی مستعمل ہے۔ عربی زبان کے بارے میں ایک بات جان لیجیے کہ یہ دنیا کی قدیم ترین زبانوں میں سے ایک ہے۔ دنیا میں ایک طویل مدت تک عربی زبان ہی مختلف قبائل اور اقوام کے درمیان رابطے کا ذریعہ تھی۔ یہ دنیا کی واحد زبان ہے جس میں ہزاروں سال گزرنے کے باوجود کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ بعض اقوام اور نسلوں میں

لہجے کی تبدیلی ضرور آئی ہے، مگر جب فصیح لغت بولی جاتی ہے تو وہ قرآن کریم کی زبان ہی ہوتی ہے۔ قرآن کریم میں چونکہ قیامت تک کوئی تبدیلی نہیں آئے گی، اس لیے قرآن کریم نے عربی زبان کو بھی محفوظ بنا دیا ہے۔ ہزاروں سال پرانی لکھی ہوئی کتابیں اور اشعار آج بھی اسی طرح لکھے، پڑھے، بولے اور سمجھے جاتے ہیں جس طرح اس قدیم زمانے میں لکھے، پڑھے اور سمجھے جاتے تھے۔

یہ بات ہمیں خوب معلوم ہے کہ اسلام کی تمام تر اساسی کتب، تفاسیر، احادیث، فقہ، تاریخ، سب کی سب عربی زبان ہی میں لکھی گئی ہیں۔ خود رسول ﷺ عربی زبان سے بہت زیادہ محبت کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے اپنا بچپن طائف کے قریب بنو سعد میں گزارا۔ اس زمانے میں شرفا کے بچوں کو بادیہ میں اس لیے بھی بھیجا جاتا تھا کہ وہ فصیح عربی زبان سیکھیں۔

مجھے یاد آیا کہ آج سے کوئی آٹھ دس سال قبل میں بیروت میں تھا۔ ایک عیسائی مؤلف کتنے دن میرے پیچھے پڑا رہا، وہ مجھ سے مطالبہ کر رہا تھا کہ میں اس سے عربی زبان کی لغت لکھواؤں۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا تمھیں عربی زبان آتی ہے؟ کہنے لگا کہ میں نہ صرف عربی زبان جانتا ہوں بلکہ میں یونیورسٹی میں عربی زبان کا پروفیسر بھی ہوں۔ عربی لغت پہلے لکھ چکا ہوں۔ خیر میں نے اس سے کام کیا کروانا تھا۔ میں نے از راہ تفنن اس سے ریٹ پوچھا تو وہ ہر لفظ کے کئی ڈالر مانگ رہا تھا۔

معزز قارئین! یہ گزارشات لکھنے کا مقصد یہ تھا کہ آپ کو عربی زبان کی اہمیت کے بارے میں آگاہ کروں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ عربی زبان میں کتب پڑھنے کا جو مزہ ہے وہ اردو یا کسی دوسری زبان میں ترجمہ شدہ کتاب پڑھنے میں کہاں ہے۔ میں یہ دعویٰ تو نہیں کروں گا کہ آپ "جدید عربی سیکھیے" نامی کتاب پڑھ کر عربی زبان کے ماہر ہو جائیں گے مگر اتنا ضرور ہے کہ آپ روزمرہ زبان سے واقف ضرور ہو جائیں گے۔

اردو زبان عربی سے خاصی قریب ہے۔ عربی زبان کے تمام حروف تہجی اردو زبان میں موجود ہیں، اس لیے ہمارے لیے عربی زبان کا سیکھنا دیگر اقوام کی نسبت زیادہ آسان ہے۔ مجھے یاد ہے کہ میں ایک مرتبہ جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں قسم اللغۃ میں تھا۔ اس کے مدیر سے ملاقات ہوئی تو وہ مجھے کہنے لگے کہ ہمارے پاس 120 ملکوں کے طلبا عربی زبان سیکھ رہے ہیں۔ ان میں بعض یورپی ممالک کے ایسے طالب علم بھی آتے ہیں جن کو ا، ب، ت، بھی نہیں آتی۔ مگر دو سال کی تعلیم کے نتیجے میں وہ نہ صرف روانی کے ساتھ

عربی زبان بولنے لگتے ہیں بلکہ لکھنے بھی لگتے ہیں۔ عربی زبان اور خصوصاً فصیح لغت بولنے کا اپنا ہی مزا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جب میں شروع شروع میں سعودی عرب آیا تھا تو عربی زبان سیکھنے کا بڑا شوق تھا۔ میں گاڑی میں عربی تقاریر لگا لیتا اور سنتا۔ کہیں میٹنگ ہوتی تو گاڑی چلاتے ہوئے فرضی فقرے بناتا کہ میٹنگ میں بیٹھوں گا تو کس قسم کی گفتگو ہوگی؟ جس عربی کے ساتھ میٹنگ ہے وہ کیا بولے گا اور میں اس کا کیا جواب دوں گا۔ میں نہ صرف ان فقروں کو سوچتا بلکہ اپنی زبان سے بولتا بھی تھا۔ چونکہ میں ذہنی طور پر تیار ہو کر جاتا تھا اور راستے میں عربی زبان کی تیاری کر کے جاتا تھا، اس لیے الحمد للہ عموماً میٹنگوں میں عربی زبان بولنے میں ہچکچاہٹ نہیں ہوتی تھی۔

زیرِ نظر کتاب کی تیاری میں شعبہ نصاب سازی کے اراکین کا میں بے حد شکر گزار ہوں جنھوں نے نہایت عرق ریزی سے بڑے خوبصورت انداز میں روز مرہ عربی بول چال کو آپ کے سامنے پیش کیا۔ شعبہ آرٹ اینڈ ڈیزائن کے اراکین نے ڈیزائننگ کے ذریعے سے اس کی قدر و قیمت میں اضافہ کیا۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو بڑے اجر اور ثمر سے نوازے۔

میں آپ سے اجازت لینے سے پہلے قرآن کریم کی اس آیت کا حوالہ ضرور دوں گا جس میں اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا: ﴿إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝﴾ ”بے شک ہم نے قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا ہے تاکہ تم سمجھو۔“ (یوسف 12:2)

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ایک قول بھی پڑھ لیجیے، اس سے بھی آپ کو عربی زبان کی اہمیت کا اندازہ ہو جائے گا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا: «تعلّموا العربية فهي من دينكم» ”عربی زبان سیکھو یہ تمھارے دین میں سے ہے۔“

اس کتاب کو آپ نے کیسا پایا اور اس کے بارے میں آپ کی رائے کیا ہے؟ آپ کی تجاویز اور مشوروں کا انتظار رہے گا۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین!

محبکم

عبدالمالک مجاہد

ریاض، سعودی عرب

جنوری 2014

اَلْعَرَبِيَّةُ لُغَةُ الْقُرْآنِ | عربی قرآن مجید کی زبان

جَاءَ أَحْمَدُ إِلٰى «دَارِ السَّلَامِ» وَوَجَدَ صَدِيقَهُ عُمَرَ فِي الْمَكْتَبَةِ يَقْرَأُ الْمُصْحَفَ، فَجَرٰى بَيْنَهُمَا الْحِوَارُ التَّالِي:

احمد ''دارالسلام'' آیا تو اس نے اپنے دوست عمر کو لائبریری میں قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے پایا، بعدازاں ان کے مابین مندرجہ ذیل مکالمہ شروع ہوا:

أحمد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	احمد	السلام علیکم۔
عمر	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ.	عمر	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہ۔
أحمد	أَتَعْرِفُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ يَا عُمَرُ؟	احمد	عمر! کیا تم عربی زبان جانتے ہو؟
عمر	نَعَمْ، أَعْرِفُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ جَيِّدًا.	عمر	جی ہاں، میں عربی زبان خوب جانتا ہوں۔
أحمد	وَمِنْ أَيْنَ تَعَلَّمْتَهَا يَا عُمَرُ؟	احمد	عمر! تم نے یہ کہاں سے سیکھی؟
عمر	تَعَلَّمْتُهَا فِي مَعْهَدِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ بِالْجَامِعَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ بِالْمَدِينَةِ الْمُنَوَّرَةِ.	عمر	میں نے یہ جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کی معہد اللغۃ العربیہ سے سیکھی ہے۔
أحمد	كَمْ عَدَدُ سَنَوَاتِ الدِّرَاسَةِ بِهٰذَا الْمَعْهَدِ؟	احمد	اس ادارے میں پڑھائی کا دورانیہ کتنے سال ہے؟
عمر	سَنَتَانِ.	عمر	دو سال۔
أحمد	لِمَاذَا تَعَلَّمْتَهَا يَا عُمَرُ؟	احمد	عمر! تم نے یہ زبان کیوں سیکھی ہے؟
عمر	لِأَنَّهَا لُغَةُ الْقُرْآنِ وَلُغَةُ نَبِيِّنَا الْحَبِيبِ ﷺ.	عمر	کیونکہ یہ قرآن کریم اور ہمارے پیارے نبی ﷺ کی زبان ہے۔
أحمد	مَتٰى تَبْدَأُ الدِّرَاسَةُ فِي الْمَعْهَدِ؟	احمد	ادارے میں پڑھائی کا آغاز کب ہوتا ہے؟
عمر	تَبْدَأُ الدِّرَاسَةُ فِيهِ بَعْدَ رَمَضَانَ فِي الْأُسْبُوعِ	عمر	ادارے میں پڑھائی کا آغاز ہر سال رمضان کے

	الثَّانِي مِنْ شَوَّالٍ مِنْ كُلِّ عَامٍ.		بعد شوال کے دوسرے ہفتے میں ہوتا ہے۔
أحمد	أُرِيدُ أَنْ أَلْتَحِقَ بِالْمَعْهَدِ، فَمَاذَا أَفْعَلُ يَا عُمَرُ؟	احمد	میں اس ادارے میں داخلہ لینا چاہتا ہوں، عمر! اس کے لیے مجھے کیا کرنا ہوگا؟
عمر	أَرْسِلْ طَلَبًا إِلَى عَمِيدِ الْمَعْهَدِ.	عمر	ادارے کے پرنسپل کے نام درخواست بھیجو۔
أحمد	أَرْجُو أَنْ تُسَاعِدَنِي فِي كِتَابَةِ الطَّلَبِ.	احمد	میں چاہتا ہوں درخواست لکھنے میں تم میری مدد کرو۔
عمر	بِكُلِّ سُرُورٍ، هَيَّا نَكْتُبِ الطَّلَبَ.	عمر	بڑی خوشی سے، آؤ درخواست لکھیں۔

طَلَبُ الْتِحَاقٍ | درخواست برائے داخلہ

سَعَادَةُ عَمِيدِ مَعْهَدِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ بِالْجَامِعَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ بِالْمَدِينَةِ الْمُنَوَّرَةِ!

السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.

أَتَقَدَّمُ بِهٰذَا الطَّلَبِ رَاجِيًا قُبُولِي بِالْمَعْهَدِ كَيْ أَتَعَلَّمَ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ وَالثَّقَافَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ، وَبَيَانَاتِي هِيَ:

بخدمت جناب پرنسپل صاحب معہد اللغہ العربیہ، جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

میں معہد میں داخلے کی امید پر یہ درخواست پیش کر رہا ہوں تاکہ میں عربی زبان اور اسلامی ثقافت سیکھ سکوں۔ میرے متعلق معلومات درج ذیل ہیں:

الْاِسْمُ	أَحْمَدُ عَبْدُ اللّٰهِ.	نام	احمد عبداللہ
اَلْجِنْسِيَّةُ	بَاكِسْتَانِيٌّ.	شہریت	پاکستانی
اَلْعُمُرُ	عِشْرُونَ عَامًا.	عمر	بیس سال
الدِّيَانَةُ	مُسْلِمٌ.	مذہب	اسلام
اَلْمُؤَهَّلُ الدِّرَاسِيُّ	شَهَادَةُ الثَّانَوِيَّةِ الْعَامَّةِ.	تعلیمی اہلیت	ثانویہ عامہ
اَلْعُنْوَانُ	بَاكِسْتَان ـ مَدِينَةُ لَاهُور ـ ٣٦ لوئِرْ مَال، مَحَطَّةُ سيكرتريت.	پتا	36 لوئر مال سیکرٹریٹ سٹاپ، لاہور، پاکستان۔

وَأَشْكُرُكُمْ رَاجِيًا النَّظَرَ فِي الطَّلَبِ، وَاللّٰهُ يَرْعَاكُمْ.

میں آپ کا شکر گزار ہوں، مجھے امید ہے کہ آپ میری درخواست پر غور کریں گے۔ اللہ آپ کی حفاظت فرمائے۔

مُقَدِّمُهُ
أَحْمَدُ عَبْدُ اللّٰهِ

درخواست گزار
احمد عبداللہ

حِوَارٌ بَعْدَ الطَّلَبِ | درخواست کے بعد مکالمہ

وَبَعْدَهُ لَقِيَ أَحْمَدُ عَبْدُاللّٰهِ زَمِيلَهُ يُوسُفَ وَجَرَى الْحِوَارُ بَيْنَهُمَا:

اس کے بعد احمد کی اپنے ایک ساتھی یوسف سے ملاقات ہوئی تو ان کے مابین مندرجہ ذیل مکالمہ ہوا:

	عربی		اردو
يوسف	كَمْ فَصْلًا فِي الْعَامِ؟	یوسف	سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟
أحمد	فِي الْعَامِ أَرْبَعَةُ فُصُولٍ، هِيَ: الشِّتَاءُ وَالْخَرِيفُ وَالصَّيْفُ وَالرَّبِيعُ.	احمد	سال میں چار موسم ہوتے ہیں: وہ سردی، خزاں، گرمی اور بہار ہیں۔
يوسف	وَ مَتٰى تَبْدَأُ الدِّرَاسَةُ بِالْمَعْهَدِ؟	یوسف	معہد میں پڑھائی کب شروع ہوتی ہے؟
أحمد	تَبْدَأُ الدِّرَاسَةُ بِالْمَعْهَدِ فِي الْأُسْبُوعِ الثَّانِي مِنْ شَوَّالٍ.	احمد	معہد میں پڑھائی کا آغاز ماہِ شوال کے دوسرے ہفتے میں ہوتا ہے۔
يوسف	وَكَيْفَ الْتَحَقْتَ بِالْمَعْهَدِ؟	یوسف	معہد میں آپ کا داخلہ کیسے ہوا؟
أحمد	قَدَّمْتُ طَلَبًا إِلٰى عَمِيدِ الْمَعْهَدِ.	احمد	میں نے معہد کے پرنسپل کے نام درخواست لکھی تھی۔
يوسف	وَمَا الْبَيَانَاتُ الَّتِي كَتَبْتَهَا فِي الطَّلَبِ؟	یوسف	درخواست میں آپ نے کیا معلومات درج کی تھیں؟
أحمد	كَتَبْتُ الِاسْمَ، وَالْجِنْسِيَّةَ، وَالْعُمُرَ، وَالدِّيَانَةَ، وَالْمُؤَهِّلَ الدِّرَاسِيَّ ثُمَّ الْعُنْوَانَ.	احمد	میں نے نام، شہریت، عمر، مذہب، تعلیمی قابلیت اور پتا درج کیا تھا۔
يوسف	وَهَلْ كَتَبْتَ أَنْتَ الطَّلَبَ؟	یوسف	کیا آپ نے درخواست خود لکھی تھی؟
أحمد	لَا، لِأَنِّي لَا أُحْسِنُ الْكِتَابَةَ بِهَا.	احمد	نہیں، کیونکہ میں عربی میں بہتر طور پر نہیں لکھ سکتا۔

یوسف	وَمَنِ الَّذِي كَتَبَ لَكَ الطَّلَبَ؟	یوسف	پھر آپ کو درخواست کس نے لکھ کر دی تھی؟
أحمد	كَتَبَهُ صَدِيقِي عُمَرُ.	احمد	وہ میرے دوست عمر نے لکھی تھی۔
یوسف	شُكْرًا.	یوسف	شکریہ۔
أحمد	عَفْوًا.	احمد	کوئی بات نہیں۔

فِي مَعْهَدِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ | عربی زبان کے انسٹیٹیوٹ میں

حَضَرَ أَحْمَدُ مِنْ بَلَدِهِ فِي بِدَايَةِ الْعَامِ الدِّرَاسِيِّ، وَالْتَحَقَ بِمَعْهَدِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ. ذَهَبَ أَحْمَدُ فِي الصَّبَاحِ إِلَى الْمَعْهَدِ، وَقَابَلَ أَحَدَ الطُّلَّابِ فَجَرٰى بَيْنَهُمَا الْحِوَارُ التَّالِي:

تعلیمی سال کے آغاز میں احمد اپنے شہر سے آیا اور معہد اللغہ العربیہ میں داخل ہو گیا۔ صبح احمد معہد گیا۔ اس کا ایک طالب علم سے سامنا ہوا تو ان کے مابین درج ذیل مکالمہ ہوا:

أحمد	صَبَّحَكَ اللّٰهُ بِالْخَيْرِ يَا أَخِي.	احمد	بھائی! صبح بخیر۔
الطالب	أَهْلًا وَّسَهْلًا يَا أَخِي.	طالب علم	بھائی! خوش آمدید۔
أحمد	اِسْمِي أَحْمَدُ عَبْدُاللّٰهِ، وَأَنَا مِنْ بَاكِسْتَان.	احمد	میرا نام احمد عبداللہ ہے۔ میں پاکستان سے ہوں۔
الطالب	وَأَنَا سَعْدٌ مِّنْ تُرْكِيَا.	طالب علم	میں سعد ہوں، ترکی سے۔
أحمد	هَلْ أَنْتَ طَالِبٌ فِي الْمَعْهَدِ؟	احمد	کیا آپ معہد میں پڑھتے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، أَنَا طَالِبٌ فِي الْمَعْهَدِ.	سعد	جی ہاں، میں معہد میں پڑھتا ہوں۔
أحمد	فِي أَيِّ مُسْتَوًى أَنْتَ؟	احمد	آپ کس مرحلے میں ہیں؟
سعد	فِي الْمُسْتَوَى الْمُتَقَدِّمِ، وَأَنْتَ؟	سعد	میں آخری مرحلے میں ہوں، اور آپ؟
أحمد	أَنَا طَالِبٌ جَدِيدٌ.	احمد	میں نیا طالب علم ہوں۔
سعد	مَتٰى حَضَرْتَ إِلَى الْمَعْهَدِ؟	سعد	آپ معہد میں کب آئے ہیں؟
أحمد	حَضَرْتُ الْيَوْمَ.	احمد	میں آج ہی آیا ہوں۔
سعد	هَلْ قَابَلْتَ عَمِيدَ الْمَعْهَدِ؟	سعد	کیا آپ معہد کے پرنسپل صاحب سے ملے ہیں؟
أحمد	نَعَمْ، وَقَدَّمْتُ لَهُ أَوْرَاقِي.	احمد	جی ہاں، اور اپنے ڈاکومنٹس انھیں جمع کرائے ہیں۔

سعد	هَلْ عَرَفْتَ مَوَاعِيدَ الدِّرَاسَةِ بِالْمَعْهَدِ؟	سعد	کیا آپ نے معہد میں پڑھائی کے اوقات معلوم کر لیے ہیں؟
أحمد	لَا، يَا سَعْدُ! مَتَى يَبْدَأُ الدَّرْسُ الْأَوَّلُ؟	احمد	نہیں، سعد! پہلا سبق کب شروع ہوتا ہے؟
سعد	اَلسَّاعَةَ الثَّامِنَةَ صَبَاحًا.	سعد	صبح آٹھ بجے۔
أحمد	كَمْ عَدَدُ الدُّرُوسِ فِي الْيَوْمِ؟	احمد	ایک دن میں کتنے اسباق ہوتے ہیں؟
سعد	خَمْسَةُ دُرُوسٍ فَقَطْ.	سعد	صرف پانچ اسباق۔
أحمد	وَأَيْنَ حُجُرَاتُ الدِّرَاسَةِ؟	احمد	کلاس روم کہاں ہیں؟
سعد	اَلْمُسْتَوَى الْإِبْتِدَائِيُّ فِي الطَّابَقِ الْأَوَّلِ، وَالْمُسْتَوَى الْمُتَوَسِّطُ فِي الطَّابَقِ الثَّانِي، وَالْمُسْتَوَى الْمُتَقَدِّمُ فِي الطَّابَقِ الثَّالِثِ.	سعد	ابتدائی مرحلہ پہلی منزل پر، متوسط مرحلہ دوسری منزل پر اور منتہی مرحلہ تیسری منزل پر ہے۔
أحمد	شُكْرًا لَكَ عَلَى هٰذِهِ الْمَعْلُومَاتِ.	احمد	ان معلومات پر آپ کا شکریہ۔
سعد	عَفْوًا يَا أَحْمَدُ! وَأَتَمَنَّى لَكَ النَّجَاحَ فِي تَعَلُّمِ لُغَةِ الْقُرْآنِ.	سعد	کوئی بات نہیں احمد! مجھے امید ہے آپ قرآن مجید کی زبان سیکھنے میں کامیاب ہوں گے۔

أَحْمَدُ يَتَسَلَّمُ الْكُتُبَ | احمد کتابیں وصول کرتا ہے

فِي الْيَوْمِ الثَّانِي ذَهَبَ أَحْمَدُ لِيَتَسَلَّمَ الْكُتُبَ الْمُقَرَّرَةَ، فَقَابَلَ زَمِيلًا لَهُ، وَسَأَلَهُ عَنْ مَكْتَبِ الرَّئِيسِ لِقِسْمِ تَعْلِيمِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ بِالْمَعْهَدِ. طَلَبَ أَحْمَدُ مِنْ رَئِيسِ الْقِسْمِ الْمُوَافَقَةَ عَلَى تَسَلُّمِ الْكُتُبِ، فَوَافَقَهُ عَلَى ذٰلِكَ.

دوسرے دن احمد نصابی کتابیں وصول کرنے گیا۔ وہ اپنے ایک ساتھی سے ملا اور اس سے معہد میں شعبہ تعلیم عربی زبان کے پرنسپل کے دفتر کے متعلق پوچھا۔ احمد نے شعبے کے پرنسپل سے کتابوں کی وصولی کی منظوری مانگی، تو شعبے کے پرنسپل نے اس کی منظوری دے دی۔

سَأَلَ أَحْمَدُ زَمِيلَهُ: | احمد نے اپنے ساتھی سے پوچھا:

أحمد	هَلْ تَسَلَّمْتَ الْكُتُبَ يَا سَعِيدُ؟	احمد	سعید! کیا تم نے کتابیں وصول کر لی ہیں؟
سعيد	نَعَمْ.	سعید	جی ہاں۔
أحمد	مَا الْكُتُبُ الَّتِي تَسَلَّمْتَهَا؟	احمد	کون سی کتابیں ہیں جو تم نے وصول کی ہیں؟
سعيد	تَسَلَّمْتُ الْكُتُبَ وَالْمُذَكِّرَاتِ الْمُقَرَّرَةَ لِلْمَوَادِّ الَّتِي أَدْرُسُهَا، وَهِيَ: الْقُرْآنُ الْكَرِيمُ، وَالْحَدِيثُ الشَّرِيفُ، وَالْفِقْهُ، وَالْعَقِيدَةُ، وَالسِّيرَةُ النَّبَوِيَّةُ، وَالْقِرَاءَةُ، وَالنُّصُوصُ، وَالْقَوَاعِدُ، وَالتَّعْبِيرُ، وَالْأَصْوَاتُ، وَالْإِمْلَاءُ.	سعید	میں نے سلیبس سے متعلقہ وہ کتابیں اور نوٹس، جو میں نے پڑھنے ہیں، وصول کر لیے ہیں، اور وہ یہ ہیں: قرآن کریم، حدیث شریف، فقہ، عقیدہ، سیرت النبی، قراءت، نصوص، قواعد، تعبیر، اصوات اور املا۔
أحمد	هَلْ هٰذِهِ الْكُتُبُ الْمُقَرَّرَةُ عَلَى الْمُسْتَوَى الِابْتِدَائِيِّ؟	احمد	کیا یہ ابتدائی مرحلے کی نصابی کتابیں ہیں؟
سعيد	لَا، يَا أَحْمَدُ! هٰذِهِ كُتُبُ الْمُسْتَوَى الْمُتَوَسِّطِ.	سعید	نہیں احمد! یہ متوسط مرحلے کی کتابیں ہیں۔

أحمد	وَمِنْ أَيْنَ أَتَسَلَّمُ الْكُتُبَ يَا سَعِيدُ؟	احمد	سعید! میں کتابیں کہاں سے لوں؟
سعيد	مِنْ مُسْتَوْدَعِ الْكُتُبِ.	سعید	بک سٹور سے۔
أحمد	وَأَيْنَ هٰذَا الْمُسْتَوْدَعُ؟	احمد	یہ بک سٹور کہاں ہے؟
سعيد	بِجِوَارِ قِسْمِ شُؤُونِ الطُّلَّابِ فِي الطَّابَقِ الثَّانِي. ذَهَبَ أَحْمَدُ إِلٰى مُسْتَوْدَعِ الْكُتُبِ وَقَابَلَ الْمُوَظَّفَ.	سعید	شعبہ ''معاملاتِ طلبہ'' کے ساتھ ہی دوسری منزل پر۔ احمد بک سٹور پر گیا اور ملازم سے ملا۔
أحمد	مِنْ فَضْلِكَ، أُرِيدُ أَنْ أَتَسَلَّمَ الْكُتُبَ.	احمد	براہِ مہربانی میں کتابیں لینا چاہتا ہوں۔
موظف	فِي أَيِّ مُسْتَوًى أَنْتَ؟	ملازم	آپ کس مرحلے میں ہیں؟
أحمد	فِي الْمُسْتَوَى الِابْتِدَائِيِّ.	احمد	ابتدائی مرحلے میں۔
موظف	مَرْحَبًا بِكَ، تَفَضَّلْ، هٰذِهِ كُتُبُ الْمَوَادِّ الْمُقَرَّرَةِ عَلَيْكَ. هٰذَا كِتَابُ الْقِرَاءَةِ، وَهٰذَا كِتَابُ الْمُحَادَثَةِ، وَهٰذَا كِتَابُ الْأَصْوَاتِ.	ملازم	خوش آمدید، لیجیے، یہ ہیں آپ کی نصابی کتابیں۔ یہ قراءت کی کتاب ہے، یہ بول چال کی اور یہ اصوات کی۔
أحمد	هَلْ هُنَاكَ شَيْءٌ آخَرُ؟	احمد	کیا کوئی اور چیز بھی ہے؟
موظف	نَعَمْ، هٰذِهِ كُرَّاسَةُ التَّدْرِيبَاتِ عَلَى الْكِتَابَةِ، وَهٰذَا شَرِيطٌ مُسَجَّلٌ لِلْأَصْوَاتِ تَسْتَمِعُ إِلَيْهِ فِي مُخْتَبَرِ اللُّغَةِ	ملازم	جی ہاں، یہ تحریری مشقوں کے لیے کاپی ہے اور یہ ریکارڈ شدہ آوازوں کی کیسٹ ہے جسے آپ لینگویج لیب میں سنیں گے۔
أحمد	شُكْرًا.	احمد	شکریہ۔
موظف	عَفْوًا.	ملازم	کوئی بات نہیں۔

حِوَارٌ بَيْنَ الطَّالِبَيْنِ | دو طالب علموں کے درمیان مکالمہ

سعيد	هَلْ تَسَلَّمْتَ كُتُبَكَ يَا أَحْمَدُ؟	سعید	احمد! کیا تم نے کتابیں وصول کر لیں؟
أحمد	نَعَمْ، تَسَلَّمْتُهَا.	احمد	جی ہاں، میں نے وصول کر لیں۔
سعيد	مَتٰى؟	سعید	کب؟
أحمد	اَلْيَوْمَ فِي الصَّبَاحِ.	احمد	آج صبح۔
سعيد	كَمْ كِتَابًا تَسَلَّمْتَ؟	سعید	تم نے کتنی کتابیں وصول کی ہیں؟
أحمد	تَسَلَّمْتُ عَشَرَةَ كُتُبٍ وَّمُذَكِّرَةً وَّاحِدَةً.	احمد	میں نے دس کتابیں اور ایک مذکرہ (نوٹس) وصول کیا ہے۔
سعيد	وَمِنْ أَيْنَ تَسَلَّمْتَهَا؟	سعید	یہ تم نے کہاں سے وصول کیں؟
أحمد	مِنْ مُّسْتَوْدَعِ الْكُتُبِ.	احمد	بک سٹور سے۔
سعيد	إِلٰى أَيْنَ تَذْهَبُ الْآنَ؟	سعید	اب تم کہاں جاؤ گے؟
أحمد	إِلٰى حُجْرَةِ الدِّرَاسَةِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	احمد	ان شاء اللہ کلاس روم میں۔
سعيد	وَأَيْنَ مَقْعَدُكَ فِي الْحُجْرَةِ؟	سعید	کلاس میں تمھاری سیٹ کہاں ہے؟
أحمد	فِي الصَّفِّ الثَّالِثِ عَلَى الْيَمِينِ.	احمد	تیسری لائن میں، دائیں طرف۔
سعيد	وَهَلْ عَرَفْتَ مُدَرِّسَ الْقِرَاءَةِ؟	سعید	کیا تمھیں قراءت پڑھانے والے استاد کا پتا چل گیا ہے؟
أحمد	نَعَمْ.	احمد	جی ہاں۔
سعيد	وَهَلْ عَرَفَكَ؟	سعید	کیا وہ بھی تم سے واقف ہیں؟
أحمد	نَعَمْ، وَقُلْتُ لَهُ اسْمِي.	احمد	جی، میں نے انھیں اپنا نام بتایا ہے۔

سعید	وَهَلْ سَأَلَكَ مِنْ أَيْنَ أَنْتَ؟	سعید	کیا انھوں نے تم سے پوچھا کہ تم کہاں سے آئے ہو؟
أحمد	نَعَمْ، وَقُلْتُ لَهُ: أَنَا مِنْ فَيْصَلْ آباد.	احمد	جی ہاں، میں نے انھیں بتایا کہ میں فیصل آباد سے ہوں۔
سعید	وَمَاذَا قَالَ لَكَ أَيْضًا؟	سعید	انھوں نے تم سے اور کیا کہا؟
أحمد	قَالَ لِي: أَهْلًا بِكَ وَمَرْحَبًا.	احمد	انھوں نے مجھے خوش آمدید کہا۔
سعید	هَلْ تُرِيدُ شَيْئًا يَا أَحْمَدُ؟	سعید	احمد! کیا تمھیں کوئی چیز چاہیے؟
أحمد	لَا، يَا سَعِيدُ! أَشْكُرُكَ.	احمد	نہیں، سعید! تمھارا شکریہ۔
سعید	عَفْوًا.	سعید	کوئی بات نہیں۔

فِي الصَّفِّ | کمرۂ جماعت میں

المدرس	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	مدرس	السلام علیکم۔
الطلاب	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	طلبہ	وعلیکم السلام۔
المدرس	كَيْفَ حَالُكُمُ الْيَوْمَ؟	مدرس	آج تمھارا کیا حال ہے؟
الطلاب	بِخَيْرٍ وَّ الْحَمْدُ لِلّٰهِ.	طلبہ	خیریت سے ہیں، الحمد للہ۔
المدرس	مَا دَرْسُ الْيَوْمِ؟	مدرس	آج کا سبق کیا ہے؟
الطلاب	قِرَاءَةٌ وَّمُحَادَثَةٌ.	طلبہ	قراءت اور محادثہ (پڑھنا اور بول چال)۔
المدرس	هَلْ ذَاكَرْتُمُ الْمَوْضُوعَ الَّذِي دَرَسْنَاهُ يَوْمَ الْخَمِيسِ؟	مدرس	جمعرات کے دن ہم نے جو سبق پڑھا تھا کیا آپ نے اسے دہرالیا ہے؟
أحمد	نَعَمْ، وَلٰكِنَّ فِيهِ بَعْضَ الْجُمَلِ يَحْتَاجُ إِلَى التَّفْسِيرِ	احمد	جی ہاں، مگر اس میں کچھ جملے ایسے ہیں جن کی وضاحت کی ضرورت ہے۔
عمار	وَعِنْدِي بَعْضُ الْأَسْئِلَةِ الَّتِي أُرِيدُ أَنْ أَعْرِفَ إِجَابَتَهَا	عمار	میرے بھی چند سوالات ہیں جن کا جواب میں جاننا چاہتا ہوں۔
المدرس	إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فِي نِهَايَةِ الدَّرْسِ سَوْفَ نُرَاجِعُ مَرَّةً ثَانِيَةً دَرْسَ يَوْمِ السَّبْتِ.	مدرس	سبق کے اختتام پر ہم ہفتے کے دن کا سبق دوبارہ دہرائیں گے، ان شاء اللہ۔
بلال	هَلْ سَنَقْرَأُ الْيَوْمَ مَوْضُوعًا جَدِيدًا؟	بلال	کیا آج ہم نیا سبق پڑھیں گے؟
المدرس	نَعَمْ، هَلْ مَعَكُمُ الْكُتُبُ؟	مدرس	جی ہاں، کیا آپ کے پاس کتابیں ہیں؟
الطلاب	نَعَمْ، مَعَنَا كُتُبُ الْقِرَاءَةِ وَالْمُحَادَثَةِ.	طلبہ	جی ہاں، ہمارے پاس قراءت اور محادثہ کی کتابیں ہیں۔

المدرس	اَلْيَوْمَ سَنَقْرَأُ مَوْضُوعَ «اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ».	مدرس	آج ہم عنوان ''مسجد حرام'' پڑھیں گے۔
أحمد	مِنْ فَضْلِكَ يَا أُسْتَاذُ! أُرِيدُ أَنْ أَقْرَأَ الْمَوْضُوعَ قِرَاءَةً جَهْرِيَّةً	احمد	استاد صاحب! براہِ مہربانی یہ عنوان میں بلند آواز سے پڑھنا چاہتا ہوں۔
المدرس	إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بَعْدَ قَلِيلٍ، أَمَّا الْآنَ فَأَسْئَلُكُمْ بَعْضَ الْأَسْئِلَةِ. أَيْنَ يُوجَدُ الْمَسْجِدُ الْحَرَامُ؟	مدرس	تھوڑی دیر بعد ان شاء اللہ، ابھی میں آپ سے چند سوالات پوچھتا ہوں۔ مسجد حرام کہاں ہے؟
أحمد	أَنَا أُجِيبُ يَا أُسْتَاذُ.	احمد	استاد صاحب! میں جواب دیتا ہوں۔
المدرس	تَفَضَّلْ.	مدرس	دیں۔
أحمد	اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ فِي مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ، بِالْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُودِيَّةِ.	احمد	مسجد حرام سعودی عرب میں مکہ مکرمہ میں ہے۔
المدرس	أَيْنَ مَقَامُ إِبْرَاهِيمَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ؟	مدرس	مسجد حرام میں مقام ابراہیم کہاں ہے؟
عمار	أَمَامَ بَابِ الْكَعْبَةِ.	عمار	کعبہ کے دروازے کے سامنے۔
المدرس	مَا اسْمُ الْمَاءِ الَّذِي نَشْرَبُهُ بَعْدَ الطَّوَافِ؟	مدرس	ہم طواف کے بعد جو پانی پیتے ہیں اس کا کیا نام ہے؟
بلال	اِسْمُهُ مَاءُ زَمْزَمَ.	بلال	اس کا نام آبِ زمزم ہے۔

اَلنَّظَافَةُ | صفائی ستھرائی

دَيْوِد	مَا أَطْيَبَ الْعِطْرَ الَّذِي تَسْتَعْمِلُهُ يَابَدْرُ!	ڈیوڈ	بدر! تم کتنا پیارا عطر لگاتے ہو!
بدر	شُكْرًا يَا دَيْوِد.	بدر	شکریہ ڈیوڈ۔
ديود	أَرَاكَ تَهْتَمُّ بِالنَّظَافَةِ كَثِيرًا.	ڈیوڈ	میں دیکھتا ہوں کہ تم صفائی کا بہت خیال رکھتے ہو۔
بدر	حقًّا، لِأَنَّ الْإِسْلَامَ يَحُثُّ الْمُسْلِمَ عَلَى النَّظَافَةِ.	بدر	بالکل، کیونکہ اسلام مسلمان کو صفائی کی ترغیب دیتا ہے۔
ديود	هَلْ يَهْتَمُّ كُلُّ الْمُسْلِمِينَ بِالنَّظَافَةِ مِثْلَكَ؟	ڈیوڈ	کیا سبھی مسلمان تمھاری طرح صفائی کا خیال رکھتے ہیں؟
بدر	نَعَمْ، لِأَنَّ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ أَنْ يَتَوَضَّأَ وَ يَغْتَسِلَ وَيَتَطَهَّرَ.	بدر	جی ہاں، کیونکہ ہر مسلمان کے لیے وضو و غسل کرنا اور پاک صاف رہنا ضروری ہے۔
ديود	هٰذِهِ نَظَافَةُ الْجِسْمِ، وَمَاذَا عَنْ نَظَافَةِ الْمَلْبَسِ؟	ڈیوڈ	یہ تو جسم کی صفائی ہے، لباس کی صفائی کے متعلق تم کیا اہتمام کرتے ہو؟
بدر	يَهْتَمُّ الْمُسْلِمُ بِنَظَافَةِ الْمَلْبَسِ، كَمَا يَهْتَمُّ بِنَظَافَةِ الْجِسْمِ، فَتَكُونُ ثِيَابُهُ نَظِيفَةً دَائِمًا.	بدر	مسلمان اپنے لباس کی صفائی کا بھی ایسے ہی خیال رکھتا ہے جیسے جسم کی صفائی کا رکھتا ہے، لہٰذا اس کے کپڑے ہمیشہ صاف ہوتے ہیں۔
ديود	فِعْلًا، اَلنَّظَافَةُ أَمْرٌ مُهِمٌّ عِنْدَكُمْ.	ڈیوڈ	واقعی، صفائی کی تمھارے ہاں بہت اہمیت ہے۔
بدر	وَهُنَاكَ نَوْعٌ ثَالِثٌ مِنَ النَّظَافَةِ.	بدر	صفائی کی ایک تیسری قسم بھی ہے۔
ديود	مَا هُوَ؟	ڈیوڈ	وہ کونسی؟

بدر	نَظَافَةُ النَّفْسِ.	بدر	نفس کی صفائی۔
ديود	مَاذَا تَقْصِدُ؟	ڈیوڈ	کیا مطلب؟
بدر	يَجِبُ أَنْ يَكُونَ الْمُسْلِمُ نَظِيفَ الْقَلْبِ، يُحِبُّ الْخَيْرَ لِأَخِيهِ، كَمَا يُحِبُّهُ لِنَفْسِهِ.	بدر	ضروری ہے کہ مسلمان کا دل بھی صاف ہو۔ وہ اپنے بھائی کے لیے بھلائی کو ایسے ہی پسند کرے جیسے اپنی ذات کے لیے کرتا ہے۔
ديود	شُكْرًا يَا بَدْرُ! فَقَدْ تَعَلَّمْتُ مِنْكَ الْيَوْمَ الْكَثِيرَ.	ڈیوڈ	شکریہ بدر! آج میں نے تم سے بہت کچھ سیکھا ہے۔

فِي الْمَكْتَبَةِ | کتابوں کی دکان میں

أحمد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	احمد	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
تاجر	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	تاجر	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
أحمد	هَلْ عِنْدَكُمْ مُصْحَفُ الْمَدِينَةِ؟	احمد	کیا آپ کے پاس مصحفِ مدینہ ہے؟
تاجر	نَعَمْ، عِنْدَنَا مُصْحَفُ الْمَدِينَةِ.	تاجر	جی، ہمارے پاس مصحفِ مدینہ ہے۔
أحمد	هَلْ عِنْدَكُمْ كُتُبٌ لِتَعْلِيمِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ؟	احمد	کیا آپ کے پاس عربی زبان سکھانے کے لیے کتابیں ہیں؟
تاجر	نَعَمْ، هِيَ مَوْجُودَةٌ عِنْدَنَا.	تاجر	جی ہاں، ہمارے پاس یہ موجود ہیں۔
أحمد	هَلْ عِنْدَكُمْ كُتُبٌ لِتَعْلِيمِ اللُّغَةِ الْأُرْدِيَّةِ؟	احمد	کیا آپ کے پاس اردو زبان سکھانے کے لیے کتابیں ہیں؟
تاجر	نَعَمْ، هِيَ مَوْجُودَةٌ أَيْضًا عِنْدَنَا.	تاجر	جی، ہمارے پاس یہ بھی موجود ہیں۔
أحمد	هَلْ عِنْدَكُمْ كُتُبٌ لِتَعْلِيمِ اللُّغَةِ الْإِنْجِلِيزِيَّةِ؟	احمد	کیا آپ کے پاس انگریزی سکھانے کے لیے کتابیں ہیں؟
تاجر	نَعَمْ، هِيَ مَوْجُودَةٌ أَيْضًا.	تاجر	جی ہاں، یہ بھی موجود ہیں۔
أحمد	هَلْ عِنْدَكُمْ كُتُبُ الْقِصَصِ وَالْعِبَرِ؟	احمد	کیا آپ کے پاس کہانیوں اور نصیحتوں کی کتابیں ہیں؟
تاجر	نَعَمْ، عِنْدَنَا كُتُبُ الْقِصَصِ وَالْعِبَرِ	تاجر	جی، ہمارے پاس کہانیوں اور نصیحتوں کی کتابیں ہیں۔
أحمد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ مَجْمُوعَةً مِّنْ كُتُبِ الْقِصَصِ لِلْأَطْفَالِ.	احمد	میں بچوں کے لیے کہانیوں کی کتابوں کا مجموعہ خریدنا چاہتا ہوں۔

	وَأُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ صَحِيحَ الْبُخَارِيِّ.		اور میں صحیح بخاری خریدنا چاہتا ہوں۔
أحمد	هَلْ عِنْدَكُمْ كُتُبٌ فِي تَارِيخِ الْإِسْلَامِ؟	احمد	کیا آپ کے پاس تاریخ اسلام کی کتب ہیں؟
تاجر	نَعَمْ، عِنْدَنَا كُتُبُ التَّارِيخِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ. خُذْ، هٰذَا فِهْرِسُ الْكُتُبِ الْمُخْتَلِفَةِ.	تاجر	جی ہاں، ہمارے پاس تاریخ اور دوسرے موضوعات پر کتابیں ہیں، لیجیے، یہ مختلف کتابوں کی فہرست ہے۔
أحمد	هَلْ عِنْدَكُمْ قَامُوسٌ فِي اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ؟	احمد	کیا آپ کے پاس عربی زبان کی لغت (ڈکشنری) ہے؟
تاجر	نَعَمْ، مَوْجُودٌ.	تاجر	جی، موجود ہے۔
أحمد	هَلْ عِنْدَكُمْ مَجَلَّاتٌ وَصُحُفٌ جَدِيدَةٌ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ؟	احمد	کیا آپ کے پاس عربی زبان کے نئے رسالے اور اخبارات ہیں؟
تاجر	نَعَمْ، وَفِي اللُّغَاتِ الْأُخْرٰى أَيْضًا.	تاجر	جی ہاں، اور دوسری زبانوں کے رسائل بھی ہیں۔
أحمد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ كُتُبَ السُّنَّةِ السِّتَّةَ.	احمد	میں حدیث کی ''کتب ستہ'' خریدنا چاہتا ہوں۔
تاجر	عِنْدَنَا جَمِيعُ كُتُبِ الْأَحَادِيثِ.	تاجر	ہمارے پاس احادیث کی تمام کتب موجود ہیں۔
أحمد	كَمْ قِيمَةُ هٰذَا الْكِتَابِ؟	احمد	اس کتاب کی کتنی قیمت ہے؟
تاجر	مِائَةُ رِيَالٍ.	تاجر	سو ریال۔
أحمد	كَمْ سِعْرُ فَتَاوَى ابْنِ تَيْمِيَّةَ؟	احمد	فتاویٰ ابن تیمیہ کی کتنی قیمت ہے؟
تاجر	أَلْفُ رِيَالٍ.	تاجر	ایک ہزار ریال۔

أحمد	مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي هٰذَا الْكِتَابَ وَذَاكَ. كَمْ قِيمَةُ هٰذِهِ الْكُتُبِ؟	احمد	براہِ مہربانی یہ اور وہ کتاب مجھے دے دیں۔ ان کتب کی کتنی قیمت ہے؟
تاجر	خَمْسُ مِائَةِ رِيَالٍ.	تاجر	پانچ سو ریال۔
أحمد	مَاشَاءَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْكُتُبُ رَخِيصَةٌ.	احمد	ماشاء اللہ یہ کتابیں سستی ہیں۔
تاجر	بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ يَا أَخِي.	تاجر	بھائی! اللہ تعالیٰ آپ کو برکتوں سے نوازے۔
أحمد	مَعَ السَّلَامَةِ يَا أَخِي.	احمد	بھائی! آپ سلامتی سے رہیں۔
تاجر	مَعَ السَّلَامَةِ.	تاجر	آپ بھی سلامتی سے رہیں۔

اَلاِمْتِحَانُ النِّهَائِيُّ | فائنل امتحان

	اَلاِمْتِحَانُ النِّهَائِيُّ		فائنل امتحان
سعيد	كَيْفَ حَالُكَ يَا أَحْمَدُ؟	سعید	احمد! تمھارا کیا حال ہے؟
أحمد	أَنَا بِخَيْرٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	احمد	میں خیریت سے ہوں، الحمد للہ۔
سعيد	هَلْ عَرَفْتَ يَا أَحْمَدُ! أَنَّ الْمَعْهَدَ قَدْ حَدَّدَ مَوْعِدَ الاِمْتِحَانِ النِّهَائِيِّ؟	سعید	احمد! کیا تمھیں پتا ہے کہ معہد نے فائنل امتحان کی تاریخ مقرر کر دی ہے؟
أحمد	نَعَمْ ، وَهٰذَا مَا أَسْتَعِدُّ لَهُ الْآنَ.	احمد	ہاں، میں اب اسی کی تیاری کر رہا ہوں۔
سعيد	هَلْ ذَاكَرْتَ جَمِيعَ الْمَوَادِّ؟	سعید	کیا تم نے تمام سلیبس دہرا لیا؟
أحمد	نَعَمْ، ذَاكَرْتُهَا جَمِيعًا، لٰكِنِّي أَحْتَاجُ إِلٰى مُرَاجَعَةِ بَعْضِ الْمَوْضُوعَاتِ.	احمد	جی ہاں، میں نے تمام سلیبس دہرا لیا ہے، لیکن مجھے بعض موضوعات کی مراجعت کی ضرورت ہے۔
سعيد	إِذًا عَلَيْكَ أَنْ تُذَاكِرَ كَثِيرًا.	سعید	پھر تو تمھیں زیادہ دہرائی کرنی چاہیے۔
أحمد	نَعَمْ، أُذَاكِرُ كَثِيرًا حَتّٰى أَحْصُلَ عَلٰى دَرَجَاتٍ عَالِيَةٍ.	احمد	جی، میں بہت دہرائی کروں گا حتی کہ میں اچھے نمبر حاصل کر لوں۔
سعيد	هَلْ تَنْوِي الاِلْتِحَاقَ بِإِحْدٰى كُلِّيَاتِ الْجَامِعَةِ هُنَا؟	سعید	کیا تم یہاں یونیورسٹی کے کسی شعبے میں داخلہ لینے کا ارادہ رکھتے ہو؟
أحمد	نَعَمْ، وَهٰذَا مَا أَرْجُوهُ.	احمد	جی ہاں، میری یہی خواہش ہے۔
سعيد	هَلْ أَعْلَنَ الْمَعْهَدُ جَدْوَلَ الاِمْتِحَانِ؟	سعید	کیا معہد نے امتحان کے شیڈول کا اعلان کر دیا؟
أحمد	نَعَمْ، يَا سَعِيدُ! وَهُوَ مُعَلَّقٌ عَلٰى لَوْحَةِ الْإِعْلَانَاتِ.	احمد	جی ہاں، سعید! وہ نوٹس بورڈ پر آویزاں ہے۔

سعيد	كَمْ عَدَدُ أَيَّامِ الِامْتِحَانِ؟	سعید	امتحان میں کتنے دن لگیں گے؟
أحمد	سِتَّةُ أَيَّامٍ.	احمد	چھ دن۔
سعيد	وَمَتَى يَبْدَأُ؟	سعید	اور شروع کب ہوگا؟
أحمد	يَوْمَ السَّبْتِ الْأَوَّلِ مِنْ شَهْرِ شَعْبَانَ.	احمد	ماہ شعبان کے پہلے ہفتے کے دن۔
سعيد	إِذَنْ يَبْقَى شَهْرٌ وَّاحِدٌ فِي الِامْتِحَانِ.	سعید	پھر تو امتحان میں ایک ماہ باقی ہے۔
أحمد	نَعَمْ، شَهْرٌ وَّاحِدٌ يَكْفِي لِمُرَاجَعَةِ الْمَوَادِّ	احمد	ہاں، سلیبس کی دہرائی کے لیے ایک مہینہ کافی ہے۔
سعيد	كَمْ عَدَدُ سَاعَاتِ الِامْتِحَانِ فِي كُلِّ مَادَّةٍ؟	سعید	ہر مضمون کے امتحان کا دورانیہ کتنا ہے؟
أحمد	سَاعَتَانِ لِكُلِّ مَادَّةٍ، مَاعَدَا مَادَّةَ التَّفْسِيرِ، فَهِيَ ثَلَاثُ سَاعَاتٍ.	احمد	ہر مضمون کے دو گھنٹے ہیں، سوائے تفسیر کے مضمون کے، اس کے تین گھنٹے ہیں۔

نَتِيجَةُ الِامْتِحَانِ		امتحان کے نتائج	
سعيد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعید	السلام علیکم۔
موظف	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	ملازم	وعلیکم السلام۔
سعيد	هَلْ ظَهَرَتْ نَتِيجَةُ امْتِحَانِ الْمُسْتَوَى الْمُتَقَدِّمِ؟	سعید	کیا آخری مرحلے کے امتحان کا رزلٹ آ گیا ہے؟
موظف	نَعَمْ، ظَهَرَتِ الْيَوْمَ صَبَاحًا.	ملازم	جی ہاں، آج صبح آیا ہے۔
سعيد	أَنَا طَالِبٌ فِي الْمُسْتَوَى الْمُتَقَدِّمِ وَأُرِيدُ أَنْ أَعْرِفَ نَتِيجَتِي	سعید	میں آخری مرحلے کا طالب علم ہوں اور اپنا رزلٹ جاننا چاہتا ہوں۔
موظف	مَرْحَبًا، اَلنَّتِيجَةُ مُعَلَّقَةٌ فِي لَوْحَةِ الْإِعْلَانَاتِ	ملازم	خوش آمدید، رزلٹ نوٹس بورڈ پر چسپاں ہے۔
سعيد	وَكَمْ عَدَدُ النَّاجِحِينَ؟	سعید	پاس ہونے والوں کی تعداد کتنی ہے؟
موظف	خَمْسَةٌ وَعِشْرُونَ.	ملازم	پچیس۔
سعيد	إِذًا رَسَبَ سَبْعَةُ طُلَّابٍ.	سعید	اس کا مطلب ہے سات طلبہ فیل ہوئے ہیں۔
موظف	لَا، رَسَبَ أَرْبَعَةٌ فَقَطْ، وَالثَّلَاثَةُ مُتَخَلِّفُونَ فِي مَادَّةٍ	ملازم	نہیں، صرف چار فیل ہوئے ہیں اور تین کی ایک مضمون میں کمپارٹ (سپلی) ہے۔
سعيد	شُكْرًا، أَتَمَنَّى أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُمْتَازِينَ.	سعید	شکریہ، میری خواہش ہے کہ میں ممتاز آؤں۔
أحمد	أَهْلًا يَا سَعِيدُ! هَلْ عَرَفْتَ نَتِيجَةَ الِامْتِحَانِ؟	احمد	سعید! خوش آمدید! کیا تم نے امتحان کا رزلٹ پتا کر لیا؟

سعيد	نَعَمْ، نَجَحْتُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	سعید	ہاں، میں پاس ہوں، الحمد للہ۔
أحمد	وَأَنَا أَيْضًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.	احمد	الحمد للہ میں بھی۔
سعيد	وَهَلْ تَنْوِي الِالْتِحَاقَ بِالْجَامِعَةِ؟	سعید	کیا تم یونیورسٹی میں داخلہ لینا چاہتے ہو؟
أحمد	نَعَمْ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	احمد	ہاں، ان شاء اللہ۔
سعيد	فِي أَيِّ كُلِّيَّةٍ؟	سعید	کس شعبے میں؟
أحمد	فِي كُلِّيَّةِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ.	احمد	شعبہ عربی زبان میں۔
سعيد	لِمَاذَا هٰذِهِ الْكُلِّيَّةُ دُونَ غَيْرِهَا؟	سعید	دیگر شعبوں کو چھوڑ کر اسی شعبے ہی میں کیوں؟
أحمد	لِأَنِّي أُحِبُّ أَنْ أَعْمَلَ مُعَلِّمًا لِلُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ فِي مَدِينَتِي.	احمد	کیونکہ میں پسند کرتا ہوں کہ میں اپنے شہر میں عربی زبان کے معلم کے طور پر کام کروں۔
سعيد	وَفَّقَكَ اللّٰهُ.	سعید	اللہ تمھیں توفیق بخشے۔
أحمد	وَأَنْتَ أَيْضًا.	احمد	اور تمھیں بھی۔

جَائِزَةُ التَّفَوُّقِ | نمایاں کارکردگی کا انعام

أَقَامَتِ الْمَدْرَسَةُ حَفْلًا بِمُنَاسَبَةِ تَوْزِيعِ جَائِزَةِ التَّفَوُّقِ عَلَى الْمُتَعَلِّمِينَ الْفَائِقِينَ. وَكَانَ أَحْمَدُ قَدْ حَصَلَ عَلَى الدَّرَجَةِ الْأُولَى بِالصَّفِّ الثَّانِي. وَبَعْدَ تَسَلُّمِ أَحْمَدَ جَائِزَةَ التَّفَوُّقِ أَجْرَى مَعَ زَمِيلِهِ سَعِيدٍ هٰذَا الْحِوَارَ:

مدرسہ نے پوزیشن ہولڈر طلبہ کو نمایاں کارکردگی پر انعام دینے کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد کی۔ احمد نے دوسری کلاس میں پہلی پوزیشن حاصل کی تھی۔ پوزیشن کا انعام وصول کرنے کے بعد اس نے اپنے دوست سعید سے یہ مکالمہ کیا:

سعيد	مَا أَسْبَابُ تَفَوُّقِكَ وَحُصُولِكَ عَلَى الدَّرَجَةِ الْأُولَى؟	سعید	تمھاری اس برتری اور پہلی پوزیشن حاصل کرنے کے کیا اسباب ہیں؟
أحمد	إِنَّ أَسْبَابَ النَّجَاحِ وَالتَّفَوُّقِ مُتَاحَةٌ لِلْجَمِيعِ، وَكُلُّ مُتَعَلِّمٍ يَسْتَطِيعُ أَنْ يَتَفَوَّقَ إِذَا اجْتَهَدَ فِي الدِّرَاسَةِ.	احمد	کامیابی اور برتری کے اسباب تو سب کو میسر آتے ہیں۔ اور ہر طالب علم ہی اگر پڑھائی میں محنت کرے تو وہ آگے بڑھ سکتا ہے۔
سعيد	اُذْكُرْ لِي أَهَمَّ صِفَاتِكَ الَّتِي سَاعَدَتْكَ عَلَى النَّجَاحِ وَالتَّفَوُّقِ.	سعید	مجھے بتاؤ کہ وہ کون سی اہم خوبیاں ہیں جنھوں نے اس کامیابی اور برتری میں تمھاری مدد کی۔
أحمد	إِنَّ النِّظَامَ مِنْ أَهَمِّ الصِّفَاتِ الَّتِي يُسَاعِدُ عَلَى النَّجَاحِ وَالتَّفَوُّقِ. فَأَنَا مُنَظَّمٌ جِدًّا، وَكَذٰلِكَ حُبِّي الشَّدِيدُ لِلْقِرَاءَةِ، فَكَثِيرًا مَّا أَقْرَأُ قِصَصًا جَمِيلَةً فِي الْمَكْتَبَةِ.	احمد	یقیناً سب سے اہم خوبی تو نظم و ضبط ہے جو کامیابی اور برتری میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ میں بہت منظّم ہوں۔ ایسے ہی پڑھائی کے ساتھ میری شدید محبت۔ میں لائبریری میں خوبصورت واقعات بہت زیادہ پڑھتا ہوں۔
سعيد	هَلْ هُنَاكَ مَنْ سَاعَدَكَ لِلْحُصُولِ عَلَى الدَّرَجَةِ الْأُولَى؟	سعید	کیا کسی شخص نے پہلی پوزیشن حاصل کرنے میں تمھاری مدد کی؟

أحمد	نَعَمْ، هُمْ أُسْرَتِي وَ أَسَاتِذَتِي الَّذِينَ سَاعَدُونِي عَلَى التَّفَوُّقِ، وَأَنَا أَتَقَدَّمُ بِالشُّكْرِ لَهُمْ مِنْ أَعْمَاقِ قَلْبِي	احمد	جی ہاں، وہ میرے اہل خانہ اور اساتذہ کرام ہیں جنھوں نے پوزیشن کے حصول میں میری مدد کی، میں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے ان سب کا شکر گزار ہوں۔
سعيد	بِمَاذَا تَشْعُرُ وَأَنْتَ تَحْمِلُ بَيْنَ يَدَيْكَ جَائِزَةَ التَّفَوُّقِ؟	سعید	تم کیا محسوس کر رہے ہو جبکہ تم نے نمایاں کارکردگی کا انعام اپنے ہاتھوں میں اٹھایا ہوا ہے؟
أحمد	أَنَا أَشْعُرُ بِالْفَرْحَةِ، وَأَتَمَنَّى أَنْ أُوَاصِلَ هٰذَا النَّجَاحَ فِي حَيَاتِي كُلِّهَا.	احمد	مجھے خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ میری تمنا ہے کہ میں اس کامیابی کو اپنی ساری زندگی برقرار رکھوں۔

عَامٌ دِرَاسِيٌّ جَدِيدٌ | نیا تعلیمی سال

بَعْدَ انْتِهَاءِ الْعُطْلَةِ السَّنَوِيَّةِ ذَهَبَ أَحْمَدُ إِلَى مَدْرَسَتِهِ، وَأَخَذَ يَتَنَقَّلُ بِبَصَرِهِ بَيْنَ الْوُجُوهِ، وَلَمَحَ مِنْ بَعِيدٍ صَدِيقَهُ سَعِيدًا، فَأَسْرَعَ إِلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ.

سالانہ چھٹیاں ختم ہونے کے بعد احمد اپنے مدرسہ گیا اور مختلف چہروں پر نظر دوڑانے لگا، دور سے اس کی نظر اپنے دوست سعید پر پڑی تو وہ جلدی سے اس کے پاس گیا اور اسے سلام کیا۔

أحمد	كَيْفَ حَالُكَ يَا صَدِيقِي؟	احمد	میرے دوست! تمھارا کیا حال ہے؟
سعيد	بِخَيْرٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	سعید	خیریت سے ہوں، الحمد للہ۔
أحمد	كَيْفَ قَضَيْتَ عُطْلَتَكَ السَّنَوِيَّةَ؟	احمد	تم نے سالانہ چھٹیاں کیسے گزاریں؟
سعيد	قَضَيْتُهَا فِي اللَّهْوِ وَاللَّعِبِ	سعید	میں نے انھیں کھیل کود میں گزارا۔
أحمد	أَلَمْ تَسْتَفِدْ مِنْ وَقْتِكَ يَا سَعِيدُ؟	احمد	سعید! کیا تم نے اپنے وقت سے فائدہ نہیں اٹھایا؟
سعيد	بَلَى، اِسْتَفَدْتُ الرَّاحَةَ وَالِاسْتِجْمَامَ	سعید	کیوں نہیں، میں نے آرام کرنے اور دل بہلانے کا فائدہ اٹھایا ہے۔
أحمد	يَا صَدِيقِي! إِنَّ الرَّاحَةَ مَطْلُوبَةٌ، وَلٰكِنْ عَلَيْنَا أَنْ نَسْتَفِيدَ مِنْ أَوْقَاتِنَا.	احمد	میرے دوست! یقیناً آرام کرنا بھی ضروری ہے مگر لازم ہے کہ ہم اپنے اوقات سے فائدہ اٹھائیں۔
سعيد	هٰذَا صَحِيحٌ، وَلٰكِنْ قُلْ لِّي كَيْفَ قَضَيْتَ أَنْتَ عُطْلَتَكَ؟	سعید	یہ تو ہے مگر مجھے بتاؤ کہ تم نے اپنی چھٹیاں کیسے گزاریں؟
أحمد	لَقَدْ حَاوَلْتُ أَنْ أَسْتَفِيدَ مِنْ وَقْتِ الْعُطْلَةِ بِشَكْلٍ جَيِّدٍ يَا سَعِيدُ.	احمد	سعید! میں نے پوری کوشش کی کہ چھٹیوں کے وقت سے اچھی طرح فائدہ اٹھاؤں۔

سعيد	وَهَلْ تَمَكَّنْتَ مِنْ ذٰلِكَ؟	سعید	کیا تم اس میں کامیاب بھی ہوئے؟
أحمد	نَعَمْ يَا صَدِيقِي! فَقَدِ اشْتَرَكْتُ فِي أَحَدِ الْأَنْدِيَةِ لِأُمَارِسَ لُعْبَتِي الْمُفَضَّلَةَ كُرَةَ الْقَدَمِ، كَمَا كُنْتُ أُخَصِّصُ وَقْتًا لِلْقِرَاءَةِ.	احمد	جی ہاں، میرے دوست! میں ایک کلب میں شریک ہو گیا تا کہ اپنے پسندیدہ کھیل فٹبال کی پریکٹس کروں۔ ایسے ہی میں نے ایک وقت پڑھائی کے لیے خاص کیا ہوا تھا۔
سعيد	وَمَاذَا كُنْتَ تَقْرَأُ؟	سعید	تم کیا پڑھتے تھے؟
أحمد	قَرَأْتُ بَعْضَ الْقِصَصِ الْإِسْلَامِيَّةِ، لِأَنَّ الْقِرَاءَةَ تُغَذِّي الْعَقْلَ وَتَزِيدُ مَعَارِفَ الْإِنْسَانِ.	احمد	میں نے چند اسلامی واقعات پڑھے کیونکہ مطالعہ عقل کو غذا فراہم کرتا ہے اور بندے کی معلومات میں اضافہ کرتا ہے۔
سعيد	لَقَدْ تَعَلَّمْتُ مِنْكَ دَرْسًا مُفِيدًا يَا صَدِيقِي! قَدْ تَعَلَّمْتُ ضَرُورَةَ الْاِسْتِفَادَةِ مِنَ الْوَقْتِ وَتَنْظِيمِهِ.	سعید	میرے دوست! میں نے تم سے ایک مفید سبق سیکھا ہے۔ میں نے سیکھا ہے کہ وقت اور نظم وضبط سے فائدہ اٹھانا ضروری ہے۔
أحمد	نَعَمْ، يَا سَعِيدُ! فَتَنْظِيمُ الْوَقْتِ يُسَهِّلُ عَلَيْنَا الْاِسْتِفَادَةَ مِنْهُ. وَهَا نَحْنُ مُقْبِلُونَ عَلٰى عَامٍ دِرَاسِيٍّ جَدِيدٍ يَتَطَلَّبُ مِنَّا تَنْظِيمَ أَوْقَاتِنَا، لِيَسْهُلَ عَلَيْنَا تَحْصِيلُ الْعِلْمِ وَتَحْقِيقُ النَّجَاحِ.	احمد	ہاں، سعید! وقت کو منظم کر لینے سے اس سے فائدہ اٹھانا آسان ہو جاتا ہے۔ اور دیکھو ہم نئے تعلیمی سال کا آغاز کرنے جا رہے ہیں، یہ سال ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم اپنے اوقات کو منظم کریں تا کہ حصولِ علم اور یقینی کامیابی ہمارے لیے آسان ہو جائے۔
سعيد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، نَحْنُ فِي بِدَايَةِ عَامٍ دِرَاسِيٍّ جَدِيدٍ.	سعید	الحمد للہ، ہم نئے تعلیمی سال کا آغاز کرنے والے ہیں۔

فِي الْمَنْزِلِ | گھر میں

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
أحمد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	احمد	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔
سعد	كَيْفَ حَالُكَ يَا أَخِي؟	سعد	بھائی جان! آپ کا کیا حال ہے؟
أحمد	أَنَا بِخَيْرٍ وَّكَيْفَ حَالُكَ أَنْتَ؟ قُدُومٌ مُّبَارَكٌ.	احمد	میں خیریت سے ہوں، آپ کا کیا حال ہے؟ آپ کا آنا مبارک ہو۔
سعد	أَنَا أَيْضًا بِخَيْرٍ، بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ.	سعد	میں بھی خیریت سے ہوں، اللہ تعالیٰ آپ کو برکت دے۔
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا وَالِدَتِي الْحَنُونَةُ.	سعد	میری مہربان امی جان! السلام علیکم۔
الوالدة	وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَاوَلَدِي الْعَزِيزُ.	والدہ	وعلیکم السلام! میرے پیارے بیٹے۔
سعد	أَيْنَ الْوَالِدُ الْكَرِيمُ؟	سعد	والد محترم کہاں ہیں؟
الوالدة	ذَهَبَ لِزِيَارَةِ عَمِّكُمْ، وَسَيَعُودُ بَعْدَ أَيَّامٍ.	والدہ	تمھارے چچا سے ملنے گئے ہیں اور کچھ دنوں کے بعد آئیں گے۔
سعد	يَا أُمِّي! أَرْجُو مُسَاعَدَتِي فِي تَرْتِيبِ غُرْفَتِي.	سعد	امی جان! میں چاہتا ہوں کہ میرا کمرہ ترتیب دینے میں میری مدد کی جائے۔
الوالدة	لَا بَأْسَ، تُسَاعِدُكَ إِحْدٰى أَخَوَاتِكَ.	والدہ	کوئی حرج نہیں، تمھاری کوئی بہن تمھارا تعاون کردے گی۔
سعد	يَا أُخْتِي! أَحْتَاجُ إِلٰى مُسَاعَدَتِكِ الْيَوْمَ.	سعد	میری بہن! مجھے آج آپ کے تعاون کی ضرورت ہے۔

الأُخت	بِكُلِّ فَرَحٍ وَّسُرُورٍ.	بہن	بڑی خوشی اور مسرت کے ساتھ۔
سعد	شُكْرًا لَّكِ يَا أُخْتِي.	سعد	میری بہن! آپ کا شکریہ۔
الأخت	أَوَّلًا أَغْسِلُ مَلَابِسَكَ الْوَسِخَةَ، ثُمَّ أَعْمِدُ إِلٰى أَشْيَاءَ أُخْرٰى.	بہن	پہلے میں آپ کے میلے کپڑے دھوئے دیتی ہوں پھر دوسری چیزوں کا قصد کرتی ہوں۔
سعد	أَشْكُرُكِ عَلٰى هٰذِهِ الْمُسَاعَدَةِ.	سعد	اس تعاون پر میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔
الأخت	لَا شُكْرَ عَلٰى وَاجِبٍ يَّا أَخِي.	بہن	بھائی جان! فرض کام پر شکریہ کیسا؟
سعد	أَعَانَكِ اللّٰهُ يَا أُخْتِي.	سعد	میری بہن! اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔
الأخت	وَأَعَانَكَ أَيْضًا وَّوَفَّقَكَ.	بہن	اور آپ کی بھی مدد فرمائے اور آپ کو توفیق بخشے۔

حِوَارٌ مَنْزِلِيٌّ | گھریلو مکالمہ

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
الوالدة	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	والدہ	وعلیکم السلام۔
سعد	كَيْفَ حَالُكِ يَا أُمِّي الْحَنُونَةُ؟	سعد	میری مہربان ماں! آپ کا کیا حال ہے؟
الوالدة	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَا بِخَيْرٍ يَا وَلَدِي.	والدہ	اللہ کا شکر ہے، میرے بیٹے! میں خیر و عافیت سے ہوں۔
سعد	هَلْ رَجَعَ الْوَالِدُ مِنْ سَفَرِهِ؟	سعد	کیا ابو جان سفر سے لوٹ آئے ہیں؟
الوالدة	نَعَمْ يَاوَلَدِي! وَلٰكِنَّهُ خَرَجَ إِلَى السُّوقِ.	والدہ	جی بیٹا! لیکن وہ بازار تک گئے ہیں۔
سعد	مَا هِيَ أَخْبَارُهُ؟	سعد	ان کا کیا حال ہے؟
الوالدة	يَتَمَتَّعُ بِصِحَّةٍ جَيِّدَةٍ.	والدہ	بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں۔
سعد	وَبِمَاذَا أَخْبَرَكِ عَنْ حَالِ الْعَمَّةِ وَأُسْرَتِهَا؟	سعد	انھوں نے پھوپھی جان اور ان کے اہل خانہ کے بارے میں آپ کو کیا بتایا ہے؟
الوالدة	قَالَ: كُلُّهُمْ بِخَيْرٍ وَّ يُسَلِّمُونَ عَلَيْكُمْ.	والدہ	انھوں نے کہا ہے کہ وہ سب خیریت سے ہیں اور تم لوگوں کو سلام کہتے ہیں۔
سعد	وَعَلَيْكِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ، أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ اللَّوَازِمِ مِنَ السُّوقِ.	سعد	وَعَلَيْكِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ. میں مارکیٹ سے کچھ ضروری چیزیں خریدنا چاہتا ہوں۔
الوالدة	إِلٰى أَيِّ سُوقٍ تَذْهَبُ؟	والدہ	کون سی مارکیٹ جاؤ گے؟

سعد	إِلَى السُّوقِ الْمَرْكَزِيِّ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	مین مارکیٹ، ان شاء اللہ۔
الوالدة	أَرْجُو أَنْ تَشْتَرِيَ لِي عَصِيرَ الرُّمَّانِ يَا وَلَدِي.	والدہ	بیٹا! میرے لیے انار کا جوس لیتے آنا۔
سعد	بِكُلِّ فَرَحٍ وَّسُرُورٍ يَا أُمِّي، جُعِلْتُ فِدَاكِ.	سعد	امی جان! بڑی خوشی کے ساتھ، میں آپ پر قربان۔
الوالدة	اِذْهَبْ بِّعَوْنِ اللّٰهِ وَعَلَيْكَ بِالِاحْتِيَاطِ.	والدہ	اللہ کے حوالے، دھیان سے جانا۔
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أُمِّي!	سعد	السلام علیکم امی جان!
الوالدة	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ يَا وَلَدِي، رَعَاكَ اللّٰهُ.	والدہ	وعلیکم السلام میرے بیٹے! اللہ تمھاری حفاظت کرے۔

	مَعَ الْوَالِدِ		باپ کے ساتھ
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
الوالد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	والد	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
سعد	كَيْفَ حَالُكَ يَا أَبِي؟	سعد	ابو جان! آپ کا کیا حال ہے؟
الوالد	بِخَيْرٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	والد	خیریت سے ہوں، الحمد للہ۔
سعد	كَيْفَ كَانَ السَّفَرُ؟	سعد	سفر کیسا رہا؟
الوالد	مُرِيحٌ وَّمُمْتِعٌ.	والد	پُرسکون اور فائدہ مند۔
سعد	كَمْ يَسْتَغْرِقُ الْوَقْتَ مِنَ الْجِهَةِ الْوَاحِدَةِ؟	سعد	ایک طرف کا کتنا وقت لگتا ہے؟
الوالد	حَوَالَيْ خَمْسِ سَاعَاتٍ.	والد	تقریباً پانچ گھنٹے۔
سعد	إِنَّهُ سَفَرٌ طَوِيلٌ، وَهَلْ كَانَ الْبَاصُّ مُكَيَّفًا؟	سعد	یہ تو طویل سفر ہے، کیا بس ایئر کنڈیشنڈ تھی؟
الوالد	نَعَمْ، يَا وَلَدِي.	والد	جی بیٹا۔
سعد	وَهَلْ تَوَقَّفَ الْبَاصُّ فِي الطَّرِيقِ يَا أَبَتَاهُ؟	سعد	ابا جان! کیا بس نے کہیں سٹاپ بھی کیا تھا؟
الوالد	نَعَمْ، تَوَقَّفَ مَرَّةً لِلصَّلَاةِ.	والد	ہاں، ایک بار نماز کے لیے سٹاپ کیا تھا۔
سعد	وَ كَيْفَ كَانَ حَالُ الْعَمَّةِ وَأُسْرَتِهَا؟	سعد	پھوپھی جان اور ان کے اہل خانہ کا کیا حال تھا؟
الوالد	كَانُوا بِخَيْرٍ، وَيُسَلِّمُونَ عَلَيْكُمْ.	والد	وہ سب خیریت سے تھے اور تمھیں سلام کہتے تھے۔
سعد	وَعَلَيْكَ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ.	سعد	آپ پر اور ان پر سلامتی ہو۔

	مَعَ الْأُسْرَةِ		اہل خانہ کے ساتھ
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
الوالد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، أَيْنَ كُنْتَ يَاوَلَدِي؟	والد	وعلیکم السلام بیٹا! تم کہاں تھے؟
سعد	كُنْتُ فِي زِيَارَةِ أَحَدِ أَصْدِقَائِي.	سعد	میں اپنے ایک دوست سے ملنے گیا تھا۔
الوالدة	هَلْ تَغَدَّيْتَ يَا وَلَدِي؟	والدہ	بیٹا! کیا تم نے کھانا کھا لیا ہے؟
سعد	لَا، إِنَّنِي جَوْعَانُ جِدًّا.	سعد	نہیں، مجھے بہت بھوک لگی ہوئی ہے۔
الوالد	تَفَضَّلْ مَعَنَا، وَتَغَدَّ ثُمَّ خُذْ رَاحَتَكَ.	والد	آؤ ہمارے ساتھ بیٹھو! کھانا کھاؤ پھر کچھ دیر آرام کر لینا۔
سعد	نَعَمْ، يَا وَالِدِي.	سعد	جی، ابا جان۔
الوالدة	مَاذَا تُرِيدُ أَنْ تَأْكُلَ؟	والدہ	تم کیا کھانا چاہتے ہو؟
سعد	أُرِيدُ الْأَرُزَّ وَاللَّحْمَ وَالْبَامِيَا.	سعد	میں چاول، گوشت اور بھنڈی کھانا پسند کروں گا۔
الوالد	هَلْ تُفَضِّلُ الشُّرْبَ مِنَ الْعَصِيرَاتِ أَمْ مِّنَ الْمَشْرُوبَاتِ الْغَازِيَّةِ؟	والد	کوئی جوس پینا پسند کرو گے یا کولڈ ڈرنکس؟
سعد	سَأَشْرَبُ عَصِيرَ الْبُرْتُقَالِ وَالْجَزَرِ	سعد	میں مالٹے اور گاجر کا جوس پیوں گا۔
الوالدة	خُذْ هٰذَا الطَّبَقَ يَا وَلَدِي.	والدہ	بیٹا! یہ ٹرے پکڑو۔
سعد	أَعْطِنِي صَحْنًا وَّمِلْعَقَةً.	سعد	مجھے ایک پلیٹ اور ایک چمچ دے دیں۔
الوالدة	خُذْ يَا وَلَدِي.	والدہ	لو، بیٹا۔
سعد	أُرِيدُ مَزِيدًا مِّنَ الْمَرَقِ وَالْأَرُزِّ	سعد	مجھے مزید شوربا اور چاول چاہئیں۔

الوالد	خُذْ يَا وَلَدِي! وَلَا تَسْتَحْيِ.	والد	لو بیٹا، شرم نہ کرو۔
سعد	أَلَيْسَ لَدَيْكُمْ لَبَنٌ زَبَادِيٌّ؟	سعد	کیا آپ کے پاس دہی نہیں ہے؟
الوالدة	بَلَى، هُوَ مَوْجُودٌ وَهُوَ طَازَجٌ وَبَارِدٌ.	والدہ	کیوں نہیں، تازہ اور ٹھنڈا دہی موجود ہے۔
سعد	يَا أُخْتِي! مَالِي أَرَاكِ كَسْلَانَةً؟	سعد	میری بہن! کیا بات ہے تم کچھ سست نظر آرہی ہو؟
الأخت	كُنْتُ أَسْتَعِدُّ لِلِاخْتِبَارِ وَتَعِبْتُ.	بہن	میں امتحانات کی تیاری کر رہی تھی، تھک گئی ہوں۔

مَعَ الصَّدِيقِ | دوست کے ساتھ

جَاءَ خَالِدٌ صَدِيقَهُ أَحْمَدَ لِيَذْهَبَ مَعَهُ لِلَعِبٍ وَثِيَابُهُ مُبْتَلٌّ.

خالد گیلے کپڑوں میں اپنے دوست احمد کے پاس آیا تا کہ اس کے ساتھ کھیلنے کے لیے جائے۔

خالد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	خالد	السلام علیکم۔
أحمد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ. كَيْفَ الْجَوُّ فِي الْخَارِجِ؟	احمد	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ باہر موسم کیسا ہے؟
خالد	اَلسَّمَاءُ تُمْطِرُ الْآنَ.	خالد	اب بارش ہو رہی ہے۔
أحمد	لِمَاذَا مَا جِئْتَ بِالْمِظَلَّةِ؟	احمد	تم چھتری کیوں نہیں لائے؟
خالد	نَسِيتُهَا فِي الْبَيْتِ.	خالد	میں وہ گھر بھول گیا۔
أحمد	اِشْرَبْ هٰذَا الشَّايَ، هُوَ دَافِئٌ.	احمد	یہ چائے پیو، یہ گرم ہے۔
خالد	بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ.	خالد	اللہ تعالیٰ تمھیں برکت دے۔
أحمد	هَلْ نَذْهَبُ إِلَى الْمَلْعَبِ الْآنَ؟	احمد	کیا اب ہم کھیل کے میدان میں چلیں؟
خالد	اَلْمَاءُ كَثِيرٌ جِدًّا فِي الْخَارِجِ.	خالد	باہر بہت زیادہ پانی ہے۔
أحمد	مَاذَا نَفْعَلُ؟	احمد	پھر کیا کریں؟
خالد	نَبْقَى فِي الْبَيْتِ.	خالد	ہم گھر ہی میں رہتے ہیں۔
أحمد	نَذْهَبُ غَدًا إِلَى الْمَلْعَبِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	احمد	ان شاء اللہ ہم کل گراؤنڈ میں جائیں گے۔
خالد	هٰذِهِ فِكْرَةٌ طَيِّبَةٌ.	خالد	یہ اچھا خیال ہے۔

فِي الْمَطْبَخِ | کچن میں

سعد	هَلِ الْمَطْبَخُ وَاسِعٌ يَا بَكْرُ؟	سعد	بکر! کیا کچن کشادہ ہے؟
بكر	نَعَمْ، اَلْمَطْبَخُ وَاسِعٌ وَلَهُ شُرْفَةٌ.	بکر	جی ہاں، کچن کشادہ ہے اور اس کی ایک بالکنی بھی ہے۔
سعد	وَهَلْ هُوَ قَرِيبٌ مِّنْ حُجْرَةِ الطَّعَامِ؟	سعد	کیا وہ کھانے کے کمرے کے قریب ہے؟
بكر	نَعَمْ، هُوَ قَرِيبٌ مِّنْ حُجْرَةِ الطَّعَامِ.	بکر	جی ہاں، وہ کھانے کے کمرے کے قریب ہے۔
سعد	مَاذَا فِي الْمَطْبَخِ؟	سعد	کچن میں کیا کیا ہے؟
بكر	فِي الْمَطْبَخِ ثَلَّاجَةٌ، وَّمُوْقِدٌ كَهْرَبَائِيٌّ، وَرَفٌّ لِّأَدَوَاتِ الطَّعَامِ، وَرَفٌّ لِّلْأَطْبَاقِ.	بکر	کچن میں فریج، برقی چولہا، ایک الماری کھانے کی چیزوں کے لیے اور ایک پلیٹوں کے لیے ہے۔
سعد	أَيْنَ سَلَّةُ الْمُهْمَلَاتِ؟	سعد	بے کار اشیاء (کوڑا کرکٹ) کی ٹوکری کہاں ہے؟
بكر	سَلَّةُ الْمُهْمَلَاتِ فِي الْمَطْبَخِ تَحْتَ حَوْضِ الْمَاءِ.	بکر	بے کار اشیاء کی ٹوکری کچن میں پانی کے بیسن تلے ہے۔
سعد	هَلْ فِي الْمَطْبَخِ بَابٌ إِلٰى حُجْرَةِ الطَّعَامِ؟	سعد	کیا کچن میں کھانے کے کمرے کی طرف دروازہ ہے؟
بكر	نَعَمْ، فِي الْمَطْبَخِ بَابٌ إِلٰى حُجْرَةِ الطَّعَامِ.	بکر	جی ہاں، کچن میں کھانے کے کمرے کی طرف دروازہ ہے۔
سعد	كَمْ وَجْبَةً تَتَنَاوَلُ فِي الْيَوْمِ؟	سعد	آپ دن میں کتنی بار کھانا کھاتے ہیں؟

بکر	أَتَنَاوَلُ ثَلَاثَ وَجَبَاتٍ فِي الْيَوْمِ: وَجْبَةَ الْإِفْطَارِ فِي الصَّبَاحِ، وَوَجْبَةَ الْغَدَاءِ عِنْدَ الظَّهِيرَةِ، وَوَجْبَةَ الْعَشَاءِ فِي الْمَسَاءِ.	بکر	میں دن میں تین بار کھانا کھاتا ہوں: صبح کو ناشتہ، دوپہر کے وقت دوپہر کا کھانا اور رات کو رات کا کھانا۔
سعد	نَحْنُ قَوْمٌ لَا نَأْكُلُ حَتَّى نَجُوعَ، وَإِذَا أَكَلْنَا لَا نَشْبَعُ.	سعد	ہم وہ لوگ ہیں کہ ہم تبھی کھاتے ہیں جب ہمیں بھوک لگتی ہے اور جب کھاتے ہیں تو پیٹ بھر کر نہیں کھاتے۔

حَوْلَ الْمَائِدَةِ | دستر خوان کے گرد

حَانَ وَقْتُ الْغَدَاءِ. اَلْأُمُّ تُعِدُّ الطَّعَامَ وَالْبِنْتُ تُسَاعِدُهَا.

دوپہر کے کھانے کا وقت ہوا۔ ماں کھانا تیار کرتی ہے اور بیٹی اس کی مدد کرتی ہے۔

اَلْأُمُّ	هَيَّا يَا فَاطِمَةُ! جَهِّزِي الْمَائِدَةَ.	ماں	فاطمہ! آؤ، دستر خوان تیار کرو۔
فاطمة	هَلْ أَضَعُ لِكُلِّ وَاحِدٍ طَبَقًا يَا أُمِّي؟	فاطمہ	امی جان! کیا میں ہر ایک کے لیے ایک پلیٹ رکھوں؟
اَلْأُمُّ	نَعَمْ، ضَعِي أَيْضًا شَوْكَةً وَّمِلْعَقَةً وَّسِكِّينًا.	ماں	ہاں، کانٹا، چمچ اور چھری بھی رکھ دو۔
فاطمة	أَيْنَ طَبَقُ الْحَلْوٰى يَا أُمِّي؟	فاطمہ	امی جان! میٹھے کی پلیٹ کہاں ہے؟
اَلْأُمُّ	فِي الثَّلَّاجَةِ يَا فَاطِمَةُ.	ماں	فریج میں ہے فاطمہ۔
فاطمة	مِنْ فَضْلِكِ أَحْضِرِي الْخُبْزَ وَالْمِلْحَ وَإِبْرِيقَ الْمَاءِ الْبَارِدِ، يَاأُمِّي! وَضَعَتِ الْأُمُّ وَالْبِنْتُ الطَّعَامَ عَلَى الْمَائِدَةِ.	فاطمہ	براہِ مہربانی امی جان! روٹی، نمک اور ٹھنڈے پانی کا جگ لیتی آئیں۔ ماں بیٹی نے کھانا دستر خوان پر رکھا۔
اَلْأُمُّ	هَيَّا لِلْغَدَاءِ. جَلَسَ الْأَبُ وَ أَفْرَادُ الْأُسْرَةِ. تَنَاوَلَتِ الْأُسْرَةُ الطَّعَامَ وَشَرِبَتِ الْقَهْوَةَ بَعْدَ تَنَاوُلِ الطَّعَامِ.	ماں	دوپہر کے کھانے کے لیے آ جائیں۔ باپ اور کنبے کے افراد بیٹھے۔ فیملی نے کھانا کھایا اور کھانا کھانے کے بعد قہوہ پیا۔

فاطمة	كَانَ الطَّعَامُ لَذِيذًا جِدًّا.	فاطمہ	کھانا بہت لذیذ تھا۔
الأب	«اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هٰذَا وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّي وَلَا قُوَّةٍ».	باپ	”تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور مجھے یہ عطا کیا میری طرف سے بغیر کسی قوت وطاقت کے۔“

اَلْأَوْقَاتُ وَ مَعْرِفَتُهَا | اوقات اور ان کی معرفت

سعد	كَمِ السَّاعَةُ الْآنَ يَا مَحْمُودُ؟	سعد	محمود! اب کتنا وقت ہوا ہے؟
محمود	اَلْآنَ اَلسَّاعَةُ الْوَاحِدَةُ تَمَامًا	محمود	اب ٹھیک ایک بجا ہے۔
سعد	اَلْآنَ هَلِ السَّاعَةُ الثَّالِثَةُ يَا مَحْمُودُ؟	سعد	محمود! کیا اب تین بجے ہیں؟
محمود	لَا، بَلِ الْآنَ اَلسَّاعَةُ الثَّانِيَةُ تَمَامًا.	محمود	نہیں، بلکہ اب پورے دو بجے ہیں۔
سعد	مَتٰى تَخْرُجُ لِلتَّجَوُّلِ؟	سعد	تم گھومنے پھرنے کے لیے کب نکلتے ہو؟
محمود	أَخْرُجُ فِي السَّاعَةِ الثَّالِثَةِ تَمَامًا	محمود	پورے تین بجے نکلتا ہوں۔
سعد	وَمَتٰى تَرْجِعُ مِنَ التَّجَوُّلِ؟	سعد	اور گھومنے پھرنے سے لوٹتے کب ہو؟
محمود	فِي السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ تَمَامًا.	محمود	پورے چار بجے۔
سعد	مَتٰى تَذْهَبُ لِزِيَارَةِ الْأَصْدِقَاءِ؟	سعد	تم دوستوں سے ملنے کے لیے کب جاتے ہو؟
محمود	فِي السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ تَمَامًا.	محمود	پورے پانچ بجے۔
سعد	وَمَتٰى تَعُودُ إِلَى الْبَيْتِ؟	سعد	اور گھر کب واپس آتے ہو؟
محمود	أَعُودُ إِلَى الْبَيْتِ فِي السَّاعَةِ السَّادِسَةِ تَمَامًا.	محمود	میں پورے چھ بجے گھر واپس آتا ہوں۔
سعد	مَتٰى تَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ؟	سعد	تم سکول کب جاتے ہو؟
محمود	فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ صَبَاحًا.	محمود	صبح سات بجے۔
سعد	وَمَتٰى تَبْدَأُ الْحِصَّةُ الثَّانِيَةُ؟	سعد	دوسرا پیریڈ کب شروع ہوتا ہے؟
محمود	فِي السَّاعَةِ الثَّامِنَةِ تَمَامًا.	محمود	پورے آٹھ بجے۔
سعد	مَتٰى تَجْلِسُ لِمُذَاكَرَةِ الدَّرْسِ؟	سعد	تم سبق دہرانے کے لیے کب بیٹھتے ہو؟

محمود	فِي السَّاعَةِ التَّاسِعَةِ تَمَامًا.	محمود	پورے نو بجے۔
سعد	وَمَتٰى تَنْتَهِي مِنْ مُّذَاكَرَةِ الدَّرْسِ؟	سعد	سبق کی دہرائی سے کب فارغ ہوتے ہو؟
محمود	فِي السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ تَمَامًا.	محمود	پورے دس بجے۔
سعد	وَمَتٰى تَنَامُ فِي اللَّيْلِ؟	سعد	رات کو کب سوتے ہو؟
محمود	أَنَامُ فِي السَّاعَةِ الْحَادِيَةَ عَشْرَةَ تَمَامًا.	محمود	میں پورے گیارہ بجے سوتا ہوں۔
سعد	هَلْ تَدْرِي كَمِ السَّاعَةُ الْآنَ يَا مَحْمُودُ؟	سعد	محمود! کیا جانتے ہو اب کیا وقت ہوا ہے؟
محمود	اَلْآنَ اَلسَّاعَةُ الثَّانِيَةَ عَشْرَةَ تَمَامًا.	محمود	اب پورے بارہ بجے ہیں۔
سعد	هَلِ الْآنَ اَلسَّاعَةُ الْوَاحِدَةُ وَعِشْرُونَ دَقِيقَةً يَا مَحْمُودُ؟	سعد	محمود! کیا اب ایک بج کر بیس منٹ ہوئے ہیں؟
محمود	لَا، بَلِ الْآنَ اَلسَّاعَةُ الْوَاحِدَةُ، وَدَقِيقَةٌ وَّاحِدَةٌ.	محمود	نہیں، بلکہ ایک بج کر ایک منٹ ہوا ہے۔
سعد	هَلْ تَدْرِي كَمِ السَّاعَةُ الْآنَ يَا مَحْمُودُ؟	سعد	محمود! کیا تم جانتے ہو اب کیا وقت ہوا ہے؟
محمود	اَلْآنَ اَلسَّاعَةُ الْحَادِيَةَ عَشْرَةَ وَالنِّصْفُ.	محمود	اب ساڑھے گیارہ ہوئے ہیں۔
سعد	هَلِ الْآنَ اَلسَّاعَةُ الثَّانِيَةَ عَشْرَةَ تَمَامًا يَا مَحْمُودُ؟	سعد	محمود! کیا اب پورے بارہ بجے ہیں؟
محمود	لَا، بَلِ الْآنَ اَلسَّاعَةُ الثَّانِيَةَ عَشْرَةَ إِلَّا الرُّبْعَ.	محمود	نہیں، بلکہ پونے بارہ ہوئے ہیں۔

سعد	كَمِ السَّاعَةُ الْآنَ يَا مَحْمُودُ؟	سعد	محمود! اب کتنا وقت ہوا ہے؟
محمود	اَلْآنَ اَلسَّاعَةُ الثَّانِيَةَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ دَقِيقَةً.	محمود	اب بارہ بج کر پندرہ منٹ (سوا بارہ) ہوئے ہیں۔
سعد	مَتٰى تَذْهَبُ إِلَى السُّوقِ لِاشْتِرَاءِ الْخَضْرَاوَاتِ؟	سعد	سبزیاں خریدنے کے لیے بازار کب جاتے ہو؟
محمود	فِي السَّاعَةِ السَّادِسَةِ إِلَّا عَشْرَ دَقَائِقَ.	محمود	چھ بجنے میں دس منٹ کم پر۔
سعد	وَمَتٰى تَرْجِعُ مِنَ السُّوقِ؟	سعد	اور بازار سے لوٹتے کب ہو؟
محمود	فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ إِلَّا الرُّبُعَ.	محمود	پونے سات بجے۔
سعد	كَمِ السَّاعَةُ الْآنَ يَا مَحْمُودُ؟	سعد	محمود! اب کتنا وقت ہوا ہے؟
محمود	اَلْآنَ اَلسَّاعَةُ السَّابِعَةُ وَخَمْسٌ وَّثَلٰثُونَ دَقِيقَةً.	محمود	اب سات بج کر پینتیس منٹ ہوئے ہیں۔
سعد	مَتٰى تُصَلِّي الْعِشَاءَ؟	سعد	تم عشاء کی نماز کب پڑھتے ہو؟
محمود	فِي السَّاعَةِ التَّاسِعَةِ وَالرُّبُعِ.	محمود	سوا نو بجے۔
سعد	مَتٰى تَذْهَبُ إِلَى مَكَّةَ؟	سعد	تم مکہ کب جاؤ گے؟
محمود	أَذْهَبُ إِلَى مَكَّةَ بَعْدَ غَدٍ.	محمود	میں پرسوں مکہ جاؤں گا۔
سعد	مَتٰى رَجَعْتَ مِنَ الْمَدِينَةِ؟ حَرَسَهَا اللّٰهُ.	سعد	تم مدینہ سے کب واپس آئے؟ اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائے۔
محمود	رَجَعْتُ مِنَ الْمَدِينَةِ أَوَّلَ أَمْسِ.	محمود	میں مدینہ سے پرسوں لوٹا ہوں۔
سعد	هَلْ تَذْهَبُ لِلنُّزْهَةِ؟	سعد	کیا تم سیر و تفریح کے لیے جاتے ہو؟
محمود	نَعَمْ، أَذْهَبُ لِلنُّزْهَةِ كُلَّ يَوْمٍ.	محمود	جی ہاں، میں روزانہ سیر و تفریح کے لیے جاتا ہوں۔

سعد	كَم مُدَّةً تُقِيمُ فِي مَكَّةَ؟	سعد	مکہ میں کتنی مدت قیام کریں گے؟
محمود	أُقِيمُ هُنَاكَ أُسْبُوعًا كَامِلًا.	محمود	میں وہاں پورا ایک ہفتہ قیام کروں گا۔
سعد	هَلْ تَزُورُ أَصْدِقَاءَكَ الْآخَرِينَ؟	سعد	کیا تم اپنے دوسرے دوستوں سے ملتے رہتے ہو؟
محمود	نَعَمْ، أَزُورُهُم بَعْدَ كُلِّ شَهْرٍ.	محمود	جی ہاں، میں ہر ماہ بعد ان سے ملاقات کرتا ہوں۔
سعد	هَلْ لَّكَ عَوْدَةٌ إِلَى بَاكِسْتَانَ كُلَّ سَنَةٍ؟	سعد	کیا تم ہر سال پاکستان لوٹتے ہو؟
محمود	لَا، بَلْ بَعْدَ كُلِّ سَنَتَيْنِ.	محمود	نہیں، بلکہ ہر دو سال بعد۔
سعد	كَمِ اعْتَمَرْتَ فِي السَّنَةِ الْحَالِيَّةِ؟	سعد	اس سال تم نے کتنے عمرے کیے ہیں؟
محمود	اِعْتَمَرْتُ عُمْرَتَيْنِ.	محمود	میں نے دو عمرے کیے ہیں۔
سعد	إِلَى اللِّقَاءِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَى.	سعد	ان شاء اللہ تعالیٰ آئندہ ملاقات ہوگی۔

أَيَّامُ الْأُسْبُوعِ وَشُهُورُ السَّنَةِ الْقَمَرِيَّةُ وَالشَّمْسِيَّةُ

ہفتے کے دن اور سال کے قمری و شمسی مہینے

سعد	مَا هِيَ أَيَّامُ الْأُسْبُوعِ فِي اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ؟	سعد	عربی زبان میں ہفتے کے دنوں کے کیا نام ہیں؟
محمود	هِيَ: السَّبْتُ، وَالْأَحَدُ، وَالاِثْنَيْنِ، وَالثُّلَاثَاءُ، وَالْأَرْبِعَاءُ، وَالْخَمِيسُ، وَالْجُمُعَةُ.	محمود	وہ ہیں: ہفتہ، اتوار، پیر، منگل، بدھ، جمعرات اور جمعہ۔
سعد	مَتٰى تَرْجِعُ مِنَ الْعَمَلِ؟	سعد	تم کام سے کب لوٹتے ہو؟
محمود	أَرْجِعُ مِنَ الْعَمَلِ بَعْدَ الظُّهْرِ.	محمود	میں کام سے ظہر کے بعد لوٹتا ہوں۔
سعد	مَتٰى تَذْهَبُ إِلٰى بَاكِسْتَانَ؟	سعد	پاکستان کب جاؤ گے؟
محمود	أَذْهَبُ إِلٰى بَاكِسْتَانَ فِي الْأُسْبُوعِ الْقَادِمِ	محمود	میں آئندہ ہفتے پاکستان جاؤں گا۔
سعد	وَمَتٰى تَعُودُ إِلَى السُّعُودِيَّةِ؟	سعد	اور سعودیہ کب واپس آؤ گے؟
محمود	سَأَعُودُ بَعْدَ رَبِيعِ الْأَوَّلِ.	محمود	میں ربیع الاول کے بعد لوٹوں گا۔
سعد	يَا مَحْمُودُ! مَاهِيَ شُهُورُ السَّنَةِ الْقَمَرِيَّةِ؟	سعد	محمود! سال کے قمری مہینے کون سے ہیں؟
محمود	هِيَ: الْمُحَرَّمُ، وَالصَّفَرُ، وَرَبِيعُ الْأَوَّلُ، وَرَبِيعُ الْآخِرُ، وَجُمَادَى الْأُولٰى، وَجُمَادَى الْآخِرَةُ، وَرَجَبُ،	محمود	وہ ہیں: محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الثانی، جمادیٰ اولیٰ، جمادیٰ آخرہ، رجب، شعبان، رمضان، شوال، ذوالقعدہ، ذوالحجہ۔

	وَشَعْبَانُ، وَرَمَضَانُ، وَشَوَّالٌ، وَذُوالْقَعْدَةِ، وَذُوالْحِجَّةِ.		
سعد	وَمَا هِيَ شُهُورُ السَّنَةِ الشَّمْسِيَّةُ؟	سعد	سال کے شمسی مہینے کون سے ہیں؟
محمود	هِيَ: يَنَائِرُ وَ فَبْرَائِرُ وَ مَارِسُ وَ إِبْرِيلُ وَ مَايُو وَ يُونِيُو وَ يُولِيُو وَ أَغُسْطُسُ وَ سِبْتَمْبَرُ وَأُكْتُوبَرُ وَ نُوفَمْبَرُ وَ دِيسَمْبَرُ.	محمود	وہ ہیں: جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر۔
سعد	أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟	سعد	یہ کون سا دن ہے؟
محمود	هٰذَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ.	محمود	یہ جمعہ کا دن ہے۔
سعد	كَمْ مَضَى اللَّيْلُ؟	سعد	کتنی رات گزر چکی ہے؟
محمود	إِنَّهُ مُنْتَصَفُ اللَّيْلِ.	محمود	آدھی رات ہو چکی ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ تَقْوِيمٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس کیلنڈر ہے؟
محمود	نَعَمْ، هَاكَ التَّقْوِيمَ.	محمود	جی ہاں، کیلنڈر لیجیے۔
سعد	مَا هُوَ التَّارِيخُ الْيَوْمَ؟	سعد	آج کیا تاریخ ہے؟
محمود	هُوَ الْعِشْرُونَ مِنْ شَهْرِ رَبِيعِ الْأَوَّلِ سَنَةَ أَلْفٍ وَّأَرْبَعِ مِائَةٍ وَّأَرْبَعٍ وَّثَلَاثِينَ هِجْرِيَّةً، اَلْمُوَافِقُ لِلْيَوْمِ الثَّانِي مِنْ شَهْرِ فَبْرَائِرَ سَنَةَ أَلْفَيْنِ وَثَلَاثَةَ عَشَرَ مِيلَادِيَّةً.	محمود	آج 20 ربیع الاول 1434 ہجری بمطابق 2 فروری 2013ء ہے۔
سعد	شُكْرًا لَّكَ يَا أَخِي! إِلَى اللِّقَاءِ.	سعد	بھائی جان! شکریہ، آئندہ ملاقات ہوگی۔
محمود	مَعَ السَّلَامَةِ.	محمود	سلامت رہیں۔

	اَلْحَيَاةُ الْيَوْمِيَّةُ		روزمرہ کی زندگی
خالد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	خالد	السلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعد	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔
خالد	هَلْ أَنْتَ بِخَيْرٍ؟	خالد	کیا آپ خیریت سے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	سعد	جی ہاں، اللہ کا شکر ہے۔
خالد	مَاذَا تَعْمَلُ؟	خالد	آپ کیا کام کرتے ہیں؟
سعد	أَنَا مِيكَانِيكِيُّ السَّيَّارَاتِ وَ أَعْمَلُ فِي وَرْشَةٍ.	سعد	میں موٹر مکینک ہوں اور ایک ورکشاپ میں کام کرتا ہوں۔
خالد	عَسَى الْعَمَلُ أَنْ لَّا يَكُونَ ثَقِيلًا عَلَيْكَ.	خالد	امید ہے آپ کے لیے کام بوجھل اور گراں نہیں ہوگا۔
سعد	كَلَّا، فَأَنَا أَعْمَلُ بِرَاحَتِي.	سعد	ہرگز نہیں، میں اپنا کام سہولت سے کر لیتا ہوں۔
خالد	مَتٰى يَبْدَأُ دَوَامُكَ؟	خالد	آپ کا ڈیوٹی وقت کب شروع ہوتا ہے؟
سعد	مِنَ السَّاعَةِ الثَّامِنَةِ صَبَاحًا.	سعد	صبح آٹھ بجے۔
خالد	وَمَتٰى يَنْتَهِي؟	خالد	اور ختم کب ہوتا ہے؟
سعد	اَلسَّاعَةَ الرَّابِعَةَ مَسَاءً.	سعد	شام چار بجے۔
خالد	كَمْ دَقِيقَةً تَسْتَرِيحُ؟	خالد	آپ کتنے منٹ استراحت (وقفہ) کرتے ہیں؟
سعد	سَاعَةً كَامِلَةً، وَفِيهَا تَنَاوُلُ الْغَدَاءِ وَأَدَاءُ صَلَاةِ الظُّهْرِ.	سعد	پورا ایک گھنٹہ اور اس دورانیے میں دوپہر کا کھانا کھاتے ہیں اور ظہر کی نماز ادا کرتے ہیں۔
خالد	وَمَاذَا تَفْعَلُ بَعْدَ الدَّوَامِ؟	خالد	ڈیوٹی کے بعد آپ کیا کرتے ہیں؟

سعد	أَذْهَبُ إِلَى السَّكَنِ	سعد	میں اپنی رہائش گاہ چلا جاتا ہوں۔
خالد	مَاذَا تَفْعَلُ هُنَاكَ؟	خالد	وہاں آپ کیا کرتے ہیں؟
سعد	أَغْتَسِلُ وَأُغَيِّرُ ثِيَابِي وَأَخْرُجُ لِلنُّزْهَةِ.	سعد	غسل کر کے کپڑے تبدیل کرتا ہوں، پھر سیر کے لیے نکل جاتا ہوں۔
خالد	مَتٰى تَعُودُ مِنَ النُّزْهَةِ؟	خالد	آپ سیر سے کب واپس آتے ہیں؟
سعد	أَعُودُ عِنْدَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، وَأُصَلِّي.	سعد	نماز مغرب کے وقت واپس آجاتا ہوں اور نماز پڑھتا ہوں۔
خالد	وَمَتٰى تَتَنَاوَلُ الْعَشَاءَ؟	خالد	آپ شام کا کھانا کب کھاتے ہیں؟
سعد	بَعْدَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ مُبَاشَرَةً.	سعد	نماز مغرب کے فوراً بعد۔
خالد	وَمَتٰى تَنَامُ؟	خالد	اور سوتے کب ہیں؟
سعد	أَنَامُ بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ مُبَاشَرَةً.	سعد	میں نماز عشاء کے فوراً بعد سو جاتا ہوں۔
خالد	أَتُصَلِّي الْفَجْرَ مَعَ الْجَمَاعَةِ؟	خالد	کیا آپ نماز فجر باجماعت پڑھتے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى حُسْنِ تَوْفِيقِهِ.	سعد	جی ہاں، اس حسن توفیق پر اللہ کا شکر ہے۔
خالد	ثُمَّ مَاذَا تَفْعَلُ بَعْدَ الْفَجْرِ؟	خالد	پھر فجر کے بعد کیا کرتے ہیں؟
سعد	أَرْجِعُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَأَتْلُو الْقُرْآنَ.	سعد	میں مسجد سے واپس آکر قرآن کی تلاوت کرتا ہوں۔
خالد	وَمَتٰى تَتَنَاوَلُ الْفُطُورَ؟	خالد	اور ناشتہ کب کرتے ہیں؟
سعد	أَتَنَاوَلُ الْفُطُورَ غَالِبًا فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ.	سعد	میں عموماً سات بجے ناشتہ کرتا ہوں۔
خالد	وَهَلْ تَشْرَبُ الشَّايَ بِالْحَلِيبِ غَالِبًا؟	خالد	کیا آپ عام طور پر دودھ والی چائے پیتے ہیں؟

سعد	نَعَمْ، نَحْنُ لَانَسْتَغْنِي عَنْهُ فِي حَيَاتِنَا الْيَوْمِيَّةِ.	سعد	جی ہاں، ہم اپنی روز مرہ کی زندگی میں اس سے بے نیاز نہیں رہ سکتے۔
خالد	وَهَلْ تَأْكُلُ الْخُبْزَ بِالسَّمْنِ؟	خالد	کیا آپ گھی والی روٹی بھی کھاتے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، يَكُونُ ذٰلِكَ فِي الْفُطُورِ غَالِبًا.	سعد	جی ہاں، ایسا عموماً ناشتے میں ہوتا ہے۔
خالد	أَتُحِبُّ الْمُخَلَّلَ الْمُشَكَّلَ؟	خالد	کیا آپ مکس اچار پسند کرتے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، أَتَنَاوَلُهُ أَحْيَانًا.	سعد	جی ہاں، میں یہ کبھی کبھار کھاتا ہوں۔
خالد	قَدْ سُرِرْتُ بِهٰذَا اللِّقَاءِ وَجَدْوَلِكَ الْيَوْمِيِّ هٰذَا.	خالد	مجھے اس ملاقات اور آپ کے یومیہ ٹائم ٹیبل سے خوشی ہوئی۔
سعد	وَأَنَا أَيْضًا فَرِحْتُ بِلِقَاءِكَ يَا سَيِّدِي.	سعد	جناب! مجھے بھی آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔
خالد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	خالد	السلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	سعد	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

فِي مَحَطَّةِ الْبَاصَّاتِ | بس اسٹینڈ میں

مسافر	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	مسافر	السلام علیکم۔
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	ٹکٹ بابو	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
مسافر	أُرِيدُ أَنْ أَذْهَبَ إِلٰى مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ.	مسافر	میں مکہ مکرمہ جانا چاہتا ہوں۔
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	أُنْظُرْ إِلٰى تِلْكَ اللَّوْحَةِ «تَذَاكِرُ الرُّكَّابِ» قِفْ فِي الصَّفِّ وَاشْتَرِ التَّذْكِرَةَ.	ٹکٹ بابو	اس بورڈ کو دیکھو ''ٹکٹ گھر'' وہاں قطار میں کھڑے ہو جاؤ اور ٹکٹ خریدو۔
مسافر	جَيِّدٌ، سَأَفْعَلُ ذٰلِكَ.	مسافر	بہت اچھا، میں ایسا ہی کرتا ہوں۔
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	أَعْطِنِي جَوَازَكَ.	ٹکٹ بابو	مجھے اپنا پاسپورٹ دیں۔
مسافر	عِنْدِي إِقَامَةٌ وَلَيْسَ عِنْدِي جَوَازٌ.	مسافر	میرے پاس اقامہ ہے، پاسپورٹ نہیں ہے۔
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	أَلَدَيْكَ التَّصْرِيحُ بِالسَّفَرِ؟	ٹکٹ بابو	کیا آپ کے پاس سفر کا اجازت نامہ ہے؟
مسافر	نَعَمْ.	مسافر	جی ہاں۔
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	أَعْطِنِي التَّصْرِيحَ وَالْإِقَامَةَ.	ٹکٹ بابو	مجھے سفر کا اجازت نامہ اور اقامہ دیں۔
مسافر	هَاكَ خُذْهُمَا.	مسافر	لیجیے یہ رہے دونوں۔
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	عَلَيْكَ أَنْ تَدْفَعَ قِيمَةَ التَّذْكِرَةِ.	ٹکٹ بابو	ٹکٹ کی قیمت ادا کریں۔
مسافر	كَمْ قِيمَةُ التَّذْكِرَةِ؟	مسافر	ٹکٹ کی قیمت کتنی ہے؟

صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	ثَمَانُونَ رِيَالًا مِّنْ جِهَةٍ وَّاحِدَةٍ، وَمَتٰى تُرِيدُ أَنْ تُسَافِرَ؟	ٹکٹ بابو	ایک طرف کے اسی ریال ہیں اور آپ سفر کب کرنا چاہتے ہیں؟
مسافر	اَلْيَوْمَ، إِنْ أَمْكَنَ ذٰلِكَ.	مسافر	آج ہی، اگر ممکن ہو تو۔
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	جَيِّدٌ، تُوجَدُ الْيَوْمَ رِحْلَتَانِ إِلٰى مَكَّةَ.	ٹکٹ بابو	ٹھیک ہے، آج مکہ کے لیے دو گاڑیاں ہیں۔
مسافر	فِي أَيِّ وَقْتٍ؟	مسافر	کس وقت روانہ ہوں گی؟
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	رِحْلَةٌ فِي السَّاعَةِ الْحَادِيَةِ عَشْرَةَ، وَرِحْلَةٌ فِي السَّاعَةِ الْوَاحِدَةِ.	ٹکٹ بابو	ایک گاڑی گیارہ بجے اور دوسری ایک بجے روانہ ہوگی۔
مسافر	أُرِيدُ مَقْعَدًا فِي رِحْلَةِ السَّاعَةَ الْحَادِيَةَ عَشْرَةَ.	مسافر	میں گیارہ بجے والی گاڑی میں ایک سیٹ چاہتا ہوں۔
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	جَيِّدٌ، حَجَزْتُ لَكَ، خُذِ التَّذْكِرَةَ.	ٹکٹ بابو	بہت اچھا، میں نے آپ کی سیٹ ریزرو کر دی ہے، یہ لیں ٹکٹ۔
مسافر	أَيْنَ صَالَةُ الِانْتِظَارِ؟	مسافر	انتظار گاہ کدھر ہے؟
صَارِفُ التَّذْكِرَةِ	فِي الدَّوْرِ الْعُلْوِيِّ.	ٹکٹ بابو	بالائی منزل میں۔
شُرْطِيٌّ	قِفْ فِي الصَّفِّ يَا أَخِي.	سپاہی	بھائی جان! لائن میں لگ جائیں۔
شُرْطِي	مَاذَا فِي جَيْبِكَ، أَنَا شُرْطِيُّ التَّفْتِيشِ؟	سپاہی	آپ کی جیب میں کیا ہے؟ میں سیکورٹی کا سپاہی ہوں۔
مسافر	لَا يُوجَدُ فِيهِ شَيْءٌ سِوَى الْمَفَاتِيحِ.	مسافر	اس میں چابیوں کے سوا کچھ نہیں۔
شُرْطِي	اِجْلِسْ فِي هٰذِهِ الْحَافِلَةِ الَّتِي عِنْدَ الْبَابِ.	سپاہی	اس بس میں بیٹھ جائیں جو دروازے کے ساتھ ہے۔

مسافر	كَمْ رَقْمُ مَقْعَدِي؟	مسافر	میرا سیٹ نمبر کیا ہے؟
شُرْطِيّ	رَقْمُ مَقْعَدِكَ أَحَدَ عَشَرَ.	سپاہی	آپ کا سیٹ نمبر گیارہ ہے۔
مسافر	مَتٰى تُغَادِرُ الْحَافِلَةُ؟	مسافر	بس کب روانہ ہوگی؟
شُرْطِيّ	بَعْدَ خَمْسَ عَشْرَةَ دَقِيقَةً إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سپاہی	پندرہ منٹ بعد ان شاء اللہ۔
مسافر	مَتٰى تَصِلُ إِلٰى مَكَّةَ؟	مسافر	یہ مکہ کب پہنچ جائے گی؟
شُرْطِيّ	تَصِلُ إِلٰى مَكَّةَ حَوَالَيْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَاعَةً.	سپاہی	تقریباً تیرہ گھنٹوں میں مکہ پہنچے گی۔
مسافر	إِنَّهَا رِحْلَةٌ طَوِيلَةٌ ، يَا سَائِقَ الْبَاصِّ! أَرْجُو أَنْ تَتَوَقَّفَ فِي الْمِيقَاتِ لِأُحْرِمَ.	مسافر	بلاشبہ یہ تو ایک لمبا سفر ہے۔بس ڈرائیور! میں امید رکھتا ہوں کہ آپ میقات میں بس کھڑی کریں گے تاکہ میں احرام پہن لوں۔
سَائِقٌ	طَيِّبٌ، بِكُلِّ فَرَحٍ وَّسُرُورٍ.	ڈرائیور	ٹھیک ہے، پوری خوشی اور مسرت کے ساتھ۔
مسافر	أَيْنَ تَتَوَقَّفُ لِلْغَدَاءِ وَالصَّلَاةِ؟	مسافر	کھانے اور نماز کے لیے آپ کہاں رکیں گے؟
سَائِقٌ	فِي الِاسْتِرَاحَةِ الْمُقْبِلَةِ.	ڈرائیور	اگلی آرام گاہ میں۔
مسافر	هَلْ بِهَا مَسْجِدٌ؟	مسافر	کیا وہاں مسجد ہے؟
سَائِق	نَعَمْ، هُنَاكَ مَسْجِدٌ وَّمَطْعَمٌ وَّمَحَطَّةُ بِنْزِينٍ	ڈرائیور	جی ہاں، وہاں مسجد، ہوٹل اور پٹرول پمپ ہے۔
مسافر	سَنَجْمَعُ بَيْنَ صَلَاتَيِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ قَصْرًا. وَمَتٰى نَصِلُ إِلٰى مَكَّةَ؟	مسافر	ہم ظہر اور عصر کی نمازیں جمع اور قصر کرکے پڑھیں گے۔ ہم مکہ کب پہنچ جائیں گے؟

سائق	بَعْدَ مُنْتَصَفِ اللَّيْلِ. لَقَدْ وَصَلْنَا مَكَّةَ وَأَمَامَكُمُ الْحَرَمُ الْمَكِّيُّ الشَّرِيفُ، هَيَّا انْزِلُوا وَ يَأْخُذْ كُلُّ وَاحِدٍ مَتَاعَهُ وَ شَنْطَتَهُ.	ڈرائیور	آدھی رات کے بعد۔ ہم مکہ پہنچ چکے ہیں، حرم مکی شریف آپ کے سامنے ہے۔ آئیں، نیچے اتریں اور ہر کوئی اپنا اپنا سامان اور بیگ اٹھائے۔
مسافر	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ قَدْ وَصَلْنَا بِالسَّلَامَةِ إِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ الْحَرَامِ.	مسافر	اللہ کا شکر ہے کہ ہم خیر و سلامتی سے بیت اللہ پہنچ گئے۔

اَلْحِوَارُ بَيْنَ الْمُسَافِرِ وَالسَّائِقِ | مسافر اور ٹیکسی ڈرائیور کے درمیان مکالمہ

مسافر	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	مسافر	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
سائق	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	ڈرائیور	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
مسافر	أُرِيدُ الذَّهَابَ إِلٰى مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ.	مسافر	میں مکہ مکرمہ جانا چاہتا ہوں۔
سائق	تَفَضَّلْ، وَارْكَبْ.	ڈرائیور	آیئے، سوار ہو جایئے۔
مسافر	كَمْ مَّسَافَةً مِّنْ هُنَا إِلٰى مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ؟	مسافر	یہاں سے مکہ مکرمہ کا کتنا فاصلہ ہے؟
سائق	ثَمَانِينَ كِيلُو مِتْرًا تَقْرِيبًا.	ڈرائیور	قریباً اسی کلومیٹر ہے۔
مسافر	فِي كَمْ دَقِيقَةً نَصِلُ مِنْ هُنَا إِلٰى مَكَّةَ؟	مسافر	ہم یہاں سے مکہ کتنے منٹ میں پہنچ جائیں گے؟
سائق	سَوْفَ نَصِلُ فِي أَرْبَعِينَ دَقِيقَةً إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	ڈرائیور	ان شاء اللہ چالیس منٹ میں پہنچ جائیں گے۔
مسافر	كَمْ أُجْرَةُ التَّاكْسِي؟	مسافر	ٹیکسی کا کرایہ کتنا ہے؟
سائق	مِائَةُ رِيَالٍ فَقَطْ.	ڈرائیور	صرف سو ریال۔
مسافر	لَا بَأْسَ، تَحَرَّكْ، بِسْمِ اللّٰهِ.	مسافر	ٹھیک ہے، اللہ کا نام لے کر چلیے۔
سائق	وَصَلْنَا إِلٰى مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ.	ڈرائیور	ہم مکہ مکرمہ پہنچ چکے ہیں۔
مسافر	أُرِيدُ الذَّهَابَ إِلَى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ.	مسافر	میں مسجد حرام جانا چاہتا ہوں۔
سائق	اَلشَّوَارِعُ مُزْدَحِمَةٌ، عَلَيْكَ أَنْ تَذْهَبَ مَاشِيًا.	ڈرائیور	سڑکوں پر بہت زیادہ رش ہے، اس لیے آپ پیدل ہی چلے جائیں۔
مسافر	أُرِيدُ الذَّهَابَ إِلَى الْفُنْدُقِ.	مسافر	میں ہوٹل تک جانا چاہتا ہوں۔
سائق	اِنْتَظِرْ قَلِيلًا إِلٰى فَتْحِ إِشَارَةِ الْمُرُورِ.	ڈرائیور	اشارہ کھلنے تک کچھ انتظار کیجیے۔

مسافر	كَمِ الْمَسَافَةُ مِنْ هُنَا إِلَى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ؟	مسافر	یہاں سے مسجد الحرام کا کتنا فاصلہ ہے؟
سائق	مَا بَقِيَ شَيْءٌ، هُوَ قَرِيبٌ مِّنْ هٰذَا الْفُنْدُقِ.	ڈرائیور	کچھ بھی سفر نہیں رہا، وہ اسی ہوٹل کے قریب ہے۔
مسافر	هَلْ يُوجَدُ هُنَا مَطَاعِمُ بَاكِسْتَانِيَّةٌ؟	مسافر	کیا یہاں پاکستانی ریسٹورنٹ ہیں؟
سائق	نَعَمْ، تُوجَدُ.	ڈرائیور	ہاں، موجود ہیں۔
	(مَعَ نَادِلٍ)		(بیرے (ویٹر) کے ساتھ)
نادل	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ، أَيَّ طَعَامٍ تُرِيدُ؟	بیرا	السلام علیکم، آپ کون سا کھانا کھائیں گے؟
مسافر	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، أُرِيدُ أَطْعِمَةً بَاكِسْتَانِيَّةً.	مسافر	وعلیکم السلام، میں پاکستانی کھانا، کھانا چاہتا ہوں۔
نادل	لَحْمًا مَشْوِيًّا أَوْ سَمَكًا أَوْ خَضْرَةً مَّا؟	بیرا	آپ بھنا ہوا گوشت، مچھلی یا کوئی سبزی پسند کریں گے؟
مسافر	أُرِيدُ لَحْمَ الْغَنَمِ مَشْوِيًّا وَّشَيْئًا مِّنَ اللَّحْمِ الْمَفْرُومِ، وَالْمَشْرُوبِ الْغَازِيِّ.	مسافر	میں بکری کا بھنا گوشت، تھوڑا سا قیمہ اور ایک عدد "کوک" چاہتا ہوں۔
نادِل	مِنْ فَضْلِكَ تَنَاوَلِ الطَّعَامَ.	بیرا	براہِ مہربانی، کھانا تناول فرمائیے۔
مسافر	شُكْرًا لَّكَ يَا أَخِي! كَمْ أَدْفَعُ لَكَ؟	مسافر	بھائی آپ کا شکریہ! میں آپ کو کتنے ریال دوں؟
نادِل	تَدْفَعُ عِشْرِينَ رِيَالًا.	بیرا	بیس ریال دے دیں۔
مسافر	خُذْ، بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ.	مسافر	یہ لیں، اللہ تعالیٰ آپ کو برکتیں عطا فرمائے۔
نادِل	شُكْرًا لَّكَ.	بیرا	آپ کا شکریہ۔
مسافر	مَعَ السَّلَامَةِ.	مسافر	سلامتی کے ساتھ۔
نادِل	فِي أَمَانِ اللّٰهِ.	بیرا	اللہ حافظ۔

عِنْدَ الطَّبِيبِ | ڈاکٹر کے پاس

شَعَرَ يُوسُفُ بِأَلَمٍ فِي بَطْنِهِ. فَذَهَبَ إِلَى الطَّبِيبِ وَدَفَعَ أَجْرَ الْفَحْصِ لِلْمُمَرِّضَةِ وَجَلَسَ. وَجَاءَ دَوْرُهُ فَدَخَلَ فِي حُجْرَةِ الْفَحْصِ....

یوسف نے اپنے پیٹ میں درد محسوس کیا تو وہ ڈاکٹر کے پاس گیا۔ اس نے نرس کو چیک اپ کی فیس ادا کی اور بیٹھ گیا۔ اس کی باری آئی تو وہ چیک اپ والے کمرے میں داخل ہوا۔۔۔

الطبيب	مَاذَا عِنْدَكَ؟	ڈاکٹر	آپ کو کیا ہوا ہے؟
يوسف	عِنْدِي أَلَمٌ فِي بَطْنِي.	یوسف	میرے پیٹ میں درد ہے۔
الطبيب	هَلْ عِنْدَكَ صُدَاعٌ؟	ڈاکٹر	کیا آپ کو سر درد بھی ہے؟
يوسف	لَا.	یوسف	جی نہیں۔
الطبيب	هَلْ عِنْدَكَ قَيْءٌ؟	ڈاکٹر	کیا آپ کو قے آتی ہے؟
يوسف	لَا.	یوسف	نہیں۔
الطبيب	هَلْ عِنْدَكَ إِسْهَالٌ؟	ڈاکٹر	کیا پیچش (موشن) ہیں؟
يوسف	نَعَمْ، قَلِيلٌ.	یوسف	جی ہاں، کچھ کچھ۔
الطبيب	ضَعْ مِقْيَاسَ الْحَرَارَةِ فِي فَمِكَ.	ڈاکٹر	تھرما میٹر اپنے منہ میں رکھیں۔
	يُوسُفُ يَضَعُ مِقْيَاسَ الْحَرَارَةِ فِي فَمِهِ.		یوسف تھرما میٹر اپنے منہ میں رکھتا ہے۔
الطبيب	اِكْشِفْ صَدْرَكَ مِنْ فَضْلِكَ. يُوسُفُ يَكْشِفُ صَدْرَهُ. اَلطَّبِيبُ يَفْحَصُ صَدْرَهُ وَظَهْرَهُ بِالسَّمَّاعَةِ.	ڈاکٹر	براہِ مہربانی اپنے سینے سے کپڑا ہٹائیں۔ یوسف اپنا سینہ ننگا کرتا ہے۔ ڈاکٹر سٹیتھوسکوپ سے اس کا سینہ اور کمر چیک کرتا ہے۔

الطبيب	صَدْرُكَ سَلِيمٌ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	ڈاکٹر	الحمد للہ آپ کا سینہ ٹھیک ہے۔
يوسف	مَاذَا عِنْدِي؟	یوسف	مجھے کیا مرض ہے؟
الطبيب	عِنْدَكَ حُمًّى خَفِيفَةٌ، وَوَصْفَةُ الْعِلَاجِ: شَرَابٌ وَّ أَقْرَاصٌ وَّحُقَنٌ	ڈاکٹر	آپ کو ہلکا بخار ہے۔ اور آپ کا نسخۂ علاج: سیرپ، گولیاں اور انجکشن ہے۔
يوسف	شُكْرًا.	یوسف	شکریہ۔

فِي الْمُسْتَشْفَى | ہسپتال میں

عدنان	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	عدنان	السلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، أَصَابَنِي الزُّكَامُ وَشَيْءٌ مِّنَ الْحُمّٰى.	سعد	وعلیکم السلام، عدنان مجھے زکام اور قدرے بخار ہو گیا ہے۔
عدنان	لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ، يَا سَعْدُ! بِمَاذَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَخْدِمَكَ؟	عدنان	سعد! گھبرائیے نہیں، یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے۔ان شاء اللہ۔ میں آپ کی کیا خدمت کرسکتا ہوں؟
سعد	بِالدُّعَاءِ لِي بِالشِّفَاءِ الْعَاجِلِ	سعد	آپ میرے لیے جلد صحت یابی کی دعا کریں۔
عدنان	مَنْ تَنْتَظِرُ يَا أَخِي؟	عدنان	بھائی جان! آپ کس کا انتظار کر رہے ہیں؟
سعد	أَنْتَظِرُ دُكْتُورَ الْبَطْنِ وَالصَّدْرِ.	سعد	میں پیٹ اور سینے کے ڈاکٹر کا انتظار کر رہا ہوں۔
عدنان	اَلْيَوْمَ هُوَ عَلٰى عُطْلَتِهِ الْأُسْبُوعِيَّةِ	عدنان	وہ آج اپنی ہفتہ وار چھٹی پر ہیں۔
سعد	إِذًا مِنْ أَيْنَ يُمْكِنُنِي أَنْ أَتَعَالَجَ؟	سعد	تب میں اپنا علاج کہاں سے کرواسکتا ہوں؟
عدنان	يُمْكِنُكَ أَنْ تَذْهَبَ إِلَى الطَّبِيبِ الْعَامِّ	عدنان	آپ جنرل فزیشن کے پاس چلے جائیں۔
سعد	أَيْنَ يَجْلِسُ هُوَ؟	سعد	وہ کہاں بیٹھتا ہے؟
عدنان	يَجْلِسُ فِي قِسْمِ الطَّوَارِئِ.	عدنان	وہ ایمرجنسی وارڈ میں بیٹھتا ہے۔
	(مَعَ الدُّكْتُورِ)		(ڈاکٹر کے ساتھ)
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا دُكْتُورُ.	سعد	ڈاکٹر صاحب! السلام علیکم۔
دكتور	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، تَفَضَّلْ. مَا اسْمُكَ؟	ڈاکٹر	وعلیکم السلام، آیئے تشریف لائیں۔ آپ کا اسم گرامی؟

سعد	إِسْمِي سَعْدٌ.	سعد	میرا نام سعد ہے۔
دکتور	مَاذَا بِكَ؟	ڈاکٹر	آپ کو کیا ہوا ہے؟
سعد	أَصَابَنِي الزُّكَامُ وَشَيْءٌ مِّنَ الْحُمّٰى.	سعد	مجھے زکام اور کچھ بخار ہے۔
دکتور	كَمْ عُمُرُكَ؟	ڈاکٹر	آپ کی عمر کتنی ہے؟
سعد	عُمْرِي سَبْعٌ وَّعِشْرُونَ سَنَةً.	سعد	میری عمر ستائیس سال ہے۔
دکتور	مِنْ أَيْنَ أَنْتَ؟	ڈاکٹر	آپ کہاں سے ہیں؟
سعد	أَنَا مِنْ بَاكِسْتَانَ.	سعد	میں پاکستان سے ہوں۔
دکتور	مَتٰى أَصَابَكَ الْمَرَضُ؟	ڈاکٹر	آپ کب سے بیمار ہیں؟
سعد	مُنْذُ يَوْمَيْنِ.	سعد	دو دن سے۔
دکتور	هَلْ تَجِدُ مُشْكِلَةً فِي التَّنَفُّسِ؟	ڈاکٹر	کیا آپ کو سانس لینے میں دقت پیش آتی ہے؟
سعد	لَا، وَلٰكِنَّ الْخَيْشُومَ مُغْلَقٌ.	سعد	نہیں، لیکن ناک کے نتھنے بند ہیں۔
دکتور	وَالْحُمّٰى أَهِيَ مُسْتَمِرَّةٌ؟	ڈاکٹر	اور کیا بخار بدستور ہے؟
سعد	لَا، بَلْ تَكُونُ أَحْيَانًا، خَاصَّةً فِي اللَّيْلِ.	سعد	نہیں، بلکہ وقفے وقفے سے ہے اور بالخصوص رات کو ہوتا ہے۔
دکتور	أَصِفُ لَكَ الدَّوَاءَ، عَلَيْكَ أَنْ تَتَنَاوَلَهُ بِانْتِظَامٍ، وَعَلَيْكَ بِالْحِمْيَةِ، وَأَنْصَحُكَ أَنْ لَّا تَشْرَبِ الْمَاءَ الْمُثَلَّجَ، وَلَا تَتَعَرَّضْ لِلْمُكَيِّفِ	ڈاکٹر	میں آپ کے لیے دوا تجویز کیے دیتا ہوں، بس آپ کو اسے وقت پر کھانا ہوگا، اور پرہیز سے کام لینا۔ میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں کہ ٹھنڈا پانی نہ پینا اور نہ ائیر کنڈیشنڈ کے سامنے ہونا۔
سعد	أَشْكُرُكَ يَا دُكْتُورُ.	سعد	ڈاکٹر صاحب! آپ کا شکریہ۔
دکتور	أَسْأَلُ اللّٰهَ لَكَ شِفَاءً عَاجِلًا.	ڈاکٹر	میں اللہ سے آپ کے لیے جلد صحت یابی کا سوال کرتا ہوں۔
سعد	جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر سے نوازے، والسلام علیکم۔

فِي الصَّيْدَلِيَّةِ | میڈیکل سٹور پر

سعد	يَا مَحْمُودُ! أَيْنَ أَقْرَبُ صَيْدَلِيَّةٍ	سعد	محمود! قریب ترین میڈیکل سٹور کہاں ہے؟
محمود	هِيَ بِجِوَارِ الْمُسْتَشْفَى الْعَامِّ قُرْبَ الْمَسْجِدِ.	محمود	مسجد کے قریب، جنرل ہسپتال کے پڑوس میں ہے۔
سعد	مَتٰى تُفْتَحُ الصَّيْدَلِيَّةُ؟	سعد	میڈیکل سٹور کب کھلتا ہے؟
محمود	تُفْتَحُ فِي السَّاعَةِ الثَّامِنَةِ صَبَاحًا.	محمود	صبح آٹھ بجے کھلتا ہے۔
سعد	وَمَتٰى تُقْفَلُ؟	سعد	اور کب بند ہوتا ہے؟
محمود	تُقْفَلُ فِي السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ مَسَاءً.	محمود	شام دس بجے بند ہوتا ہے۔
	(مَعَ الصَّيْدَلِيِّ)		(دوا فروش کے ساتھ)
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعد	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
اَلصَّيْدَلِيُّ	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، أَهْلًا يَا أَخِي.	دوا فروش	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، بھائی جان! خوش آمدید۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الْأَدْوِيَةِ	سعد	میں کچھ دوائیاں خریدنا چاہتا ہوں۔
اَلصَّيْدَلِي	تَفَضَّلْ، أَيَّ دَوَاءٍ تُرِيدُ؟	دوا فروش	تشریف لائیں! کونسی دوا چاہتے ہیں؟
سعد	أُرِيدُ دَوَاءً لِلْبَرْدِ وَالصُّدَاعِ.	سعد	سردی اور سر درد کے لیے دوا چاہتا ہوں۔
اَلصَّيْدَلِي	تُرِيدُ شَيْئًا آخَرَ أَيْضًا؟	دوا فروش	کیا آپ کوئی اور چیز بھی لینا چاہتے ہیں۔
سعد	نَعَمْ، أُرِيدُ دَوَاءً لِلسُّعَالِ وَالزُّكَامِ.	سعد	جی ہاں، کھانسی اور زکام کی دوا بھی لینا چاہتا ہوں۔
اَلصَّيْدَلِي	عَلَى الرَّأْسِ وَالْعَيْنِ.	دوا فروش	سر آنکھوں پہ۔

سعد	هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُجَهِّزَ لِي هٰذِهِ الْوَصْفَةَ الطِّبِّيَّةَ؟	سعد	کیا آپ میرے لیے یہ طبی نسخہ تیار کر سکتے ہیں؟
اَلصَّيْدَلِي	نَعَمْ، اِنْتَظِرْ قَلِيلًا.	دوا فروش	جی ہاں، کچھ انتظار کیجیے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ أَقْرَاصٌ مُّلَيِّنَةٌ لِلْبَطْنِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس مُلَیِّن (پیٹ نرم کرنے والی) گولیاں ہیں؟
اَلصَّيْدَلِي	نَعَمْ، هِيَ مَوْجُودَةٌ عِنْدَنَا.	دوا فروش	جی، وہ ہمارے پاس موجود ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ أَقْرَاصٌ لِلْهَضْمِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس ہاضمے کی گولیاں ہیں؟
اَلصَّيْدَلِي	نَعَمْ، عِنْدَنَا أَقْرَاصٌ لِلْهَضْمِ.	دوا فروش	جی، ہمارے پاس ہاضمے کی گولیاں ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ حُبُوبٌ مُّنَوِّمَةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس نیند آور گولیاں ہیں؟
اَلصَّيْدَلِي	نَعَمْ، هِيَ مَوْجُودَةٌ أَيْضًا.	دوا فروش	جی، وہ بھی موجود ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ مَسْحُوقٌ لِلْبَرَاغِيثِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس پِسّو مارنے والا پاؤڈر ہے؟
اَلصَّيْدَلِي	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	دوا فروش	جی ہاں، موجود ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ مَعْجُونُ أَسْنَانٍ؟	سعد	کیا آپ کے پاس ٹوتھ پیسٹ ہے؟
اَلصَّيْدَلِي	نَعَمْ، عِنْدَنَا مَعْجُونُ أَسْنَانٍ.	دوا فروش	جی، ہمارے پاس ٹوتھ پیسٹ ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ فُرْشَاةٌ لِلْأَسْنَانِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس ٹوتھ برش بھی ہے؟
اَلصَّيْدَلِي	نَعَمْ، عِنْدَنَا فُرْشَاةٌ لِلْأَسْنَانِ أَيْضًا.	دوا فروش	جی، ہمارے پاس ٹوتھ برش بھی ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ كِرِيمٌ مُّجَمِّلٌ لِلْوَجْهِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس فیس بیوٹی کریم ہے؟
اَلصَّيْدَلِي	نَعَمْ.	دوا فروش	جی۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ أَمْوَاسُ الْحِلَاقَةِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس استرا (ریزر) ہے؟
اَلصَّيْدَلِي	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	دوا فروش	جی ہاں، موجود ہے۔

سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ سَائِلٌ لِلشَّعْرِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس بالوں کا لوشن ہے؟
اَلصَّيْدَلي	نَعَمْ، عِنْدَنَا سَائِلٌ لِلشَّعْرِ.	دوا فروش	جی ہاں، ہمارے پاس بالوں کا لوشن ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ كِرِيمٌ مُطَهِّرٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس دافع عفونت مرہم ہے؟
اَلصَّيْدَلي	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	دوا فروش	جی، موجود ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ شَرِيطٌ لَاصِقٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس پٹی چپکانے والی ٹیپ ہے؟
اَلصَّيْدَلي	نَعَمْ، عِنْدَنَا شَرِيطٌ لَاصِقٌ.	دوا فروش	جی، ہمارے پاس پٹی چپکانے والی ٹیپ ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ سَكَارِينُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس سکرین ہے؟
اَلصَّيْدَلي	نَعَمْ، عِنْدَنَا سَكَارِينُ.	دوا فروش	جی، ہمارے پاس سکرین ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ دَوَاءٌ ضِدَّ الْحَشَرَاتِ وَالْبَعُوضَاتِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس کیڑے اور مچھر مار دوا ہے؟
اَلصَّيْدَلي	نَعَمْ، عِنْدَنَا دَوَاءٌ ضِدَّ الْحَشَرَاتِ وَالْبَعُوضَاتِ.	دوا فروش	جی، ہمارے پاس کیڑے اور مچھر مار دوائی ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ قَطْرَةٌ لِلْعُيُونِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس آئی ڈراپس ہیں؟
اَلصَّيْدَلي	نَعَمْ، عِنْدَنَا قَطْرَةٌ لِلْعُيُونِ.	دوا فروش	جی، ہمارے پاس آئی ڈراپس ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمُ الْمِحَرُّ (تَرْمُومِتْر)؟	سعد	کیا آپ کے پاس تھرما میٹر ہے؟
اَلصَّيْدَلي	نَعَمْ، عِنْدَنَا الْمِحَرُّ.	دوا فروش	جی، ہمارے پاس تھرما میٹر ہے۔
سعد	شُكْرًا لَّكُمْ، وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	آپ کا شکریہ! السلام علیکم۔
اَلصَّيْدَلي	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، مَعَ السَّلَامَةِ.	دوا فروش	وعلیکم السلام، سلامت رہیں۔

فِي سُوبَرْ مَارْكِيتْ | سُپر مارکیٹ میں

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
اَلْبَائِعُ	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	بائع	وعلیکم السلام۔
سعد	أُرِيدُ بَعْضَ الْمَلَابِسِ الْجَاهِزَةِ	سعد	مجھے کچھ ریڈی میڈ کپڑے چاہئیں۔
البائع	عِنْدَنَا مَلَابِسُ مُخْتَلِفَةٌ بِمُوَاصَفَاتٍ مُتَعَدِّدَةٍ.	بائع	ہمارے ہاں متعدد اوصاف کے مختلف کپڑے ہیں۔
سعد	أُرِيدُ مَلَابِسَ بَيْضَاءَ يَابَانِيَّةً بِمَقَاسٍ مُتَوَسِّطٍ.	سعد	مجھے جاپانی سفید کپڑے چاہئیں جو درمیانی پیمائش کے ہوں۔
البائع	تَفَضَّلْ يَاسَيِّدِي! هٰذِهِ بَعْضُ الْعَيِّنَاتِ	بائع	محترم تشریف رکھیے! یہ کچھ نمونے ہیں۔
سعد	أَنَا أُفَضِّلُ هٰذَا النَّوْعَ، أُرِيدُ مِنْهَا خَمْسَ بَدْلَاتٍ	سعد	میں اس ورائٹی کو ترجیح دیتا ہوں، اس قسم کے مجھے پانچ جوڑے چاہئیں۔
البائع	هِيَ جَاهِزَةٌ، خُذِ الْكِيسَ.	بائع	وہ (بالکل) تیار ہیں، یہ شاپنگ بیگ لے لیجیے۔
سعد	أُرِيدُ فَنَائِلَ قُطْنِيَّةً فَائِقَةَ الْجَوْدَةِ وَالصُّنْعِ.	سعد	مجھے عمدہ کوالٹی اور اعلیٰ بناوٹ کی سوتی بنیانیں چاہئیں۔
البائع	هٰذِهِ فَنِيلَةٌ مَحَلِّيَّةُ الصُّنْعِ.	بائع	یہ بنیان مقامی فیکٹری کی بنی ہے۔
سعد	وَهَلْ تُوجَدُ أَنْوَاعٌ أُخْرٰى؟	سعد	کیا دوسری ورائٹیاں بھی ہیں؟
البائع	نَعَمْ، هٰذِهِ بَاكِسْتَانِيَّةٌ وَ هٰذِهِ أَنْدُونُوسِيَّةٌ، وَهٰذِهِ صِينِيَّةٌ وَغَيْرُهَا.	بائع	جی ہاں، یہ پاکستانی ہیں، یہ انڈونیشی ہیں اور یہ چائنہ وغیرہ کی ہیں۔
سعد	أُرِيدُ الْفَنِيلَةَ الْبَاكِسْتَانِيَّةَ، وَخَمْسَ	سعد	مجھے پاکستانی بنیان چاہیے، نیز مجھے پانچ بنیانیں

	فَنَائِلَ أُخْرٰى أَيْضًا. وَهَلْ لَّدَيْكُمْ جَوَارِبُ وَأَحْذِيَةٌ؟		اور بھی مطلوب ہیں۔ کیا آپ کے ہاں جرابیں اور جوتے ہیں؟
البائع	نَعَمْ، لَدَيْنَا مَا يُرْضِيكَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	بائع	جی ہاں، ہمارے پاس ایسی ورائٹی ہے جو آپ کو پسند آئے گی، ان شاء اللہ۔
سعد	أَعْطِنِي الْجَوْرَبَ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ، هٰذِهِ جَوَارِبُ نَاعِمَةٌ وَقَوِيَّةٌ جِدًّا.	سعد	مجھے اس قسم کی جراب دے دو، یہ جرابیں تو بہت ملائم اور مضبوط ہیں۔
البائع	كَمْ بَدْلَةً تُرِيدُ مِنَ الْجَوْرَبِ؟	بائع	جرابوں کے کتنے جوڑے آپ کو مطلوب ہیں؟
سعد	أُرِيدُ بَدْلَتَيْنِ مِنَ الْجَوْرَبِ وَالْحِذَاءَيْنِ.	سعد	مجھے جرابوں کے دو جوڑے مطلوب ہیں اور دو جوڑے جوتے بھی۔
البائع	هَاكَ يَا سَيِّدِي! اَلْكِيسَ الثَّانِي.	بائع	لیجیے محترم! دوسرا شاپنگ بیگ۔
سعد	وَهَلْ لَّدَيْكُمْ نِعَالٌ؟	سعد	کیا آپ کے ہاں سینڈل ہیں؟
البائع	نَعَمْ، لَدَيْنَا نِعَالٌ وَشَبَاشِبُ مُرِيحَةٌ وَنَاعِمَةٌ.	بائع	جی ہاں، ہمارے ہاں انتہائی آرام دہ، نرم سینڈل اور چپلیں ہیں۔
سعد	أَجَلْ، أَعْطِنِي مِنْ هٰذَا الْقَبِيلِ بَدْلَتَيْنِ.	سعد	ٹھیک ہے! اس انداز کے مجھے دو جوڑے دے دیں۔
البائع	وَهَلْ مِنْ طَلَبٍ آخَرَ يَا أَخِي؟	بائع	بھائی جان! کیا کوئی اور چیز بھی چاہیے؟
سعد	هٰذَا يَكْفِينِي الْيَوْمَ.	سعد	آج اتنا کچھ ہی کافی ہے۔
البائع	نِعْمَ الزَّبُونُ أَنْتَ.	بائع	آپ ایک اچھے گاہک ہیں۔
سعد	لَيْسَ كُلُّ الزُّبَنَاءِ بِمَثَابَةٍ وَّاحِدَةٍ	سعد	سبھی گاہک ایک جیسے نہیں ہوتے۔
البائع	نَعَمْ، نَشْكُرُكَ لِحُسْنِ أَخْلَاقِكَ.	بائع	جی ہاں، آپ کے اچھے اخلاق پر ہم آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

میں بھی اپنے ساتھ آپ کی عمدہ ڈیلنگ پر آپ کا شکر گزار ہوں۔ میں اجازت چاہتا ہوں۔ السلام علیکم۔	سعد	وَأَنَا أَشْكُرُكُمْ لِحُسْنِ تَعَامُلِكُمْ مَّعِي. أَسْتَأْذِنُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد
سلامت رہیں۔	بائع	مَعَ السَّلَامَةِ.	البائع

فِي دُكَّانِ الْمَلَابِسِ | کپڑوں کی دکان پر

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعد	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
بائع	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	بائع	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
سعد	مِنْ فَضْلِكَ أَرِنِي بَعْضَ أَنْوَاعِ الْأَقْمِشَةِ.	سعد	براہِ مہربانی مجھے کپڑوں کی کچھ اقسام دکھا دیں۔
بائع	بِكُلِّ سُرُورٍ، قُلْ لِّي مِنْ فَضْلِكَ أَيَّ لَوْنٍ تَرْغَبُ فِيهِ؟	بائع	بڑی خوشی سے، براہ مہربانی بتائیں، آپ کون سا رنگ پسند کریں گے؟
سعد	اَلْأَبْيَضَ.	سعد	سفید رنگ۔
بائع	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	بائع	جی ہاں وہ موجود ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ لَوْنٌ رَمَادِيٌّ؟	سعد	کیا آپ کے پاس خاکستری رنگ ہے؟
بائع	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	بائع	جی ہاں، وہ موجود ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ لَوْنٌ أَحْمَرُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس سرخ رنگ ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا لَوْنٌ أَحْمَرُ.	بائع	جی ہاں، ہمارے پاس سرخ رنگ ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ لَوْنٌ أَخْضَرُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس سبز رنگ ہے؟
بائع	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	بائع	جی ہاں، وہ موجود ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ لَوْنٌ أَسْوَدُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس سیاہ رنگ ہے؟
بائع	نَعَمْ، هُوَ أَيْضًا مَوْجُودٌ.	بائع	جی، وہ بھی ہمارے ہاں موجود ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ لَوْنٌ أَزْرَقُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس نیلا رنگ ہے؟
بائع	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	بائع	جی، موجود ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ لَوْنٌ أَصْفَرُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس زرد رنگ ہے؟

بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا لَوْنٌ أَصْفَرُ.	بائع	جی، ہمارے پاس زرد رنگ ہے۔
سعد	بِكَمِ الْمِتْرُ الْوَاحِدُ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ مِنَ الْقُمَاشِ؟	سعد	اس قسم کا ایک میٹر کپڑا کتنے ریال کا ہے؟
بائع	لَكَ الْمِتْرُ الْوَاحِدُ بِعَشْرِ رِيَالَاتٍ.	بائع	آپ کے لیے ایک میٹر دس ریال کا ہے۔
سعد	هٰذَا غَالٍ يَا أَخِي.	سعد	بھائی! یہ مہنگا ہے۔
بائع	هٰذَا هُوَ السِّعْرُ الْمُحَدَّدُ.	بائع	یہ فکس ریٹ ہے۔
سعد	اِقْطَعْ إِذًا سَبْعَةَ أَمْتَارٍ مِنْ هٰذَا الْقُمَاشِ. وَهَلْ عِنْدَكُمْ مَلَابِسُ الْإِحْرَامِ؟	سعد	چلیں اس کپڑے میں سے سات میٹر کاٹ دیں۔ اور کیا آپ کے پاس احرام کے کپڑے ہیں؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا مَلَابِسُ الْإِحْرَامِ.	بائع	جی ہاں، ہمارے پاس احرام کے کپڑے ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ عَبَاءَةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس چوغہ ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا عَبَاءَةٌ.	بائع	جی، ہمارے پاس چوغہ ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْدِيلُ الرَّقَبَةِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس اسکارف ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا مِنْدِيلُ الرَّقَبَةِ.	بائع	جی، ہمارے پاس اسکارف ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ كُوفِيَّةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس مفلر ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا كُوفِيَّةٌ أَيْضًا.	بائع	جی، ہمارے پاس مفلر بھی ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ جَوَارِبُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس جرابیں ہیں؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا جَوَارِبُ مِنْ أَنْوَاعٍ مُخْتَلِفَةٍ.	بائع	جی، ہمارے پاس مختلف اقسام کی جرابیں ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ مَلَابِسُ اللَّيْلِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس رات کا لباس ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا مَلَابِسُ اللَّيْلِ.	بائع	جی، ہمارے پاس رات کا لباس ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ مَلَابِسُ الرِّيَاضَةِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس کھیل کا لباس ہے؟
بائع	نَعَمْ، هِيَ مَوْجُودَةٌ.	بائع	جی، موجود ہے۔

سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ مَلَابِسَ نِسَائِيَّةً، وَكَذَا الْبَنْطَلُونَ مَعَ الْقَمِيصِ.	سعد	میں زنانہ سوٹ خریدنا چاہتا ہوں، نیز پینٹ شرٹ بھی۔
بائع	عِنْدَنَا جَمِيعُ أَقْسَامِ الْمَلَابِسِ.	بائع	ہمارے ہاں ہر قسم کے سوٹ ہیں۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ مَلَابِسَ الْأَطْفَالِ.	سعد	میں بچوں کے سوٹ خریدنا چاہتا ہوں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ فُسْتَانٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس فراک ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا فُسْتَانٌ أَيْضًا.	بائع	جی ہاں، ہمارے پاس فراک بھی ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ عِمَامَةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس پگڑی ہے؟
بائع	نَعَمْ.	بائع	جی۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ مَلَابِسُ خَارِجِيَّةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس بیرونی (امپورٹڈ) کپڑا ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا مَلَابِسُ خَارِجِيَّةٌ.	بائع	جی، ہمارے پاس بیرونی کپڑا ہے۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ مَلَابِسَ رِجَالِيَّةً	سعد	میں مردانہ سوٹ خریدنا چاہتا ہوں۔
سعد	أَعْطِنِي هٰذَا الْمَلْبَسَ، وَكَمْ قِيمَتُهُ؟	سعد	مجھے یہ لباس دیجیے، اس کی قیمت کیا ہے؟
بائع	قِيمَتُهُ مِائَةُ رِيَالٍ.	بائع	اس کی قیمت سو ریال ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ صُدْرَةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس واسکٹ ہے؟
بائع	نَعَمْ، هِيَ مَوْجُودَةٌ.	بائع	جی، موجود ہے۔
سعد	شُكْرًا لَكُمْ عَلَى حُسْنِ مُعَامَلَتِكُمْ، مَعَ السَّلَامَةِ.	سعد	آپ کے عمدہ برتاؤ کا شکریہ، سلامتی سے رہو۔
بائع	فِي أَمَانِ اللّٰهِ.	بائع	اللہ حافظ۔

فِي دُكَّانِ الْأَحْذِيَةِ | جوتوں کی دکان پر

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعد	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
بائع	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	بائع	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
سعد	مِنْ فَضْلِكَ أَرِنِي بَعْضَ الْأَحْذِيَةِ الْجِلْدِيَّةِ	سعد	براہِ مہربانی مجھے چمڑے کے کچھ جوتے دکھائیں۔
بائع	خُذْ هٰذِهِ يَا سَيِّدِي.	بائع	جناب یہ پکڑیے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ أَحْذِيَةٌ نِسَائِيَّةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس عورتوں کے جوتے ہیں؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا أَحْذِيَةٌ نِسَائِيَّةٌ.	بائع	جی، ہمارے پاس عورتوں کے جوتے ہیں۔
سعد	أُرِيدُ أَحْذِيَةً رَخِيصَةً	سعد	میں سستے جوتے خریدنا چاہتا ہوں۔
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا أَحْذِيَةٌ رَخِيصَةٌ أَيْضًا.	بائع	جی، ہمارے پاس سستے جوتے بھی ہیں۔
سعد	أُرِيدُ أَحْذِيَةً سَوْدَاءَ.	سعد	میں کالے رنگ کے جوتے خریدنا چاہتا ہوں۔
بائع	هِيَ مَوْجُودَةٌ أَيْضًا.	بائع	وہ بھی موجود ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ أَحْذِيَةٌ لِلْأَطْفَالِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس بچوں کے جوتے ہیں؟
بائع	نَعَمْ، خُذْ بَعْضَ الْعَيِّنَاتِ.	بائع	جی، یہ چند نمونے پکڑیے۔
سعد	هٰذَا الْحِذَاءُ كَبِيرٌ.	سعد	یہ جوتا بڑا ہے۔
بائع	لَا بَأْسَ، أُرِيكَ حِذَاءً آخَرَ.	بائع	کوئی بات نہیں، میں آپ کو دوسرا جوتا دکھاتا ہوں۔
سعد	طَيِّبٌ، وَفَّقَكَ اللّٰهُ.	سعد	ٹھیک ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق دے۔
بائع	أُنْظُرْ إِلَيْهِ، كَيْفَ هٰذَا؟	بائع	اسے دیکھیے! یہ کیسا ہے؟

سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ شَبَاشِبُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس چپلیں ہیں؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا شَبَاشِبُ.	بائع	جی، ہمارے پاس چپلیں ہیں۔
سعد	أُرِيدُ شِبْشِبًا أَسْوَدَ.	سعد	میں سیاہ چپل خریدنا چاہتا ہوں۔
بائع	يَا هِشَامُ! أَرِهِ شِبْشِبًا أَسْوَدَ.	بائع	ہشام! انھیں سیاہ چپل دکھاؤ۔
سعد	يَا أَخِي! هٰذَا غَالٍ.	سعد	بھائی! یہ مہنگی ہے۔
بائع	نَعَمْ، هٰذَا هُوَ السِّعْرُ الْمُحَدَّدُ.	بائع	جی، فکس ریٹ یہی ہے۔
سعد	لِمَاذَا؟	سعد	وہ کیوں؟
بائع	لِأَنَّ الْقِيمَةَ بِقَدْرِ جَوْدَةِ الشَّيْءِ.	بائع	اس لیے کہ قیمت چیز کی عمدگی کے مطابق ہوتی ہے۔
سعد	هٰذَا الْحِذَاءُ جَمِيلٌ جِدًّا.	سعد	یہ جوتا بہت خوبصورت ہے۔
بائع	اِلْبَسْهُ وَأَخْلِقْهُ، بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ.	بائع	اسے پہنیں اور بوسیدہ کریں (ہنڈائیں)، اللہ تعالیٰ آپ کو برکتیں دے۔
سعد	شُكْرًا لَّكَ.	سعد	آپ کا شکریہ۔
بائع	مَعَ السَّلَامَةِ.	بائع	سلامتی کے ساتھ جایئے۔

فِي دُكَّانِ الْخَيَّاطِ | درزی کی دکان پر

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعد	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
خَيّاط	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	درزی	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
سعد	أَيُّهَا الْخَيَّاطُ! أُرِيدُ مِنْكَ أَنْ تَأْخُذَ قِيَاسِي	سعد	درزی صاحب! میں چاہتا ہوں، آپ میرا ناپ لیں۔
خَيّاط	بِكُلِّ سُرُورٍ يَا أَخِي.	درزی	بڑی خوشی سے بھائی۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ تَخِيطَ لِي بَدْلَةً مِّنَ الطِّرَازِ الْحَدِيثِ	سعد	میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے نئے فیشن میں ایک سوٹ سی دیں۔
خَيّاط	أَتُحِبُّ التَّطْرِيزَ عَلَى بَدْلَتِكَ؟	درزی	کیا آپ کو سوٹ پر کڑھائی پسند ہے؟
سعد	نَعَمْ، أُحِبُّهُ، وَأُرِيدُ أَنْ تَخِيطَ لِي صُدْرَةً أَيْضًا.	سعد	جی، میں پسند کرتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے لیے ایک واسکٹ بھی سی دیں۔
خَيّاط	تَفَضَّلْ، اِلْبَسْ هٰذِهِ لِأَنَّهَا عَلَى قِيَاسِكَ تَمَامًا وَّعَلَى قَدِّكَ.	درزی	آئیے! آپ یہ پہن کر دیکھیں، کیونکہ یہ آپ کی پیمائش اور قد کے بالکل مطابق ہے۔
سعد	مَتٰى تَخِيطُ لِي هٰذِهِ الْبَدْلَةَ؟	سعد	آپ مجھے یہ سوٹ کب سی کر دیں گے؟
خَيّاط	أَخِيطُهَا يَوْمَ السَّبْتِ، وَتَكُونُ جَاهِزَةً إِنْ شَاءَ اللّٰهُ يَوْمَ الْأَحَدِ.	درزی	ان شاء اللہ ہفتے کے دن سی لوں گا اور اتوار کے دن تیار ہو چکے ہوں گے۔
سعد	بِكَمِ الْخِيَاطَةُ؟	سعد	سلائی کتنی ہوگی؟
خَيّاط	بِعِشْرِينَ رِيَالًا.	درزی	بیس ریال۔
سعد	شُكْرًا لَّكَ يَا أَخِي.	سعد	بھائی جان! آپ کا شکریہ۔

	فِي الْمَطْعَمِ		ہوٹل میں
سعد	هَلْ يُوجَدُ هُنَا مَطْعَمٌ بَاكِسْتَانِيٌّ؟	سعد	کیا یہاں پاکستانی ریسٹورنٹ ہے؟
نبيل	نَعَمْ، يُوجَدُ.	نبیل	جی ہاں، موجود ہے۔
سعد	هَلْ يُوجَدُ هُنَا مَطْعَمٌ هِنْدِيٌّ أَيْضًا؟	سعد	کیا یہاں ہندوستانی ریسٹورنٹ بھی ہے؟
نبيل	نَعَمْ، يُوْجَدُ هُنَا مَطْعَمٌ هِنْدِيٌّ أَيْضًا.	نبیل	جی ہاں، یہاں ہندوستانی ریسٹورنٹ بھی ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ غَدَآءٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس دوپہر کا کھانا ہے؟
نادِل	نَعَمْ.	بیرا	جی۔
سعد	مَاذَا عِنْدَكُمْ فِي الْغَدَاءِ؟	سعد	دوپہر کے کھانے میں تمھارے پاس کیا ہے؟
نادل	لَدَيْنَا لَحْمُ الْغَنَمِ، وَ لَحْمُ الدَّجَاجِ مَشْوِيًّا وَّ طَعَامٌ مُفَلْفَلٌ وَّ غَيْرُ مُفَلْفَلٍ.	بیرا	ہمارے پاس بکری اور مرغ کا بھنا ہوا گوشت، مرچ والا اور بلا مرچ کھانا موجود ہے۔
سعد	هَلْ لَّدَيكُمْ أَطْعِمَةٌ بَاكِسْتَانِيَّةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس پاکستانی کھانے ہیں؟
نادل	نَعَمْ، عِنْدَنَا أَطْعِمَةٌ بَاكِسْتَانِيَّةٌ.	بیرا	جی، ہمارے پاس پاکستانی کھانے ہیں۔
سعد	أُرِيدُ طَعَامًا مُفَلْفَلًا، وَهَلْ لَّدَيْكُمْ أَرُزٌّ وَلَحْمُ الْعِجْلِ؟	سعد	میں مرچ والا کھانا کھانا چاہتا ہوں اور کیا آپ کے پاس چاول اور بچھڑے کا گوشت ہے؟
نادل	نَعَمْ، لَدَيْنَا أَرُزٌّ وَلَحْمُ الْعِجْلِ.	بیرا	جی، ہمارے پاس چاول اور بچھڑے کا گوشت ہے۔
سعد	أُرِيدُ لَحْمَ الدَّجَاجِ وَ تَمِيسًا وَّ زَبَادِيًّا	سعد	میں مرغی کا گوشت، نان اور دہی کھانا چاہتا ہوں۔
	فِي الْمَطْعَمِ الْكَبِيرِ		(بڑے ریسٹورنٹ میں)
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔

نادل	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	بیرا	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ!
نادل	أَيَّ شَيْءٍ تُرِيدُ مِنَ الْأَطْعِمَةِ؟	بیرا	آپ کون سا کھانا، کھانا چاہتے ہیں؟
سعد	أُرِيدُ لَحْمًا مَفْرُومًا وَشَيْئًا مِّنَ الْخَضْرَاوَاتِ.	سعد	میں قیمہ اور کچھ سبزیاں کھانا چاہتا ہوں۔
سعد	مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي شَيْئًا مِنْ فِلْفِلٍ أَسْوَدَ. أُرِيدُ فِلْفِلًا أَحْمَرَ. أُرِيدُ فِلْفِلًا أَخْضَرَ. أُرِيدُ بَعْضَ الْمِلْحِ. أُرِيدُ مِلْعَقَةً صَغِيرَةً. أُرِيدُ الْمَآءَ الْبَارِدَ.	سعد	براہِ مہربانی کچھ کالی مرچ دے دیں۔ مجھے سرخ مرچ چاہیے۔ مجھے سبز مرچ چاہیے۔ مجھے کچھ نمک چاہیے۔ مجھے چھوٹا چمچ چاہیے۔ مجھے ٹھنڈا پانی چاہیے۔
سعد	طَعَامُكُمْ لَذِيذٌ، سَأَتَنَاوَلُ الْعَشَاءَ يَوْمًا مَّا فِي مَطْعَمِكُمْ أَيْضًا.	سعد	تمھارا کھانا لذیذ ہے، کسی دن شام کا کھانا بھی تمھارے ریسٹورنٹ میں کھاؤں گا۔
سعد	وَ مَا يَكُونُ عِنْدَكُمْ مِّنَ الْعَشَاءِ؟	سعد	رات کے کھانے میں آپ کے پاس کیا ہوتا ہے؟
نادِل	عِنْدَنَا شَيْءٌ كَثِيرٌ مِّمَّا تَشْتَهِيهِ.	بیرا	ہمارے پاس آپ کی رغبت کی بہت سی چیزیں ہیں۔
سعد	أُرِيدُ الْحَلِيبَ أَيْضًا.	سعد	میں دودھ بھی چاہتا ہوں۔
سعد	بِكَمْ هٰذَا الطَّعَامُ؟	سعد	یہ کھانا کتنے کا ہے۔
نادل	بِعَشْرِ رِيَالَاتٍ.	بیرا	دس ریال کا۔
	اَلْفُطُورُ		**ناشتہ**
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ فُطُورٌ جَاهِزٌ؟	سعد	کیا آپ کے ہاں ناشتہ تیار ہے؟
نادِل	نَعَمْ، اَلْفُطُورُ جَاهِزٌ.	بیرا	جی ہاں، ناشتہ تیار ہے۔

سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْرَبَ الشَّايَ. أُرِيدُ أَنْ أَشْرَبَ الْحَلِيبَ. أَنَا لَا أَشْرَبُ الْقَهْوَةَ. أَنَا أُفَضِّلُ الشَّايَ الْأَخْضَرَ. أَنَا أَشْرَبُ الشَّايَ بِالْحَلِيبِ. أَنَا أُحِبُّ الْحَلِيبَ.	سعد	میں چائے پینا چاہتا ہوں۔ میں دودھ پینا چاہتا ہوں۔ میں قہوہ نہیں پیتا۔ میں سبز چائے کو ترجیح دیتا ہوں۔ میں دودھ والی چائے پیتا ہوں۔ مجھے دودھ پسند ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ عَسَلٌ صَافٍ؟	سعد	کیا آپ کے پاس خالص شہد ہے؟
نادل	نَعَمْ، عِنْدَنَا عَسَلٌ صَافٍ.	بیرا	جی، ہمارے پاس خالص شہد ہے۔
سعد	مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي بَعْضَ السُّكَّرِ	سعد	براہِ مہربانی مجھے کچھ چینی دے دیں۔
سعد	وَهَلْ عِنْدَكُمْ زُبْدَةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس مکھن ہے؟
نادل	نَعَمْ، عِنْدَنَا زُبْدَةٌ.	بیرا	جی ہاں، ہمارے پاس مکھن ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ سَمْنٌ نَبَاتِيٌّ؟	سعد	کیا آپ کے پاس بناسپتی گھی ہے؟
نادل	نَعَمْ.	بیرا	جی ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ زَيْتُ الزَّيْتُونِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس زیتون کا تیل ہے؟
نادل	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ أَيْضًا. وَبِكَمْ هٰذَا الْفُطُورُ؟	بیرا	جی، وہ بھی موجود ہے۔ یہ ناشتہ کتنے کا ہے؟
نادل	بِخَمْسِ رِيَالَاتٍ.	بیرا	پانچ ریال کا ہے۔
سعد	كَمْ مَجْمُوعُ الْحِسَابِ؟	سعد	کل کتنا بل بنا ہے؟
نادل	خَمْسَةَ عَشَرَ رِيَالًا.	بیرا	پندرہ ریال۔
سعد	طَيِّبٌ، مَعَ السَّلَامَةِ.	سعد	ٹھیک ہے، سلامتی کے ساتھ رہیے۔

فِي دُكَّانِ الْفَوَاكِهِ | پھلوں کی دکان پر

سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الْفَوَاكِهِ.	سعد	میں کچھ پھل خریدنا چاہتا ہوں۔
بائع	تَفَضَّلْ، هٰذِهِ الْفَوَاكِهُ طَازَجَةٌ	بائع	تشریف رکھیے، یہ تازہ پھل ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ تُفَّاحٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس سیب ہیں؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا تُفَّاحٌ.	بائع	جی، ہمارے پاس سیب ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ بُرْتُقَالٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس مالٹے ہیں؟
بائع	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	بائع	جی، موجود ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ خُوخٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس آڑو ہیں؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا خُوخٌ.	بائع	جی، ہمارے پاس آڑو ہیں۔
سعد	أُرِيدُ كِيلُوَيْنِ مِنَ الْعِنَبِ	سعد	مجھے دو کلو انگور چاہییں۔
بائع	هَاكَ يَاسَيِّدِي.	بائع	جناب! یہ لیجیے۔
سعد	أُرِيدُ ثَلَاثَ كِيلُوغَرَامٍ مِّنْ عِنَبٍ أَسْوَدَ أَيْضًا.	سعد	مجھے تین کلو سیاہ انگور بھی چاہییں۔
بائع	نَعَمْ، يَا أَخِي.	بائع	ٹھیک ہے، بھائی جان۔
سعد	أُرِيدُ نِصْفَ كِيلُو غَرَامٍ زَيْتُونًا	سعد	مجھے آدھا کلو زیتون چاہیے۔
بائع	خُذْ يَا سَيِّدِي.	بائع	پکڑیے، جناب۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ جَوْزٌ هِنْدِيٌّ؟	سعد	کیا آپ کے پاس ناریل ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا جَوْزٌ هِنْدِيٌّ	بائع	جی، ہمارے پاس ناریل ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ مِشْمِشٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس خوبانی ہے؟

جی ہاں، وہ موجود ہے۔	بائع	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	بائع
ایک کلو کتنے کی ہے؟	سعد	بِكَمْ كِيلُوغَرَامٍ؟	سعد
بیس ریال کی ہے۔	بائع	بِعِشْرِينَ رِيَالًا.	بائع
کیا آپ کے پاس ناشپاتی ہے؟	سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ كُمَّثْرٰى؟	سعد
جی ہاں، ہمارے پاس ناشپاتی ہے۔	بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا كُمَّثْرٰى.	بائع
مجھے دو کلو آم دے دیں۔	سعد	أَعْطِنِي كِيلُوَيْنِ مِن مَّانْجُو	سعد
جی، یہ ہیں دو کلو آم۔	بائع	نَعَمْ، هٰذَا كِيلُوَانِ مِن مَّانْجُو.	بائع
تربوز کتنے کے کلو ہیں؟	سعد	بِكَمِ الْكِيلُو مِنَ الْبِطِّيخِ الْأَحْمَرِ؟	سعد
تین ریال کے۔	بائع	بِثَلَاثِ رِيَالَاتٍ.	بائع
شہتوت کتنے کے کلو ہیں؟	سعد	بِكَمِ الْكِيلُو مِنَ التُّوتِ؟	سعد
چار ریال کے۔	بائع	بِأَرْبَعِ رِيَالَاتٍ.	بائع
تازہ کھجور (ڈوکے) کیا کلو ہے؟	سعد	بِكَمِ الْكِيلُو مِنَ الرُّطَبِ؟	سعد
پانچ ریال کی۔	بائع	بِخَمْسِ رِيَالَاتٍ.	بائع
کیا آپ کے پاس پستہ ہے؟	سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ فُسْتُقٌ؟	سعد
جی ہاں، ہمارے پاس پستہ ہے۔	بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا فُسْتُقٌ.	بائع
کیا آپ کے پاس بادام ہیں؟	سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ لَوْزٌ؟	سعد
جی، ہمارے پاس بادام ہیں۔	بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا لَوْزٌ.	بائع
مجھے تین کلو لبنانی سیب دے دیں۔	سعد	أَعْطِنِي ثَلَاثَ كِيلُوغَرَامٍ مِّنَ التُّفَّاحِ اللُّبْنَانِيِّ	سعد
جی، بھائی جان! ابھی دیتا ہوں۔	بائع	نَعَمْ، سَأُعْطِيكَ يَا أَخِي.	بائع
مجھے ایک کلو امرود دے دیں۔	سعد	أَعْطِنِي كِيلُوًا مِّنْ جَوَّافَةٍ	سعد

بائع	عَلَى الرَّأْسِ وَالْعَيْنِ يَا سَيِّدِي.	بائع	جناب! سر آنکھوں پہ۔
سعد	بِكَمْ هٰذِهِ الْفَوَاكِهُ كُلُّهَا؟	سعد	یہ تمام پھل کتنے کے ہیں؟
بائع	هٰذِهِ الْفَوَاكِهُ كُلُّهَا بِثَلَاثِينَ رِيَالًا.	بائع	یہ سب پھل تیس ریال کے ہیں۔

فِي دُكَّانِ الْخُضْرَاوَاتِ | سبزی کی دکان پر

سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الْخَضْرَاوَاتِ.	سعد	میں کچھ سبزیاں خریدنا چاہتا ہوں۔
بائع	تَفَضَّلْ يَاسَيِّدِي.	بائع	محترم! تشریف لائیے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ خَضْرَاوَاتٌ طَازَجَةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس تازہ سبزیاں ہیں؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا خَضْرَاوَاتٌ طَازَجَةٌ.	بائع	جی، ہمارے پاس تازہ سبزیاں ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ بَطَاطَسٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس آلو ہیں؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا بَطَاطَسٌ.	بائع	جی، ہمارے پاس آلو ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ طَمَاطِمُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس ٹماٹر ہیں؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا طَمَاطِمُ.	بائع	جی، ہمارے پاس ٹماٹر ہیں۔
سعد	أُرِيدُ كِيلُو غَرَامٍ مِّنَ الْبَامِيَا، وَهَلْ عِنْدَكُمْ يَقْطِينٌ؟	سعد	مجھے ایک کلو بھنڈی چاہیے اور کیا آپ کے پاس پیٹھا کدو ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا يَقْطِينٌ أَيْضًا.	بائع	جی، ہمارے پاس پیٹھا کدو بھی ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ ثُومٌ وَّفِجْلٌ وَّخِيَارٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس لہسن، مولی اور کھیرے ہیں؟
بائع	نَعَمْ.	بائع	جی ہیں۔
سعد	بِكَمِ الْكِيلُو مِنَ الْخِيَارِ؟	سعد	ایک کلو کھیرے کتنے کے ہیں؟
بائع	بِرِيَالَيْنِ.	بائع	دو ریال کے۔
سعد	بِكَمِ الْكِيلُو مِنَ الْبَاذِنْجَانِ؟	سعد	ایک کلو بینگن کتنے کے ہیں؟
بائع	كِيلُوغَرَامٍ مِنَ الْبَاذِنْجَانِ بِثَلَاثِ رِيَالَاتٍ.	بائع	ایک کلو بینگن تین ریال کے ہیں۔
سعد	أُرِيدُ مَلْفُوفًا ثَلَاثَ كِيلُو غَرَامٍ، وَكِيلُو غَرَامٍ مِّنْ فَاصُولِيَا وَبَعْضَ الذُّرَةِ.	سعد	مجھے تین کلو بند گوبھی، ایک کلو لوبیا اور کچھ مکئی چاہیے۔

بائع	نَعَمْ، يَا أَخِي.	بائع	ٹھیک ہے، بھائی جان۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ زَنْجَبِيلٌ أَخْضَرُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس ادرک ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا زَنْجَبِيلٌ أَخْضَرُ.	بائع	جی، ہمارے پاس ادرک ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ قَرْنَبِيطٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس گوبھی ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا قَرْنَبِيطٌ.	بائع	جی ہاں، ہمارے پاس گوبھی ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ جَزَرٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس گاجر ہے؟
بائع	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	بائع	جی، موجود ہے۔
سعد	أُرِيدُ رُبْعَ الْكِيلُو فِلْفِلًا أَخْضَرَ، وَنِصْفَ الْكِيلُو لَيْمُونًا.	سعد	مجھے ایک پاؤ سبز مرچ اور آدھا کلو لیموں چاہئیں۔
سعد	أُرِيدُ شَيْئًا مِّنَ الْكُزْبُرَةِ	سعد	مجھے کچھ دھنیا چاہیے۔
بائع	نَعَمْ، يَاسَيِّدِي! سَأُعْطِيكَهَا.	بائع	ٹھیک ہے، جناب! میں ابھی وہ دیتا ہوں۔
سعد	شُكْرًا لَّكُمْ.	سعد	آپ کا شکریہ۔
بائع	مَعَ السَّلَامَةِ.	بائع	آپ سلامت رہیں۔

فِي الْبَقَالَةِ | کھانے پینے کی چیزوں کے سٹور میں

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعد	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
بائع	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	بائع	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
سعد	أُرِيدُ بَعْضَ الْمَوَادِّ الْغِذَائِيَّةِ، وَ بَعْضَ اللَّوَازِمِ	سعد	مجھے کھانے کی کچھ چیزیں اور بعض دیگر ضروری چیزیں چاہییں۔
بائع	تَفَضَّلْ، هٰذَا مَحَلٌّ لِبَيْعِ الْمَوَادِّ الْغِذَائِيَّةِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ.	بائع	تشریف لائیے، یہاں کھانے کی اشیاء وغیرہ فروخت ہوتی ہیں۔
سعد	أَعْطِنِي خَمْسَةَ كِيلُوغَرَامٍ مِّنَ الْأَرُزِّ	سعد	مجھے پانچ کلو چاول دے دیں۔
بائع	وَهَلْ تُرِيدُ شَيْئًا آخَرَ؟	بائع	کیا آپ کو کوئی اور چیز چاہیے؟
سعد	نَعَمْ، مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي كِيلُوغَرَامٍ مِّنْ عَدَسٍ، وَخَمْسَةَ كِيلُوغَرَامٍ سُكَّرًا، وَصَابُونَ الْغَسِيلِ أَيْضًا. وَأُرِيدُ أَيْضًا كِيلُوغَرَامٍ مِّنَ الشَّايِ الْأَخْضَرِ وَنِصْفَ كِيلُوغَرَامٍ مِّنَ الشَّايِ الْأَسْوَدِ.	سعد	جی ہاں، براہِ مہربانی مجھے ایک کلوگرام دال، پانچ کلو چینی اور کپڑے دھونے والا صابن دے دیں۔ اور مجھے ایک کلو سبز چائے اور آدھا کلو سیاہ چائے بھی چاہیے۔
سعد	وَهَلْ عِنْدَكُمْ صَابُونُ الِاسْتِحْمَامِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس نہانے کا صابن ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا صَابُونُ الِاسْتِحْمَامِ.	بائع	جی، ہمارے پاس نہانے کا صابن ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ حُلْبَةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس میتھی ہے؟
بائع	نَعَمْ.	بائع	جی ہے۔

سعد	أُرِيدُ ثَلَاثَةَ كِيلُوغرَام زَيْتًا نَبَاتِيًّا وَهَلْ عِنْدَكُم مَّعْجُونُ الطَّمَاطِمِ؟	سعد	مجھے تین کلو بناسپتی گھی چاہیے۔ اور کیا آپ کے پاس ٹماٹو کیچپ ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا مَعْجُونُ الطَّمَاطِمِ.	بائع	جی، ہمارے پاس ٹماٹو کیچپ ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ حِمَّصٌ وَّبَهَارَاتٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس چنے اور مسالاجات ہیں؟
بائع	نَعَمْ، هُمَا مَوْجُودَانِ.	بائع	جی ہاں، دونوں موجود ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ حَلِيبٌ مُّجَفَّفٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس خشک دودھ ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا حَلِيبٌ مُّجَفَّفٌ.	بائع	جی، ہمارے پاس خشک دودھ ہے۔
سعد	أُرِيدُ الْقَهْوَةَ وَالْمِلْحَ وَكِيلُوغرَامٍ مِّنْ سُكَّرٍ. وَأُرِيدُ عُلْبَةً صَغِيرَةً مِّنْ زَيْتِ الزَّيْتُونِ.	سعد	مجھے قہوہ، نمک اور ایک کلو چینی چاہیے، نیز مجھے زیتون کے تیل کا ایک چھوٹا ڈبہ چاہیے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُم مَّكْرُونَةٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس مکرونہ ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا مَكْرُونَةٌ.	بائع	جی، ہمارے پاس مکرونہ ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ خَلٌّ؟	سعد	کیا آپ کے پاس سرکہ ہے؟
بائع	نَعَمْ، عِنْدَنَا خَلٌّ.	بائع	جی، ہمارے پاس سرکہ ہے۔
سعد	مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي سِتَّ بَيْضَاتٍ وَبَعْضَ الْأَشْيَاءِ لِلْفُطُورِ	سعد	براہِ مہربانی مجھے چھ انڈے اور ناشتے کے لیے کچھ چیزیں دے دیں۔
بائع	هَلْ تُرِيدُ شَيْئًا آخَرَ؟	بائع	کیا آپ کو کوئی اور چیز چاہیے؟
سعد	نَعَمْ، أُرِيدُ الْقِشْدَةَ وَالْعَسَلَ وَالزُّبْدَةَ أَيْضًا. بِكَمْ هٰذِهِ الْأَشْيَاءُ كُلُّهَا؟	سعد	جی، مجھے بالائی، شہد اور مکھن بھی چاہیے۔ یہ تمام چیزیں کتنے کی ہیں؟
بائع	هٰذِهِ الْأَشْيَاءُ كُلُّهَا بِخَمْسِينَ رِيَالًا.	بائع	یہ تمام چیزیں پچاس ریال کی ہیں۔
سعد	خُذْ، هٰذِهِ خَمْسُونَ رِيَالًا.	سعد	لیجیے! یہ پچاس ریال ہیں۔

فِي دُكَّانِ الْمُجَوْهَرَاتِ | جیولری کی دکان میں

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعد	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
جَوْهَرِيّ	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	جوہری	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
سعد	مِنْ فَضْلِكَ أَرِنِي بَعْضَ النَّمَاذِجِ مِنَ الْخَوَاتِيمِ.	سعد	براہِ مہربانی مجھے انگوٹھیوں کے کچھ نمونے دکھائیں۔
جَوْهَرِيّ	نَعَمْ، يَا سَيِّدِي.	جوہری	جناب! ٹھیک ہے۔
سعد	كَمْ قِيمَةُ هٰذَا الْخَاتَمِ؟	سعد	اس انگوٹھی کی کتنی قیمت ہے؟
جَوْهَرِيّ	قِيمَتُهُ خَمْسُونَ رِيَالًا.	جوہری	اس کی قیمت پچاس ریال ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ خَوَاتِيمُ مِنْ فِضَّةٍ؟	سعد	کیا آپ کے پاس چاندی کی انگوٹھیاں ہیں؟
جَوْهَرِيّ	نَعَمْ، عِنْدَنَا خَوَاتِيمُ مِنْ فِضَّةٍ.	جوہری	جی، ہمارے پاس چاندی کی انگوٹھیاں ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ أَقْرَاطٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس کان کی بالیاں ہیں؟
جَوْهَرِيّ	نَعَمْ، عِنْدَنَا أَقْرَاطٌ ذَهَبِيَّةٌ وَّأَقْرَاطٌ مِّنْ فِضَّةٍ.	جوہری	جی، ہمارے پاس سونے اور چاندی کی بالیاں ہیں۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ هٰذِهِ الْحُلِيَّ وَأُرِيدُ قِلَادَةً كَبِيرَةً، وَقِلَادَةً صَغِيرَةً.	سعد	میں یہ زیورات خریدنا چاہتا ہوں، ایک بڑا ہار اور ایک چھوٹا ہار بھی خریدنا چاہتا ہوں۔
جَوْهَرِيّ	سَأُرِيكَ مَا يُقِرُّ عَيْنَكَ.	جوہری	میں آپ کو وہ کچھ دکھاتا ہوں جس سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں گی۔
سعد	أَعْطِنِي أَسْوِرَةً مِّنْ فِضَّةٍ، وَكَمْ	سعد	مجھے چاندی کے کنگن دے دیں، نیز ایک

	قِيمَةُ غَرَامٍ وَّاحِدٍ مِّنَ الذَّهَبِ؟		گرام سونے کی کیا قیمت ہے؟
جَوْهَرِيّ	قِيمَةُ غَرَامٍ وَّاحِدٍ مِائَتَا رِيَالٍ.	جوہری	ایک گرام کی قیمت دوسو ریال ہے۔
سعد	كَمْ قِيمَةُ غَرَامٍ وَّاحِدٍ مِّنَ الْفِضَّةِ؟	سعد	ایک گرام چاندی کی کیا قیمت ہے؟
جَوْهَرِيّ	قِيمَتُهُ خَمْسُ رِيَالَاتٍ.	جوہری	ایک گرام کی قیمت پانچ ریال ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ عِقْدٌ صَغِيرٌ وَّجَمِيلٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس چھوٹا اور خوبصورت ہار ہے؟
جَوْهَرِيّ	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ عِنْدَنَا.	جوہری	جی ہاں، وہ ہمارے پاس موجود ہے۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ سِلْسِلَةٌ مِّنَ الذَّهَبِ؟	سعد	کیا آپ کے پاس سونے کی زنجیر ہے؟
جَوْهَرِيّ	نَعَمْ، عِنْدَنَا سِلْسِلَةٌ مِّنَ الذَّهَبِ.	جوہری	جی، ہمارے پاس سونے کی زنجیر ہے۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ قِلَادَةً مِنْ ذَهَبٍ مُّرَصَّعَةً بِالْحِجَارَةِ الْكَرِيمَةِ	سعد	میں سونے کا ایسا ہار خریدنا چاہتا ہوں جس میں قیمتی پتھر جڑے ہوئے ہوں۔
جَوْهَرِيّ	نَعَمْ، عِنْدَنَا أَنْوَاعٌ مُّخْتَلِفَةٌ مِّنْهَا.	جوہری	جی، ہمارے پاس اس کی مختلف ورائٹیاں ہیں۔
سعد	وَأُرِيدُ أَيْضًا حَلْقَةً مَنْقُوشَةً مِّنَ الْفِضَّةِ، وَ بِكَمْ هٰذِهِ الْأَشْيَاءُ كُلُّهَا؟	سعد	اور میں چاندی کا ایک منقش کڑا بھی خریدنا چاہتا ہوں، ان تمام چیزوں کی کتنی قیمت ہے؟
جَوْهَرِيّ	كُلُّ هٰذِهِ الْأَشْيَاءِ بِخَمْسِ مِائَةِ رِيَالٍ.	جوہری	یہ تمام چیزیں پانچ سو ریال کی ہیں۔
سعد	هَلْ عِنْدَكُمْ خَاتَمٌ ضَخِيمٌ وَّثَقِيلٌ؟	سعد	کیا آپ کے پاس موٹی اور وزنی انگوٹھی ہے؟
جَوْهَرِيّ	نَعَمْ، عِنْدَنَا خَاتَمٌ ضَخِيمٌ وَّثَقِيلٌ.	جوہری	جی، ہمارے پاس موٹی اور وزنی انگوٹھی ہے۔
سعد	أُرِيدُ أَيْضًا خَاتَمًا صَغِيرًا وَّخَفِيفًا.	سعد	مجھے چھوٹی اور کم وزن انگوٹھی بھی چاہیے۔
جَوْهَرِيّ	مَا رَأْيُكَ عَنْ هٰذَا الْخَاتَمِ؟	جوہری	اس انگوٹھی کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟
سعد	هٰذَا الْخَاتَمُ نَفِيسٌ جِدًّا، بِكَمْ هٰذِهِ الْحُلِيُّ وَالْخَاتَمُ؟	سعد	یہ انگوٹھی بہت اچھی ہے، یہ زیورات اور انگوٹھی کتنے کی ہیں؟
جَوْهَرِيّ	بِمِائَةِ رِيَالٍ.	جوہری	سو ریال کی ہیں۔

سعد	مِنْ فَضْلِكَ ضَعْ هٰذِهِ الْأَشْيَاءَ كُلَّهَا فِي مَحْفَظَةٍ.	سعد	براہِ مہربانی یہ تمام چیزیں ایک بیگ میں رکھ دیں۔
جَوْهَرِيّ	مَعَ السَّلَامَةِ.	جوہری	آپ سلامت رہیں۔

فِي الْفُنْدُقِ | ریسٹورنٹ میں

وَصَلَ أَحْمَدُ إِلٰى مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ. وَاتَّجَهَ إِلٰى فُنْدُقٍ قَرِيبٍ مِّنَ الْحَرَمِ. وَ دَخَلَ الْفُنْدُقَ فَوَجَدَ مُوَظَّفَ الاِسْتِقْبَالِ

احمد مکہ مکرمہ پہنچا اور حرم سے قریبی ہوٹل کا رخ کیا۔ وہ ہوٹل میں داخل ہوا تو اس نے استقبالی ملازم (ریسپشنسٹ) کو پایا۔

أحمد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	احمد	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
موظف	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	ملازم	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
أحمد	هَلْ تُوجَدُ غُرْفَةٌ خَالِيَةٌ؟	احمد	کیا کوئی خالی کمرہ ہے؟
موظف	نَعَمْ، عِنْدَنَا غُرَفٌ بِسَرِيرٍ وَّاحِدٍ وَغُرَفٌ بِسَرِيرَيْنِ	ملازم	جی ہاں، ہمارے پاس ایک بیڈ اور دو بیڈ والے کمرے ہیں۔
أحمد	أُرِيدُ غُرْفَةً بِسَرِيرٍ وَّاحِدٍ.	احمد	مجھے ایک بیڈ والا کمرہ چاہیے۔
موظف	بِكُلِّ سُرُورٍ.	ملازم	بڑی خوشی سے۔
أحمد	كَمْ إِيجَارُ الْغُرْفَةِ فِي الْيَوْمِ؟	احمد	کمرے کا یومیہ کرایا کتنا ہے؟
موظف	إِيجَارُ الْغُرْفَةِ فِي الْيَوْمِ ثَمَانُونَ رِيَالًا.	ملازم	کمرے کا یومیہ کرایا اسی ریال ہے۔
أحمد	إِذَنْ أَرْجُو أَنْ تَحْجِزَ لِي غُرْفَةً لِمُدَّةِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ.	احمد	پھر میں چاہتا ہوں کہ آپ تین دن کے لیے میرے لیے ایک کمرہ بک کر دیں۔
موظف	بِكُلِّ سُرُورٍ، مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي جَوَازَ السَّفَرِ أَأَنْتَ بَاكِسْتَانِيٌّ؟	ملازم	بڑی خوشی سے، براہِ مہربانی مجھے اپنا پاسپورٹ دیجیے۔ کیا آپ پاکستانی ہیں؟
أحمد	نَعَمْ، أَنَا بَاكِسْتَانِيٌّ.	احمد	جی ہاں، میں پاکستانی ہوں۔

موظف	اِمْلَأِ الْبِطَاقَةَ مِنْ فَضْلِكَ.	ملازم	مہربانی کر کے یہ کارڈ پر کر دیجیے۔
أحمد	بِكُلِّ سُرُورٍ ...... تَفَضَّلْ، لَقَدْ مَلَأْتُ الْبِطَاقَةَ.	احمد	بڑی خوشی سے...... لیجیے، میں نے کارڈ پُر کر دیا ہے۔
موظف	تَفَضَّلْ، هٰذَا مِفْتَاحُ الْغُرْفَةِ.	ملازم	لیجیے، یہ کمرے کی چابی ہے۔
أحمد	شُكْرًا، وَأَيْنَ الْغُرْفَةُ؟	احمد	شکریہ، کمرہ کہاں ہے؟
موظف	اَلْغُرْفَةُ فِي الطَّابَقِ الْخَامِسِ، رَقْمُهَا «٥٥» وَيُمْكِنُكَ اسْتِخْدَامُ الْمِصْعَدِ، هُوَ عَلٰى يَمِينِكَ.	ملازم	کمرہ پانچویں منزل پر ہے، اس کا نمبر 55 ہے۔ آپ لفٹ استعمال کر سکتے ہیں۔ وہ آپ کے دائیں جانب ہے۔

فِي الْمَصْرِفِ (الْبَنْك) | بینک میں

يَدْخُلُ كَمَالٌ فِي الْمَصْرِفِ وَ يَأْخُذُ رَقْمًا وَيَجْلِسُ عَلَى الْكُرْسِيِّ حَتّٰى يَظْهَرَ رَقْمُهُ عَلَى اللَّوْحَةِ الْإِلِكْتَرُونِيَّةِ

کمال بینک میں داخل ہوتا ہے۔ نمبر لیتا ہے اور کرسی پر بیٹھ جاتا ہے یہاں تک کہ اس کا نمبر الیکٹرانی تختی پر نمودار ہوتا ہے۔

موظف	مَرْحَبًا بِكَ ..... أَيُّ خِدْمَةٍ؟	ملازم	خوش آمدید..... میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں؟
كمال	أُرِيدُ أَنْ أَفْتَحَ حِسَابًا	کمال	میں اکاؤنٹ کھولنا چاہتا ہوں۔
موظف	أَ تُرِيدُ حِسَابَ التَّوْفِيرِ أَمِ الْحِسَابَ الْجَارِيَ؟	ملازم	کیا آپ سیونگ اکاؤنٹ کا ارادہ رکھتے ہیں یا کرنٹ اکاؤنٹ کا؟
كمال	أُرِيدُ حِسَابًا جَارِيًا	کمال	میں کرنٹ اکاؤنٹ کا ارادہ رکھتا ہوں۔
موظف	مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي بِطَاقَتَكَ الشَّخْصِيَّةَ.	ملازم	براہِ مہربانی مجھے اپنا شناختی کارڈ دیجیے۔
كمال	تَفَضَّلْ ، هٰذِهِ هِيَ الْبِطَاقَةُ.	کمال	لیجیے، یہ رہا کارڈ۔
موظف	إِمْلَأْ هٰذِهِ الِاسْتِمَارَةَ وَوَقِّعْهَا.	ملازم	یہ فارم پر کریں اور اس پر دستخط کر دیں۔
كمال	مَا رَقْمُ حِسَابِي؟	کمال	میرا اکاؤنٹ نمبر کیا ہے؟
موظف	رَقْمُ حِسَابِكَ هُوَ «٢٥٣٦». مَا الْمَبْلَغُ الَّذِي تُرِيدُ إِيدَاعَهُ فِي حِسَابِكَ؟	ملازم	آپ کا اکاؤنٹ نمبر 2536 ہے۔ آپ اپنے اکاؤنٹ میں کتنی رقم جمع کرانا چاہتے ہیں؟
كمال	خَمْسَةُ آلَافِ رُوبِيَّةٍ. أُرِيدُ دَفْتَرَ شِيكَاتٍ.	کمال	پانچ ہزار روپے۔ مجھے چیک بک چاہیے۔

موظف	سَيَصِلُكَ بَعْدَ أُسْبُوعٍ.	ملازم	وہ آپ کو ایک ہفتے بعد ملے گی۔
كمال	هَلْ أَسْتَطِيعُ أَنْ أَسْحَبَ مِنْ رَصِيدِي فِي أَيِّ وَقْتٍ؟	کمال	کیا میں کسی بھی وقت اپنا محفوظ سرمایہ (بیلنس) نکال سکتا ہوں؟
موظف	نَعَمْ، يُمْكِنُكَ ذٰلِكَ عَنْ طَرِيقِ بِطَاقَةِ الصَّرَّافِ الْآلِي	ملازم	جی ہاں، آپ ATM Card کے ذریعے ایسا کر سکتے ہیں۔
كمال	شُكْرًا.	کمال	شکریہ۔
موظف	عَفْوًا.	ملازم	کوئی بات نہیں۔

فِي حَدِيقَةِ الْحَيَوَانَاتِ | چڑیا گھر میں

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
سعيد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعید	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔
سعد	يَا سَعِيدُ! أَلَا تُرَافِقُنِي إِلَى حَدِيقَةِ الْحَيَوَانَاتِ؟	سعد	سعید! کیا تو میرے ساتھ چڑیا گھر نہیں چلے گا؟
سعيد	أُرَافِقُكَ بِكُلِّ فَرَحٍ وَّسُرُورٍ.	سعید	پوری خوشی اور سرور کے ساتھ جاؤں گا۔
سعد	أَنَرْكَبُ الْبَاصَّ أَوْ نَأْخُذُ سَيَّارَةَ الْأُجْرَةِ؟	سعد	کیا ہم بس کے ذریعے جائیں یا کرائے کی ٹیکسی لے لیں؟
سعيد	كَمَا تُرِيدُ يَا حَبِيبِي! مَا عِنْدِي أَيُّ مَانِعٍ.	سعید	میرے پیارے دوست! جیسے تم چاہو، میری طرف سے کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔
سعد	أَنَا أُفَضِّلُ رُكُوبَ التَّاكْسِي حِفَاظًا عَلَى الْوَقْتِ.	سعد	میں تو وقت بچانے کے لیے ٹیکسی کی سواری کو ترجیح دیتا ہوں۔
سعيد	بِكَمْ يُوَصِّلُنَا السَّائِقُ إِلَى الْحَدِيقَةِ يَا أَخِي؟	سعید	بھائی جان! یہ ٹیکسی والا ہمیں کتنے پیسوں میں چڑیا گھر پہنچائے گا؟
سعد	هِيَ قَرِيبَةٌ، اِتَّفَقْتُ مَعَهُ عَلَى خَمْسِينَ رُوبِيَّةً.	سعد	چڑیا گھر قریب ہی ہے، لہٰذا میں نے اس سے پچاس روپے پر بات کر لی ہے۔
سعيد	هٰذِهِ أُجْرَةٌ مُنَاسِبَةٌ جِدًّا.	سعید	یہ کرایہ تو انتہائی مناسب ہے۔
سعد	هَلْ زُرْتَ الْحَدِيقَةَ قَبْلَ ذٰلِكَ؟	سعد	کیا آپ نے اس سے پہلے بھی چڑیا گھر دیکھا ہوا ہے؟

سعید	نَعَمْ، زُرْتُهَا مِرَارًا.	سعید	جی ہاں، میں نے اسے کئی بار دیکھا ہے۔
سعد	أَفِي الْحَدِيقَةِ أَنْوَاعٌ مُّخْتَلِفَةٌ مِّنَ الْحَيَوَانَاتِ؟	سعد	کیا چڑیا گھر میں مختلف قسم کے جانور ہیں؟
سعید	نَعَمْ، فِيهَا أَصْنَافٌ مُّخْتَلِفَةٌ مِّنَ الْحَيَوَانَاتِ.	سعید	جی ہاں، اس میں مختلف اقسام کے جانور ہیں۔
سعد	وَمَا هِيَ؟	سعد	کون کون سی اقسام کے؟
سعید	فِيهَا الْحَيَوَانَاتُ الْأَهْلِيَّةُ وَالْمُفْتَرِسَةُ وَالطُّيُورُ وَالْحَيَّاتُ.	سعید	اس میں پالتو جانوروں، درندوں، پرندوں اور سانپوں کی مختلف اقسام پائی جاتی ہیں۔
سعد	وَهَلْ يُوجَدُ بِهَا حَيَوَانَاتُ الْغَابَةِ؟	سعد	کیا اس میں جنگلی جانور بھی موجود ہیں؟
سعید	نَعَمْ، يُوجَدُ بِهَا.	سعید	جی ہاں، اس میں جنگلی جانور بھی ہیں۔
سعد	وَ مَا هِيَ؟	سعد	وہ کون سے ہیں؟
سعید	مَثَلًا: الْغَزَالُ وَالزَّرَافَةُ وَالنَّعَامَةُ وَغَيْرُهَا.	سعید	مثلاً، ہرن، زرافہ، شتر مرغ اور دیگر جنگلی جانور۔
سعید	هٰذِهِ هِيَ الْحَدِيقَةُ، قَدْ وَصَلْنَا يَا حَبِيبِي.	سعید	دوست! یہ ہے چڑیا گھر، ہم پہنچ چکے ہیں۔
سعد	هَيَّا نَأْخُذْ تَذَاكِرَ الدُّخُولِ بِكَمِ التَّذْكِرَةُ الْوَاحِدَةُ؟	سعد	آؤ ہم داخلے کے ٹکٹ لے لیں۔ ایک ٹکٹ کتنے کا ہے؟
صَارِفُ التَّذَاكِرِ	بِخَمْسَةَ عَشَرَ رُوبِيَّةً.	ٹکٹ بابو	پندرہ روپے کا۔
سعد	أَعْطِنِي تَذْكِرَتَيْنِ.	سعد	مجھے دو ٹکٹ دے دیں۔
صَارِفُ التَّذَاكِرِ	خُذْ تَذْكِرَتَيْنِ هَاتَيْنِ.	ٹکٹ بابو	یہ لیں دو ٹکٹ۔
سعید	هٰذِهِ بَوَّابَةُ الدُّخُولِ وَمِنْ هُنَا نَبْدَأُ.	سعید	یہ داخلے کا مین گیٹ ہے، ہم یہاں سے ابتدا کرتے ہیں۔

سعد	تَعَالَ مِنْ هٰذَا الطَّرِيقِ.	سعد	اس راستے سے آؤ۔
سعيد	هٰذَا حَيَوَانٌ يَشْبَهُ الْحِمَارَ.	سعید	یہ جانور تو گدھے سے ملتا جلتا ہے۔
سعد	نَعَمْ، إِنَّهُ حِمَارٌ وَّحْشِيٌّ.	سعد	جی ہاں، یہ جنگلی گدھا ہے۔
سعيد	وَلٰكِنَّ اللَّوْنَ مُخْتَلِفٌ جِدًّا وَكَذٰلِكَ الْقَامَةُ.	سعید	لیکن اس کا رنگ خاصا مختلف ہے اور اسی طرح قد و قامت بھی۔
سعد	لَابُدَّ مِنَ الْفَرْقِ بَيْنَ الْأَهْلِيِّ وَالْوَحْشِيِّ.	سعد	گھریلو (پالتو) اور جنگلی میں فرق تو لازمی بات ہے۔
سعيد	وَذٰلِكَ بَقَرٌ وَّحْشِيٌّ أَصَحِيحٌ هٰذَا؟	سعید	اور وہ جنگلی گائے ہے، کیا یہ درست ہے؟
سعد	نَعَمْ، بِالضَّبْطِ.	سعد	جی، بالکل۔
سعيد	أَيْنَ قِسْمُ الْحَيَوَانَاتِ الْمُفْتَرِسَةِ؟	سعید	درندوں کا حصہ (پورشن) کدھر ہے؟
سعيد	إِنَّهُ أَمَامَنَا، سَنَكُونُ هُنَاكَ بَعْدَ دَقَائِقَ.	سعید	وہ ہمارے سامنے ہے، چند منٹوں بعد ہم وہاں ہوں گے۔
سعد	هٰذَا قِسْمُ الطُّيُورِ، أَرَأَيْتَ مِثْلَهَا قَبْلُ؟	سعد	یہ پرندوں کا حصہ (پورشن) ہے، آپ نے اس سے پہلے ایسے پرندے دیکھے ہیں؟
سعيد	لَا، مَا رَأَيْتُ مِثْلَ هٰذِهِ الطُّيُورِ الْجَمِيلَةِ.	سعید	نہیں، میں نے ان جیسے خوبصورت پرندے نہیں دیکھے۔
سعد	سُبْحَانَ اللّٰهِ مِنْ خَالِقٍ عَظِيمٍ وَّمُبْدِعٍ كَرِيمٍ!	سعد	سبحان اللہ! اللہ کتنا عظیم خالق اور بغیر نمونے کے کتنا اچھا پیدا کرنے والا ہے۔
سعيد	نَعَمْ، سُبْحَانَهُ؛ فَكُلُّ هٰذِهِ الْمَخْلُوقَاتِ مِنْ عَجَائِبِ صُنْعِهِ.	سعید	جی ہاں، اس کی ذات پاک ہے، یہ ساری کی ساری مخلوقات اس کی کاریگری کے عجائبات میں سے ہیں۔

سعد	أَيُّ قِسْمٍ هٰذَا يَا أَخِي؟	سعد	بھائی جان! یہ کون سا حصہ ہے؟
سعيد	هٰذَا قِسْمُ الزَّوَاحِفِ وَالثَّعَابِينِ.	سعید	یہ رینگنے والے جانور اور اژدہوں کا پورشن ہے۔
سعد	وَهَلْ يُوجَدُ هُنَا السُّلَحْفَاةُ أَيْضًا؟	سعد	کیا یہاں کچھوے بھی ہیں؟
سعيد	نَعَمْ، تُوجَدُ السَّحَالِفُ وَالْيَرَابِيعُ وَالتَّمَاسِيحُ أَيْضًا.	سعید	جی ہاں، یہاں کچھوے، جنگلی چوہے اور مگرمچھ بھی ہیں۔
سعد	أَيْنَ الْأَسَدُ وَالنَّمِرُ؟	سعد	شیر اور چیتے کہاں ہیں؟
سعيد	هَاهُنَا الْأَسَدُ وَالنَّمِرُ.	سعید	یہ رہے شیر اور چیتے۔
سعد	اَلْأَسَدُ حَيَوَانٌ ضَخْمٌ وَمَهِيبٌ وَكَذٰلِكَ النَّمِرُ، وَأَنْيَابُهُ وَأَظْفَارُهُ وَقُوَّةُ صَوْتِهِ وَزَئِيرُهُ مَهِيبَةٌ أَيْضًا.	سعد	شیر بہت بڑا اور ڈراؤنا جانور ہے اور اسی طرح چیتا بھی، اس (شیر) کی کچلیاں، اس کے ناخن، اس کی آواز اور دھاڑ بھی بڑی ڈراؤنی ہے۔
سعيد	حَقًّا إِنَّهُ يَسْتَحِقُّ أَنْ يَكُونَ أَمِيرَ الْغَابَةِ وَسَيِّدَهَا.	سعید	یقیناً یہی جنگل کا سردار اور بادشاہ ہونے کا حقدار ہے۔
سعد	وَهَلْ يُمْكِنُنَا رُؤْيَةُ الذِّئْبِ وَالْقِرْدِ وَالثَّعْلَبِ؟	سعد	کیا ہم بھیڑیا، چیتا اور لومڑ دیکھ سکیں گے؟
سعيد	نَعَمْ، إِنَّهَا هُنَا بِجِوَارِ بَعْضِهَا بِبَعْضٍ.	سعید	جی ہاں، یہ جانور ادھر ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ ہیں۔
سعد	لِمَاذَا حَبَسُوهَا، وَوَضَعُوهَا فِي الْأَقْفَاصِ؟	سعد	انھیں کیوں قید کر رکھا ہے اور پنجروں میں کیوں ڈالا ہے؟

سعید	لِأَنَّهَا تُهَاجِمُ عَلَى الْإِنْسَانِ.	سعید	کیونکہ یہ انسان پر حملہ کر دیتے ہیں۔
سعد	يَكْفِينَا الْيَوْمَ مَا رَأَيْنَاهُ.	سعد	جتنا ہم دیکھ چکے آج یہی کافی ہے۔
سعيد	كَمَا تُرِيدُ يَا أَخِي، وَتُحِبُّ.	سعید	بھائی جان! جیسے آپ چاہیں اور پسند کریں۔
سعد	هَيَّا بِنَا نَخْرُجْ.	سعد	آؤ ہم باہر چلتے ہیں۔

لِقَاءٌ مَعَ أَحْمَدَ — احمد کے ساتھ ملاقات

	لِقَاءٌ مَعَ أَحْمَدَ		احمد کے ساتھ ملاقات
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ، يَا أَحْمَدُ.	سعد	احمد! السلام علیکم۔
أحمد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	احمد	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
سعد	تَأَخَّرْتُ كَثِيرًا، كَانَتِ الشَّوَارِعُ مُزْدَحِمَةً، وَالْإِشَارَاتُ طَوِيلَةً.	سعد	میں نے بہت تاخیر کردی، سڑکوں پر بہت رش تھا اور اشارے لمبے لمبے تھے۔
أحمد	لَا بَأْسَ، تَفَضَّلْ، وَاجْلِسْ، أَلَدَيْكَ أَمْرٌ هَامٌّ؟	احمد	کوئی بات نہیں، آیئے، تشریف رکھیے، کیا آپ کو کوئی اہم مسئلہ درپیش ہے؟
سعد	نَعَمْ، جِئْتُ لِأَسْتَشِيرَكَ فِي مَوْضُوعٍ خَاصٍّ.	سعد	جی ہاں، میں آپ سے ایک خاص موضوع پر مشورے کے لیے حاضر ہوا ہوں۔
أحمد	مَاذَا فِي ذِهْنِكَ يَا سَعْدُ؟	احمد	سعد! آپ کے ذہن میں کیا خیال گردش کر رہا ہے؟
سعد	مَا رَأْيُكَ فِي السَّفَرِ إِلٰى دَوْلَةٍ أَجْنَبِيَّةٍ؟	سعد	کسی غیر ملک کا سفر کرنے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟
أحمد	لِمَاذَا تَذْهَبُ هُنَاكَ؟	احمد	آپ وہاں کیوں جانا چاہتے ہیں؟
سعد	لِلْعَمَلِ وَكَسْبِ الْمَالِ.	سعد	کام کاج اور مال کمانے کے لیے۔
أحمد	إِلٰى أَيْنَ تُسَافِرُ؟ وَمَاذَا قَرَّرْتَ؟	احمد	آپ کہاں کا سفر کریں گے؟ اور آپ نے کیا پروگرام بنایا ہے؟
سعد	هٰذَا الَّذِي أَسْتَشِيرُكَ فِيهِ.	سعد	اسی مقصد کے لیے تو آپ سے مشورہ چاہتا ہوں۔
أحمد	أَرٰى أَنْ تُسَافِرَ إِلٰى دَوْلَةٍ مُسْلِمَةٍ.	احمد	میرا مشورہ ہے آپ کسی اسلامی ملک کا سفر اختیار کریں۔

سعد	لِمَاذَا لَا أُسَافِرُ إِلَى الدُّوَلِ الْغَرْبِيَّةِ؟	سعد	میں مغربی ممالک کی طرف سفر کیوں نہ کروں؟
أحمد	عِصْمَةً لِلدِّينِ.	احمد	اپنے دین کی حفاظت کی خاطر۔
سعد	فَهِمْتُ مَا تُرِيدُ.	سعد	میں آپ کا مقصد سمجھ گیا ہوں۔
أحمد	مَا رَأْيُكَ فِي السَّفَرِ إِلَى دَوْلَةٍ عَرَبِيَّةٍ؟	احمد	کسی عرب ملک کا سفر کرنے کے بارے میں آپ کی رائے کیا ہے؟
سعد	وَاهًا، إِنَّهَا فِكْرَةٌ رَائِعَةٌ	سعد	خوب، یہ تو شاندار خیال ہے۔
أحمد	إِلٰى أَيِّ دَوْلَةٍ تَخْتَارُ السَّفَرَ؟	احمد	سفر کے لیے آپ کس ملک جانا پسند کریں گے؟
سعد	سَأَخْتَارُ بَلَدَ الْحَرَمَيْنِ الشَّرِيفَيْنِ.	سعد	میں ملکِ حرمین شریفین کا سفر اختیار کروں گا۔
أحمد	أَنْتَ مُوَفَّقٌ جِدًّا.	احمد	آپ بہت خوش قسمت ہیں۔
سعد	وَلٰكِنْ كَيْفَ سَأَحْصُلُ عَلَى التَّأْشِيرَةِ؟	سعد	لیکن میں ویزا کیسے حاصل کروں گا؟
أحمد	أَلَيْسَ لَكَ صَدِيقٌ هُنَاكَ؟	احمد	کیا وہاں آپ کا کوئی دوست نہیں؟
سعد	بَلٰى، اِبْنُ عَمِّي مَحْمُودٌ.	سعد	کیوں نہیں! میرا چچا زاد محمود ہے۔
أحمد	أَلَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُسَاعِدَكَ؟	احمد	کیا وہ آپ کی مدد نہیں کرسکتا؟
سعد	سَأَتَّصِلُ بِهِ فَوْرًا، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا مَحْمُودُ.	سعد	میں ابھی اسے فون کرتا ہوں بھائی محمود! السلام علیکم۔
محمود	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، كَيْفَ الْحَالُ؟	محمود	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ، کیا حال ہے؟
سعد	بِخَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ، وَكَيْفَ أَنْتَ؟	سعد	میں خیر وعافیت سے ہوں، آپ کیسے ہیں؟
محمود	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَا أَيْضًا بِخَيْرٍ، هَلْ مِنْ أَمْرٍ؟	محمود	الحمد للہ، میں بھی خیر و عافیت سے ہوں، کیا کوئی کام ہے؟
سعد	نَعَمْ، أُرِيدُ أَنْ تُسَاعِدَنِي.	سعد	ہاں، مجھے آپ کا تعاون درکار ہے۔

کس معاملے میں؟	محمود	فِي أَيِّ أَمْرٍ؟	محمود
مملکت سعودی عرب میں کام کرنے کے سلسلے میں۔	سعد	فِي الْعَمَلِ فِي الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُودِيَّةِ.	سعد
یہ تو معمولی سا کام ہے، میں جلد آپ کو بتاؤں گا۔	محمود	هٰذَا يَسِيرٌ، سَأُخْبِرُكَ قَرِيبًا.	محمود
مجھے آپ کی خبر کا انتظار رہے گا۔	سعد	أَنَا عَلَى انْتِظَارِ خَبَرِكَ.	سعد
میں آپ کے لیے اللہ تعالیٰ سے توفیق اور درستی کا سوال کرتا ہوں۔	احمد	أَسْأَلُ اللّٰهَ لَكَ التَّوْفِيقَ وَالسَّدَادَ.	أحمد
آپ نے میرے ساتھ بہت بڑی نیکی کی ہے۔	سعد	لَقَدْ أَسْدَيْتَ إِلَيَّ مَعْرُوفًا عَظِيمًا.	سعد
مجھے اپنے گھر جانا ہے، کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں؟	سعد	أَنَا ذَاهِبٌ إِلٰى بَيْتِي، هَلْ تَأْذَنُ لِي؟	سعد
تشریف لے جایئے، آپ کا بہت شکریہ۔	احمد	تَفَضَّلْ مَشْكُورًا.	أحمد
مجھے اپنی دعاؤں میں مت بھولیے۔	احمد	لَا تَنْسَانِي فِي دَعَوَاتِكَ.	أحمد
اور آپ بھی، خدا حافظ۔	سعد	وَأَنْتَ أَيْضًا، مَعَ السَّلَامَةِ.	سعد
میں آپ کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔	احمد	أَسْتَوْدِعُكَ اللّٰهَ.	أحمد
السلام علیکم۔	سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔	احمد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	أحمد

حِوَارٌ حَوْلَ جَوَازِ السَّفَرِ | پاسپورٹ پر مکالمہ

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعد	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
أحمد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، مَرْحَبًا بِكَ، كَيْفَ حَالُكَ؟	احمد	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ، خوش آمدید، آپ کا کیا حال ہے؟
سعد	أَنَا بِخَيْرٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	سعد	میں خیریت سے ہوں اور سب تعریفیں اللہ کی ہیں۔
أحمد	هَلْ حَصَلْتَ عَلَى جَوَازِ السَّفَرِ؟	احمد	کیا آپ کو پاسپورٹ مل گیا؟
سعد	لَا، إِلَى الْآنَ مَا حَصَلْتُ عَلَيْهِ.	سعد	نہیں! مجھے ابھی نہیں ملا۔
أحمد	لِمَاذَا؟	احمد	وہ کیوں؟
سعد	هُنَاكَ إِجْرَاءَاتٌ حُكُومِيَّةٌ جَدِيدَةٌ، اَلتَّذَاكِرُ أَصْبَحَتْ غَالِيَةً، وَمُدَّةُ الْحُصُولِ صَارَتْ مُضَاعَفَةً.	سعد	حکومت نے نئے ضابطے بنا دیے ہیں، ٹکٹ مہنگے ہوگئے ہیں اور حصولِ پاسپورٹ کی مُدت بڑھا دی گئی ہے۔
أحمد	وَشَيْءٌ آخَرُ؟	احمد	کوئی اور چیز؟
سعد	نَعَمْ، وَلَا بُدَّ مِنْ إِحْضَارِ صُوَرٍ جَدِيدَةٍ، عَلَى الْأَقَلِّ اِثْنَتَا عَشْرَةَ صُورَةً.	سعد	جی ہاں، نئی تصاویر پیش کرنا لازمی ہے اور وہ بھی کم از کم بارہ۔
أحمد	وَالْبَصَمَاتُ؟	احمد	اور انگلیوں کے نشانات (فنگر پرنٹ)؟
سعد	نَعَمْ، تُؤْخَذُ بَصَمَاتُ أَصَابِعِ الْيَدِ كُلِّهَا.	سعد	جی، ہاتھ کی تمام انگلیوں کے نشانات لیے جاتے ہیں۔
أحمد	مَتٰى قَدَّمْتَ الطَّلَبَ؟	احمد	آپ نے درخواست کب جمع کروائی تھی؟

سعد	قَبْلَ يَوْمَيْنِ.	سعد	دو روز قبل۔
أحمد	مَتٰى تُرَاجِعُ مَكْتَبَ الْجَوَازَاتِ؟	احمد	آپ پاسپورٹ آفس کتنے دنوں کے بعد جائیں گے؟
سعد	بَعْدَ أُسْبُوعٍ.	سعد	ایک ہفتے بعد۔
أحمد	أَرْجُو أَنْ تَحْصُلَ عَلَيْهِ.	احمد	مجھے امید ہے آپ کو پاسپورٹ مل جائے گا۔
سعد	سَأَذْهَبُ عَلَى الْمَوْعِدِ الْمُقَرَّرِ	سعد	میں مقررہ وقت پر جاؤں گا۔
أحمد	عَسٰى أَنْ تَرَى الْخَيْرَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	احمد	امید ہے آپ کو خوشی کی خبر ہی ملے گی۔
سعد	نَعَمْ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	جی، ان شاء اللہ، السلام علیکم۔
أحمد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، فِي أَمَانِ اللّٰهِ.	احمد	وعلیکم السلام، اللہ تعالیٰ کے سپرد۔

فِي السَّفَارَةِ | سفارت خانے میں

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
موظف	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	ملازم	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہ۔
سعد	أَهٰذَا هُوَ مَبْنَى السِّفَارَةِ السُّعُودِيَّةِ، يَا سَيِّدِي؟	سعد	جناب من! کیا سعودی سفارت خانے کی بلڈنگ یہی ہے؟
موظف	نَعَمْ، هٰذَا هُوَ الْمَبْنَى الْجَدِيدُ؟	ملازم	جی ہاں، نئی بلڈنگ یہی ہے۔
سعد	مَتٰى يُمْكِنُنِي أَنْ أَسْتَفْسِرَ عَنْ تَأْشِيرَتِي؟	سعد	میں اپنے ویزے کے متعلق معلومات کب حاصل کرسکتا ہوں؟
موظف	بَعْدَ يَوْمَيْنِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	ملازم	دو دن بعد، ان شاء اللہ۔
سعد	مَتٰى يَبْدَأُ الدَّوَامُ الرَّسْمِيُّ فِي السِّفَارَةِ؟	سعد	سفارت خانے کا ڈیوٹی ٹائم کب شروع ہوتا ہے؟
موظف	اَلسَّاعَةَ الْعَاشِرَةَ تَمَامًا.	ملازم	ٹھیک دس بجے۔
سعد	هَلِ الْإِجْرَاءَاتُ هُنَا سَهْلَةٌ؟	سعد	کیا یہاں دفتری کارروائیاں آسان ہیں؟
موظف	نَعَمْ، سَهْلَةٌ جِدًّا.	ملازم	جی ہاں، انتہائی آسان ہیں۔
سعد	أَحْضُرُ بَعْدَ يَوْمَيْنِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	ان شاء اللہ میں دو دن بعد حاضر ہوں گا۔
موظف	أَتَمَنّٰى لَكَ وَقْتًا سَعِيدًا.	ملازم	میں آپ کے لیے مبارک وقت کی تمنا کرتا ہوں۔

	بَعْدَ يَوْمَيْنِ		دو دن بعد
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
موظف	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، قُمْ فِي الصَّفِّ.	ملازم	وعلیکم السلام، لائن میں کھڑے ہو جائیں۔
سعد	تَفْتِيشٌ قَوِيٌّ جِدًّا عِنْدَ الدُّخُولِ!	سعد	داخلے کے وقت بڑی سخت تلاشی ہے!
موظف	اَلْحَالَةُ الْأَمْنِيَّةُ تَهُمُّنَا جِدًّا.	ملازم	ہمارے ہاں امن وامان قائم رکھنا انتہائی اہم ہے۔
سعد	أَيْنَ أَقِفُ يَا أَخِي؟	سعد	بھائی جان! میں کدھر کھڑا ہو جاؤں؟
موظف	قُمْ أَمَامَ الشُّبَّاكِ الرَّابِعِ، حَيْثُ قِسْمُ التَّأْشِيرَاتِ.	ملازم	چوتھی کھڑکی کے سامنے کھڑے ہو جائیں، جہاں ویزوں کا شعبہ ہے۔
سعد	هٰذَا جَوَازِي يَا سَيِّدِي.	سعد	جناب! یہ رہا میرا پاسپورٹ۔
موظف	وَأَيْنَ صُورَةُ التَّأْشِيرَةِ وَرَقْمُهَا؟	ملازم	ویزے کی فوٹو کاپی اور اس کا نمبر کہاں ہے؟
سعد	هَا هُوَذَا.	سعد	یہ ہے۔
موظف	نَاوِلْنِي إِيَّاهَا.	ملازم	یہ مجھے دے دیں۔
سعد	خُذْهَا يَا سَيِّدِي.	سعد	جناب! یہ لیجیے۔
موظف	مَااسْمُكَ وَاسْمُ أَبِيكَ؟	ملازم	آپ کا اور آپ کے والد کا اسم گرامی کیا ہے؟
سعد	إِسْمِي سَعْدٌ وَاسْمُ أَبِي أَسْعَدُ.	سعد	میرا نام سعد اور میرے والد گرامی کا نام اسعد ہے۔
موظف	كَمْ سِنُّكَ؟	ملازم	آپ کی عمر کتنی ہے؟
سعد	سِنِّي خَمْسٌ وَّعِشْرُونَ سَنَةً.	سعد	میری عمر پچیس برس ہے۔

موظف	أَلَدَيْكَ شَهَادَةٌ طِبِّيَّةٌ حَدِيثَةٌ وَمُوَثَّقَةٌ؟	ملازم	کیا آپ کے پاس تصدیق شدہ نیا میڈیکل سرٹیفکیٹ ہے؟
سعد	نَعَمْ، هٰذِهِ شَهَادَتِي الصِّحِّيَّةُ.	سعد	جی ہاں، یہ ہے میرا ہیلتھ (میڈیکل) سرٹیفکیٹ۔
موظف	أَدَفَعْتَ رُسُومَ التَّأْشِيرَةِ؟	ملازم	کیا آپ نے ویزے کے واجبات جمع کروا دیے ہیں؟
سعد	لَا، وَأَيْنَ أُسَدِّدُهَا؟	سعد	نہیں! میں یہ کہاں ادا کروں؟
موظف	اِذْهَبْ إِلَى الشُّبَّاكِ السَّابِعِ، وَهُنَاكَ مَنْدُوبُ الْبَنْكِ.	ملازم	ساتویں کھڑکی پر چلے جائیں، وہاں بینک کا نمائندہ موجود ہے۔
	(مَعَ مَنْدُوبِ الْبَنْكِ)		**(بینک کے نمائندے کے ساتھ)**
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَاسَيِّدِي! أُرِيدُ أَنْ أُسَدِّدَ رُسُومَ التَّأْشِيرَةِ؟	سعد	السلام علیکم جناب! میں ویزے کی فیس ادا کرنا چاہتا ہوں؟
موظف	تَفَضَّلْ، وَأَرِنِي خَتْمَ التَّأْشِيرَةِ.	ملازم	براہِ کرم مجھے ویزے کی مہر دکھائیں۔
سعد	هٰذَا هُوَ.	سعد	یہ رہی۔
موظف	عَلَيْكَ أَنْ تَدْفَعَ مِائَتَيْنِ وَخَمْسِينَ رِيَالًا أَوْ مَا يُعَادِلُهَا.	ملازم	آپ اڑھائی سو ریال یا اس کے مساوی کوئی کرنسی جمع کروائیں۔
سعد	تَقْبَلُونَ الرُّوبِيَّةَ أَوِ الدُّولَارَ فَقَطْ؟	سعد	آپ روپیہ یا صرف ڈالر ہی قبول کرتے ہیں؟
موظف	مَاذَا لَدَيْكَ؟	ملازم	آپ کے پاس کون سی کرنسی ہے؟
سعد	عِنْدِي رُوبِيَّةٌ.	سعد	میرے پاس روپے ہیں۔
موظف	تَفَضَّلْ، اِدْفَعْ سِتَّةَ آلَافِ رُوبِيَّةٍ بَاكِسْتَانِيَّةٍ.	ملازم	لائیں، چھ ہزار پاکستانی روپے جمع کروائیں۔
سعد	خُذْ يَا سَيِّدِي! سِتَّةَ آلَافِ رُوبِيَّةٍ.	سعد	جناب من! یہ لیجیے چھ ہزار روپے۔
موظف	خُذِ الشِّيكَ وَارْجِعْ مِنْ حَيْثُ أَتَيْتَ.	ملازم	یہ چالان فارم پکڑیں اور جس کھڑکی سے آئے ہیں، وہیں چلے جائیں۔

(چوتھی کھڑکی کے پاس)		عِنْدَ الشُّبَّاكِ الرَّابِعِ	
یہ دیکھیں میں ویزے کے واجبات ادا کر چکا ہوں، اور یہ میرا چالان فارم ہے۔	سعد	هَا أَنَا قَدْ سَدَّدْتُ الرُّسُومَ وَهٰذَا شِيكِي	سعد
بہتر، آپ کا پاسپورٹ اور آپ کے تمام کاغذات ہمارے پاس رہیں گے۔	ملازم	حَسَنٌ، سَيَبْقَى جَوَازُكَ وَجَمِيعُ أَوْرَاقِكَ عِنْدَنَا.	موظف
مجھے دوبارہ کب آنا ہوگا؟	سعد	مَتٰى أَرْجِعُ؟	سعد
دو دن بعد، ان شاء اللہ۔	ملازم	بَعْدَ يَوْمَيْنِ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	موظف
ٹھیک ہے، السلام علیکم۔	سعد	طَيِّبٌ، وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد

ایئر لائنز آفس میں		فِي مَكْتَبِ الْخُطُوطِ	
السلام علیکم۔	سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد
وعلیکم السلام۔	ملازم	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	موظف
خوش آمدید بھائی جان! آفس کب کھلے گا؟	سعد	أَهْلًا يَا أَخِي! مَتٰى يُفْتَحُ الْمَكْتَبُ؟	سعد
ان شاء اللہ، دس بجے۔	ملازم	اَلسَّاعَةَ الْعَاشِرَةَ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	موظف
اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟	سعد	مَاذَا عَلَيَّ أَنْ أَفْعَلَ الْآنَ؟	سعد
ٹوکن نمبر لے لیں اور انتظار گاہ میں تشریف رکھیں۔	ملازم	خُذْ كُوبُونَ الْأَرْقَامِ، وَاجْلِسْ فِي صَالَةِ الانْتِظَارِ.	موظف
میری باری کب آئے گی؟ میں نے بہت انتظار کیا ہے۔	سعد	مَتٰى يَأْتِي دَوْرِي؟ اِنْتَظَرْتُ كَثِيرًا.	سعد
آپ کی باری قریب ہی ہے۔	ملازم	دَوْرُكَ قَرِيبٌ.	موظف
آئیے! آپ کی باری آ گئی ہے۔	ملازم	هَيَّا جَاءَ دَوْرُكَ.	موظف
مجھے سعودیہ تک ایک سیٹ ریزرو کروانی ہے۔	سعد	أُرِيدُ حَجْزَ مَقْعَدٍ إِلَى السُّعُودِيَّةِ.	سعد
آپ سعودیہ کے کس شہر کا سفر کرنا چاہتے ہیں؟	ملازم	إِلٰى أَيِّ مَدِينَةٍ تُرِيدُ أَنْ تُسَافِرَ؟	موظف
ریاض شہر کا۔	سعد	إِلٰى مَدِينَةِ الرِّيَاضِ.	سعد
آپ کون سی کلاس میں سیٹ ریزرو کروانا چاہیں گے؟	ملازم	فِي أَيِّ دَرَجَةٍ تُرِيدُ أَنْ تَحْجِزَ؟	موظف
اکانومی کلاس میں۔	سعد	فِي دَرَجَةِ الضِّيَافَةِ.	سعد
کیا آپ کے پاس پاسپورٹ ہے؟	ملازم	هَلْ لَّدَيْكَ جَوَازُ السَّفَرِ؟	موظف

سعد	نَعَمْ، هٰذَا هُوَ يَا سَيِّدِي.	سعد	جی ہاں! یہ لیں سر۔
موظف	مَتٰى تُرِيدُ أَنْ تُسَافِرَ؟	ملازم	آپ کب سفر کرنا چاہتے ہیں؟
سعد	خِلَالَ أُسْبُوعَيْنِ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	ان شاء اللہ، دو ہفتوں کے اندر اندر۔
موظف	مِنْ أَيِّ مَطَارٍ تُرِيدُ أَنْ تُسَافِرَ؟	ملازم	آپ کس ائرپورٹ سے سفر کرنا چاہتے ہیں؟
سعد	مِن مَّطَارِ إِسْلَامَ آبَاد، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	اسلام آباد ائرپورٹ سے، ان شاء اللہ۔
موظف	إِذًا عَلَيْكَ أَنْ تَكُونَ حَاضِرًا بَعْدَ اثْنَيْ عَشَرَ يَوْمًا.	ملازم	تب آپ ضرور بارہ دن بعد اسلام آباد ائرپورٹ پر پہنچ جائیں۔
سعد	مَتٰى تُقْلِعُ الطَّائِرَةُ؟	سعد	جہاز کب روانہ ہوگا؟
موظف	اَلسَّاعَةَ الثَّامِنَةَ مَسَاءً.	ملازم	رات آٹھ بجے۔
سعد	وَمَتٰى يَجِبُ أَنْ أَحْضُرَ؟	سعد	اور مجھے کب حاضر ہونا چاہیے؟
موظف	قَبْلَ الْإِقْلَاعِ بِثَلَاثِ سَاعَاتٍ تَقْرِيبًا.	ملازم	روانگی سے تقریباً تین گھنٹے قبل۔
سعد	سَأَفْعَلُ ذٰلِكَ بِإِذْنِ اللّٰهِ.	سعد	میں ان شاء اللہ ایسا ہی کروں گا۔
موظف	عَلَيْكَ أَنْ تَدْفَعَ قِيمَةَ التَّذْكِرَةِ الْآنَ.	ملازم	آپ ٹکٹ کی قیمت ابھی ادا کر دیں۔
سعد	كَمْ قِيمَةُ التَّذْكِرَةِ؟	سعد	ٹکٹ کی قیمت کتنی ہے؟
موظف	قِيمَتُهَا سِتُّونَ وَثَمَانُمِائَةٍ وَّسَبْعَةَ عَشَرَ أَلْفَ رُوبِيَّةٍ.	ملازم	ٹکٹ کی قیمت 17,860 روپے ہے۔
سعد	يَا أَخِي! خُذِ الْفُلُوسَ.	سعد	بھائی جان! پیسے لے لیں۔
موظف	وَهَاكَ التَّذْكِرَةَ، بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ.	ملازم	یہ لیجیے ٹکٹ، اللہ تعالیٰ آپ کو برکتیں عطا فرمائے۔
سعد	جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، مَعَ السَّلَامَةِ.	سعد	اللہ تعالیٰ آپ کو بہتر بدلہ دے، اللہ حافظ۔

مَعَ مَنْصُورٍ | منصور کے ساتھ

لَمَّا فَرَغَ سَعْدٌ مِنْ دَعْوَتِهٖ جَاءَهٗ صَدِيقُهٗ مَنْصُورٌ لِزِيَارَتِهٖ وَجَرَى الْحِوَارُ التَّالِي بَيْنَهُمَا:

جب سعد اپنی دعوت سے فارغ ہوا تو اس کا دوست منصور اسے ملنے کے لیے اس کے پاس آیا اور ان کے درمیان درج ذیل مکالمہ شروع ہوا:

منصور	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	منصور	السلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، أَهْلًا بِكَ وَسَهْلًا وَّمَرْحَبًا.	سعد	وعلیکم السلام، خوش آمدید، مرحبا۔
منصور	مُنْذُ أَيَّامٍ أَنَا أَتَرَقَّبُ لِقَائَكَ.	منصور	چند دنوں سے میں آپ سے ملاقات کا منتظر تھا۔
سعد	كَانَ فِي خَاطِرِي أَنْ أَزُورَكَ، لٰكِنْ شَغَلَتْنِي الشَّوَاغِلُ	سعد	میری بھی تمنا تھی کہ آپ سے ملوں لیکن مصروفیات آڑے آتی رہیں۔
منصور	هُنَاكَ خَبَرٌ يَتَرَدَّدُ عَلَى الْآذَانِ.	منصور	ایک خبر سننے میں آ رہی ہے۔
سعد	خَيْرًا سَمِعْتَ يَا زَمِيلِي.	سعد	یقیناً خیر کی خبر ہے جو آپ نے سنی ہے، اے میرے ہمدم۔
منصور	سَمِعْتُ أَنَّكَ عَزَمْتَ عَلَى السَّفَرِ خَارِجَ الْبِلَادِ.	منصور	میں نے سنا ہے کہ آپ نے بیرون ملک سفر کا عزم کیا ہے۔
سعد	صِدْقًا سَمِعْتَ، أَلَا تَرٰى حَالَةَ الْغَلَاءِ فِي الْبِلَادِ؟	سعد	آپ نے بالکل درست سنا ہے، کیا آپ دیکھتے نہیں کہ ملک میں مہنگائی کی کیا صورت حال ہے؟
منصور	حَقًّا مَا تَقُولُ.	منصور	آپ سچ کہہ رہے ہیں۔

سعد	فَكَّرْتُ وَسَعَيْتُ كَثِيرًا، فَمَا ظَهَرَ لِي إِلَّا هٰذَا.	سعد	میں نے بہت سوچ بچار اور تگ و دو کی مگر مجھے اس کے سوا اور کوئی صورت نظر نہیں آئی۔
منصور	إِلٰى أَيِّ دَوْلَةٍ تُسَافِرُ يَا سَعْدُ؟	منصور	سعد! آپ کس ملک کا سفر کریں گے؟
سعد	إِلَى الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُودِيَّةِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	سعودی عرب کا، ان شاء اللہ۔
منصور	أَحْسَنْتَ يَا أَخِي! اَلسُّعُودِيَّةُ بَلَدُ خَيْرٍ.	منصور	بھائی جان! آپ نے بہت اچھا کیا، سعودیہ تو نیکی کا ملک ہے۔
سعد	نَعَمْ، وَهُوَ بَلَدُ الْحَرَمَيْنِ الشَّرِيفَيْنِ، وَهُنَاكَ قِبْلَةُ الْمُسْلِمِينَ.	سعد	ہاں، اور وہاں حرمین شریفین اور مسلمانوں کا قبلہ بھی ہے۔
منصور	فِي أَيِّ قِطَاعٍ تَعْمَلُ يَا أَخِي؟	منصور	بھائی جان! آپ کس شعبے میں کام کریں گے؟
سعد	فِي قِطَاعِ السَّيَّارَاتِ.	سعد	گاڑیوں کے شعبے میں۔
منصور	أَلَكَ فِيهِ تَخَصُّصٌ؟	منصور	کیا آپ اس کے سپیشلسٹ ہیں؟
سعد	نَعَمْ، فِيهِ تَخَصُّصِي وَتَجْرِبَتِي.	سعد	جی ہاں، میں اس کا سپیشلسٹ ہوں اور اس کام کا مجھے تجربہ بھی ہے۔
منصور	أَتَعْمَلُ فِي مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ؟	منصور	آپ وہاں مکہ مکرمہ میں کام کریں گے؟
سعد	لَا، بَلْ فِي مَدِينَةِ الرِّيَاضِ الْعَاصِمَةِ	سعد	نہیں، بلکہ دارالحکومت ریاض میں۔
منصور	أَفِي شَرِكَةٍ لِلسَّيَّارَاتِ أَمْ فِي وَرْشَةِ تَصْلِيحٍ؟	منصور	کیا گاڑیوں کی فرم میں یا مرمتی ورکشاپ میں؟
سعد	سَأَعْمَلُ فِي الْوَرْشَةِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	میں ورکشاپ میں کام کروں گا، ان شاء اللہ۔
منصور	اِجْتَهِدْ فِي عَمَلِكَ، وَلَا تُهْمِلْ.	منصور	خوب محنت کرنا، سستی کا مظاہرہ نہ کرنا۔
سعد	أَشْكُرُكَ يَا زَمِيلِي! عَلٰى لِقَائِكَ.	سعد	میرے دوست! اس ملاقات پر میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

منصور	وَ أَنَا أَشْكُرُكَ أَيْضًا.	منصور	میں بھی آپ کا شکر گزار ہوں۔
سعد	جَزَاكَ اللّٰهُ كُلَّ خَيْرٍ، مَعَ السَّلَامَةِ.	سعد	اللہ تعالیٰ آپ کو ہر خیر عطا فرمائے، اللہ حافظ۔
منصور	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	منصور	السلام علیکم۔

حِوَارٌ مَعَ الْأَصْدِقَاءِ حَوْلَ السَّفَرَ | دوستوں کے ساتھ سفر کے متعلق مکالمہ

الأصدقاء	طَقْ- طَقْ- طَقْ-	دوست	ٹک-ٹک-ٹک (دستک کی آواز)-
سعد	مَنْ بِالْبَابِ؟	سعد	دروازے پر کون ہے؟
الأصدقاء	نَحْنُ سَعِيدٌ وَّعَمَّارٌ وَّزِيَادٌ.	دوست	ہم سعید، عمار اور زیاد ہیں۔
سعد	أَهْلًا بِكُمْ.	سعد	خوش آمدید۔
الأصدقاء	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	دوست	السلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	سعد	وعلیکم السلام۔
الأصدقاء	مَا أَخْبَارُكَ يَا سَعْدُ؟	دوست	سعد! آپ کا کیا حال ہے؟
سعد	بِخَيْرٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَكَيْفَ حَالُكُمْ يَا أَصْدِقَائِي؟	سعد	خیریت سے ہوں، اللہ کا شکر ہے۔ دوستو! آپ سب کا کیا حال ہے؟
الأصدقاء	نَحْنُ أَيْضًا بِخَيْرٍ وَّسَلَامَةٍ، وَّكَيْفَ تَرْتِيبَاتُ سَفَرِكَ؟	دوست	ہم بھی خیر اور سلامتی سے ہیں، آپ کے سفر کی تیاریاں کیسی ہیں؟
سعد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اِنْتَهَتْ تَرْتِيبَاتُ السَّفَرِ كُلُّهَا.	سعد	اللہ کا شکر ہے، سفر کے سبھی انتظامات مکمل ہو چکے ہیں۔
الأصدقاء	مَتٰى مَوْعِدُ السَّفَرِ؟	دوست	روانگی کب ہے؟
سعد	بَعْدَ أُسْبُوعٍ تَقْرِيبًا.	سعد	تقریباً ایک ہفتہ بعد۔
الأصدقاء	أَيْنَ مَوْقِعُ عَمَلِكَ فِي الْمَمْلَكَةِ؟	دوست	سعودیہ میں آپ کس جگہ کام کریں گے؟
سعد	فِي مَدِينَةِ الرِّيَاضِ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	ریاض شہر میں، ان شاء اللہ۔
الأصدقاء	وَمَا هِيَ طَبِيعَةُ عَمَلِكَ؟	دوست	آپ کے کام کی نوعیت کیا ہوگی؟
سعد	أَنَا مِيكَانِيكِيٌّ، سَأَعْمَلُ فِي وَرْشَةِ سَيَّارَاتٍ.	سعد	میں مکینک ہوں، گاڑیوں کی ورکشاپ میں کام کروں گا۔

الأصدقاء	كَمْ رَاتِبُكَ، هَلْ حَدَّدتَّهُ أَمْ لاَ؟	دوست	آپ کی تنخواہ کتنی ہوگی، کیا آپ نے طے کر لی ہے یا نہیں؟
سعد	مَا حَدَّدتُّهُ إِلَّا أَنَّنِي أَظُنُّ أَنَّهُ سَيَكُونُ أَكْثَرَ مِنْ سَبْعَةِ آلاَفِ رِيَالٍ شَهْرِيًّا.	سعد	میں نے طے نہیں کی، مگر گمان یہ ہے کہ ماہانہ سات ہزار ریال سے زیادہ ہی ہوگی۔
الأصدقاء	رَاتِبُكَ مَعْقُولٌ تَقْرِيبًا، وَكَمْ مَصَارِفُ السَّكَنِ وَالطَّعَامِ؟	دوست	آپ کی تنخواہ تقریباً معقول ہے۔ رہائش اور کھانے کے اخراجات کیا ہیں؟
سعد	حَوَالَيْ ثَمَانِمِائَةِ رِيَالٍ شَهْرِيًّا.	سعد	تقریباً آٹھ صد ریال ماہانہ۔
الأصدقاء	وَتَكْلِفَةُ السَّفَرِ ذَهَابًا وَإِيَابًا؟	دوست	اور آنے جانے کے سفری اخراجات؟
سعد	سَيَدْفَعُهَا صَاحِبُ الْوَرْشَةِ.	سعد	وہ ورکشاپ کا مالک ہی ادا کرے گا۔
الأصدقاء	هَلْ مِنْ خِدْمَةٍ نُسْدِيهَا لَكَ يَا أَخِي؟	دوست	بھائی جان! ہمارے لائق کوئی خدمت؟
سعد	لاَ، إِلَّا الدُّعَاءُ.	سعد	نہیں، صرف دعا چاہیے۔
الأصدقاء	نَحْنُ نَدْعُو لَكَ بِالتَّوْفِيقِ وَالنَّجَاحِ.	دوست	ہم آپ کے لیے توفیق اور کامیابی کی دعا کرتے ہیں۔
سعد	وَأَنَا لَنْ أَنْسَاكُمْ يَا رِفَاقِي.	سعد	میرے دوستو! میں تمھیں کبھی نہیں بھولوں گا۔
الأصدقاء	اَلْآنَ، نَسْتَأْذِنُ فِي الْخُرُوجِ.	دوست	اب ہم جانے کی اجازت چاہتے ہیں۔
سعد	نَعَمْ، تَفَضَّلُوا، شُكْرًا عَلٰى هٰذِهِ الزِّيَارَةِ.	سعد	ٹھیک ہے، تشریف لے جائیں، اس ملاقات پر آپ کا شکریہ۔
الأصدقاء	وَنَشْكُرُكَ أَيْضًا يَا أَخِي! مَعَ السَّلاَمَةِ.	دوست	بھائی جان! ہم بھی آپ کے شکر گزار ہیں، اللہ حافظ۔
سعد	سَلَّمَكُمُ اللّٰهُ وَدُمْتُمْ فِي رِعَايَتِهِ وَعِنَايَتِهِ.	سعد	اللہ تعالیٰ تمھیں سلامت رکھے اور تم ہمیشہ اس کی حفاظت وعنایت میں رہو۔

فِي الْمُنْتَزَهِ | پارک میں

سعد	اَلْيَوْمَ أُرِيدُ أَنْ نَخْرُجَ إِلَى الْمُنْتَزَهِ الْعَامِّ	سعد	میں چاہتا ہوں کہ آج ہم پبلک پارک چلیں۔
الوالد	لِمَاذَا؟	والد	کیوں؟
سعد	أُرِيدُ أَنْ تَقْضُوا مَعِي مَسَاءً فَرِحًا.	سعد	میں آپ کے ساتھ ایک خوشگوار شام گزارنا چاہتا ہوں۔
الأقارب	سَنَخْرُجُ بَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	اقارب	ان شاء اللہ ہم نماز عصر کے بعد چلیں گے۔
سعد	طَيِّبٌ طَيِّبٌ، أَنْتُمْ ضُيُوفِي اَلْيَوْمَ.	سعد	ٹھیک ہے ٹھیک ہے، آج تم سب میرے مہمان ہو۔
الوالدة	أَنْتَ أَحَقُّ بِالضِّيَافَةِ يَا وَلَدِي. لِأَنَّكَ سَتُسَافِرُ.	والدہ	بیٹا! مہمان نوازی کے زیادہ حقدار تو تم ہو کیونکہ تم سفر پر نکلنے والے ہو۔
سعد	سَتَأْخُذُونَ مَعَكُمُ الْعَشَاءَ أَمْ لَا؟	سعد	آپ لوگ شام کا کھانا اپنے ہمراہ لے کر جائیں گے یا نہیں؟
الأقارب	نَعَمْ، سَنَأْخُذُهُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	اقارب	ہاں! ان شاء اللہ ہم ساتھ لے کر جائیں گے۔
سعد	وَ مَاذَا عَلَيَّ أَنْ أَفْعَلَهُ؟	سعد	میرے ذمہ اب کون سا کام ہے؟
الأقارب	عَلَيْكَ أَنْ تَشْتَرِيَ بَعْضَ الْحَلْوِيَّاتِ وَالْمُكَسَّرَاتِ	اقارب	آپ کچھ مٹھائی اور ڈرائی فروٹ خرید لیں۔
سعد	أَنَا سَعِيدٌ جِدًّا بِقَبُولِكُمْ طَلَبِي.	سعد	میں بہت ہی خوش قسمت ہوں کہ آپ لوگوں نے میری درخواست قبول کی۔

الأقارب	وَ نَحْنُ أَيْضًا سُعَدَاءُ بِأَنْ تَكُونَ بَيْنَنَا.	اقارب	ہم بھی بہت خوش قسمت ہیں کہ آپ ہمارے درمیان ہیں۔
سعد	إِنَّهَا نُزْهَةٌ جَمِيلَةٌ، وَالْمُنْتَزَهُ أَيْضًا جَمِيلٌ جِدًّا.	سعد	یہ ٹور بہت خوب ہے اور سیر گاہ بھی نہایت خوبصورت ہے۔
الأقارب	هُنَا يُحِسُّ الْإِنْسَانُ بِرَاحَةٍ وَّيَشْعُرُ بِفَرَحٍ.	اقارب	یہاں انسان راحت محسوس کرتا اور خوش ہوتا ہے۔
الوالدة	هٰذِهِ النُّزْهَةُ زَادَتْ لَنَا رَوْنَقًا وَّزَهَاءً	والدہ	اس سیر نے ہماری رونق و شادابی دوبالا کردی ہے۔
الأقارب	قَدْ تَغَيَّرَ الْجَوُّ وَعَلَيْنَا أَنْ نُّغَادِرَ الْمَكَانَ فَوْرًا.	اقارب	موسم بدل گیا ہے ہمیں یہاں سے فوراً چلنا چاہیے۔
سعد	سَنُغَادِرُ الْمَكَانَ بَعْدَ تَنَاوُلِ الْعَشَاءِ.	سعد	ہم شام کا کھانا کھانے کے بعد اس جگہ سے چل دیں گے۔
الوالد	نَعَمْ، لٰكِنْ اِشْتَدَّتِ الرِّيحُ.	والد	جی ہاں، لیکن آندھی تیز ہوگئی ہے۔
الوالدة	وَانْظُرُوا كَيْفَ تَتَحَرَّكُ الْأَشْجَارُ وَتَتَمَايَلُ يَمِينًا وَّشِمَالًا.	والدہ	دیکھو! درخت کیسے حرکت کررہے ہیں اور دائیں بائیں جھک رہے ہیں۔
سعد	أَرْجُو الْآنَ نُزُولَ الْمَطَرِ يَا وَالِدَتِي.	سعد	امی جان! اب مجھے امید ہے کہ بارش ہوگی۔
الوالدة	يَا أَوْلَادُ! تَقَاطَرَتِ السَّمَاءُ، هَيَّا، اِرْكَبُوا السَّيَّارَةَ.	والدہ	بچو! بارش ہونے لگی ہے، آؤ گاڑی میں سوار ہوجاؤ۔
الوالد	أَقْفِلِ الْبَابَ يَا سَعْدُ! اَللّٰهُمَّ! صَيِّبًا نَافِعًا.	والد	سعد! دروازہ بند کردو، اے اللہ! اسے نفع بخش بارش بنادے۔
سعد	مَا هٰذَا الدُّعَاءُ الَّذِي تَدْعُو بِهِ يَا أَبِي؟	سعد	ابا جان! آپ یہ کون سی دعا مانگ رہے ہیں؟

الوالد	هٰذَا دُعَاءٌ قَدْ عَلَّمَنَاهُ نَبِيُّنَا ﷺ عِنْدَ نُزُولِ الْمَطَرِ.	والد	یہ دعا ہمارے نبی ﷺ نے بارش کے نزول کے وقت ہمیں تعلیم فرمائی ہے۔
الوالد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ قَدْ وَصَلْنَا الْبَيْتَ بِسُرْعَةٍ.	والد	الحمد للہ، ہم بہت جلد گھر پہنچ گئے ہیں۔
سعد	اَلْآنَ عَلَيْنَا أَنْ نُّصَلِّيَ.	سعد	اب ہمیں نماز پڑھنی ہے۔
الأقارب	جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا يَا سَعْدُ! عَلٰى هٰذِهِ الرِّحْلَةِ.	اقارب	سعد! اس سیر کروانے پر اللہ آپ کو جزائے خیر سے نوازے۔
سعد	وَجَزَاكُمُ اللّٰهُ خَيْرًا، لَقَدْ قَبِلْتُمْ دَعْوَتِي.	سعد	اللہ آپ کو بھی نیک بدلہ دے کہ آپ نے میری دعوت قبول کی۔

دَعْوَةٌ | دعوت

اَلضُّيُوف	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	مہمان	السلام علیکم۔
الوالد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، أَهْلًا بِكُمْ ضُيُوفَنَا الْكِرَامَ.	والد	وعلیکم السلام، معزز مہمانوں کو خوش آمدید۔
الضيوف	جُزِيتَ خَيْرًا وَكُفِيتَ شَرًّا.	مہمان	اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور شر سے محفوظ رکھے۔
الوالد	إِنَّكُمْ تَعْلَمُونَ أَنَّ ابْنِي سَعْدًا مُسَافِرٌ.	والد	آپ جانتے ہیں کہ میرا بیٹا سعد سفر پر روانہ ہونے والا ہے۔
الضيوف	نَعَمْ، كُلُّنَا نَعْلَمُ، فَمَاذَا تُرِيدُ مِنْ قَوْلِكَ هٰذَا؟	مہمان	جی ہاں، ہم سب جانتے ہیں لیکن آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟
الوالد	أَحْبَبْتُ أَن نَّجْتَمِعَ عَلٰى هٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ.	والد	میں نے چاہا کہ ہم اس موقع پر مل بیٹھیں۔
الضيوف	مُنَاسَبَةٌ كَرِيمَةٌ، وَسَفَرٌ مُّبَارَكٌ.	مہمان	یہ انتہائی اچھا موقع ہے اور یہ سفر بھی مبارک ہے۔
الوالد	أَحْبَبْتُ أَنْ أُفَرِّحَكُمْ بِهٰذَا الِاجْتِمَاعِ.	والد	میں نے چاہا اس مل بیٹھنے کے ذریعے آپ کے دلوں میں فرحت و مسرت ڈالوں۔
الضيوف	حَقًّا قَدْ وُفِّقْتَ لِذٰلِكَ.	مہمان	بالکل درست، آپ کو اس کام کی توفیق مل چکی ہے۔
سعد	أَيْنَ الْعَمُّ، أَمَرِيضٌ هُوَ أَمْ مُّسَافِرٌ؟	سعد	چچا جان کہاں ہیں، کیا وہ بیمار ہیں یا سفر پر گئے ہوئے ہیں؟

الوالد	لَا بَأْسَ بِهٖ، هُوَ فِي الْبَيْتِ وَلٰكِنَّهُ مُتْعَبٌ	والد	ایسی کوئی بات نہیں، وہ گھر پر ہیں لیکن تھکے ہوئے ہیں۔
سعد	سَلِّمْ عَلَيْهِ حِينَمَا تَلْقَاهُ.	سعد	جب آپ کی ان سے ملاقات ہو تو انھیں سلام کہیے گا۔
الضيوف	أَيْنَ الْأَخُ رَشِيدٌ؟	مہمان	بھائی رشید کدھر ہیں؟
سعد	هُوَ جَالِسٌ فِي الْخَارِجِ.	سعد	وہ باہر بیٹھے ہیں۔
الضيوف	نَادِهٖ لِيَدْخُلَ وَلْيُمْتِعْ أَسْمَاعَنَا بِجَمِيلِ كَلَامِهٖ.	مہمان	انھیں اندر بلالیں تاکہ وہ اپنی خوبصورت گفتگو سے ہمارے کانوں میں رس گھولیں۔
الوالد	بَعْدَ الْغَدَاءِ نَشْرَبُ الشَّايَ.	والد	کھانے کے بعد ہم چائے نوش کریں گے۔
الضيوف	نَعَمْ، وَمَنْ لَا يُرِيدُهُ؟	مہمان	ٹھیک ہے، اور جو نہ پینا چاہے؟
الوالد	وَمَنْ لَا يُرِيدُهُ وَيُرِيدُ الِانْصِرَافَ فَلْيَنْصَرِفْ.	والد	جو نہیں پینا چاہتا اور واپس جانا چاہتا ہے تو وہ جا سکتا ہے۔
الضيوف	وَالْآنَ نَسْتَأْذِنُكَ يَا سَعْدُ! وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	مہمان	سعد! اب ہم آپ سے اجازت چاہتے ہیں، والسلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، وَأَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ.	سعد	وعلیکم السلام، اور میں تمھیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

اَلسَّفَرُ الدُّوَلِيُّ | انٹرنیشنل سفر

أحمد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	احمد	السلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	سعد	وعلیکم السلام۔
أحمد	لَعَلَّكَ بِخَيْرٍ يَا سَعْدُ.	احمد	سعد! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے۔
سعد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، أَنَا بِخَيْرٍ وَّصِحَّةٍ.	سعد	اللہ کا شکر ہے، میں خیریت وتندرستی سے ہوں۔
أحمد	أَكُنْتَ تُفَكِّرُ فِي مَوْضُوعٍ خَاصٍّ؟	احمد	کیا آپ کسی خاص موضوع کے بارے میں سوچ رہے تھے؟
سعد	نَعَمْ، أَهَمَّنِي شَأْنُ السَّفَرِ وَطُولُ مُدَّتِهِ.	سعد	جی ہاں، مجھے سفر اور اس کی طوالت نے فکر مند کر رکھا ہے۔
أحمد	لَا تَقْلَقْ كَثِيرًا، سَتَمُرُّ الْأَيَّامُ سَرِيعَةً.	احمد	زیادہ فکر مند اور پریشان مت ہوں، دن بڑی تیزی سے گزر جائیں گے۔
سعد	نَعَمْ، لٰكِنْ لِفِرَاقِ الْأَهْلِ وَالْأَصْدِقَاءِ وَقْعٌ مُّؤْلِمٌ.	سعد	ٹھیک ہے، لیکن اہل خانہ اور دوستوں کی جدائی الم ناک چیز ہے۔
أحمد	سَتَتَعَوَّدُ عَلَى السَّفَرِ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	احمد	ان شاء اللہ، آپ سفر کے عادی ہو جائیں گے۔
سعد	لٰكِنْ تَنْتَهِي مَجَالِسُ الْأَصْدِقَاءِ.	سعد	لیکن دوستوں کی یہ بھرپور محفلیں چھوٹ جائیں گی۔
أحمد	كَلَّا، سَيَكُونُ لَكَ هُنَاكَ أَصْدِقَاءُ آخَرُونَ.	احمد	ایسا ہرگز نہیں، چند دنوں میں وہاں بھی آپ کے دوست بن جائیں گے۔
سعد	قَرْيَتِي الَّتِي أَلِفْتُهَا وَكَبِرْتُ فِيهَا سَأَخْرُجُ مِنْهَا.	سعد	میرا یہ گاؤں جس سے میں مانوس ہوں اور جس میں جوان ہوا ہوں، میں اسے چھوڑ کر چلا جاؤں گا۔

أحمد	سَتَخْرُجُ ثُمَّ تَعُودُ، وَمَا هِيَ إِلَّا أَيَّامٌ.	احمد	آپ اس سے باہر جائیں گے تو پھر یقیناً واپس بھی آجائیں گے، بس چند دنوں کی بات ہے۔
سعد	أَنَا أَدْخُلُ فِي امْتِحَانٍ صَعْبٍ	سعد	میں تو ایک مشکل امتحان میں داخل ہو رہا ہوں۔
أحمد	وَ أَنْتَ الْفَائِزُ فِيهَا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	احمد	اور ان شاء اللہ آپ اس میں کامیاب ہوں گے۔
سعد	سَأَحِنُّ لِبَلَدِي وَ رِفَاقِي.	سعد	میں اپنے ملک اور اپنے دوستوں کو یاد کرتا رہوں گا۔
أحمد	سَتَحْلُو لَكَ الْحَيَاةُ هُنَاكَ مَعَ رِفَاقٍ جُدُدٍ.	احمد	وہاں نئے دوستوں کے ساتھ آپ کے لیے زندگی خوشگوار بن جائے گی۔
سعد	هٰذَا أَوَّلُ سَفَرٍ دُوَلِيٍّ أَقُومُ بِهِ.	سعد	یہ میرا پہلا انٹرنیشنل سفر ہے جو مجھے درپیش ہے۔
أحمد	إِنَّهَا تَجَارِبُ الْحَيَاةِ، سَتَسْتَفِيدُ مِنْهَا.	احمد	یقیناً یہ زندگی کے تجربات ہیں، آپ کو ان سے فائدہ ہوگا۔
سعد	أَسْعَدَكَ اللّٰهُ وَ أَغْنَاكَ أَيْضًا مِّنْ فَضْلِهِ.	سعد	اللہ تعالیٰ آپ کو نیک بخت بنائے اور اپنے فضل سے آپ کو غنی بنائے۔
أحمد	إِنْ عُدتَّ لَعَلَّنَا أَن نَّلْتَقِيَ.	احمد	اگر آپ واپس آئے تو امید ہے ہم ضرور ملیں گے۔
سعد	إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَى أَرْجُو ذٰلِكَ.	سعد	ان شاء اللہ میں اسی کی امید رکھتا ہوں۔
أحمد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	احمد	السلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	سعد	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔

اَلْوَدَاعُ | الوداع

اَلْعَمُّ	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	چچا	السلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	سعد	وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔
العم	كَيْفَ حَالُكَ يَا وَلَدِي سَعْدُ؟	چچا	بیٹے سعد! تمھارا کیا حال ہے؟
سعد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، بِخَيْرٍ وَعَافِيَةٍ.	سعد	الحمدللہ! خیر و عافیت سے ہوں۔
العم	هَلْ حَضَرَ بَقِيَّةُ الْأَقْرِبَاءِ؟	چچا	کیا باقی رشتے دار آچکے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، حَضَرُوا، وَلَمْ يَغِبْ إِلَّا الْقَلِيلُ.	سعد	جی ہاں، آچکے ہیں، البتہ چند ایک نہیں آسکے۔
العم	لَعَلَّهُمْ غَابُوا لِظُرُوفٍ خَاصَّةٍ.	چچا	ممکن ہے وہ کسی خاص وجہ سے نہ آسکے ہوں۔
سعد	لَقَدْ أَعْذَرْنَاهُمْ يَا عَمِّي.	سعد	چچا جان! ہم انھیں معذور سمجھتے ہیں۔
العم	أَيْنَ عَمَّتُكَ يَا سَعْدُ؟	چچا	سعد! تمھاری پھوپھی کدھر ہیں؟
سعد	إِنَّهَا فِي غُرْفَةِ الضِّيَافَةِ.	سعد	وہ مہمان خانے میں ہیں۔
العم	كَيْفَ صِحَّتُهَا.	چچا	ان کی صحت کیسی ہے؟
سعد	هِيَ بِخَيْرٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	سعد	الحمدللہ! وہ خیر و عافیت سے ہیں۔
العم	وَأَيْنَ وَالِدُكَ؟	چچا	تمھارے ابو کہاں ہیں؟
سعد	هُوَ أَيْضًا مَعَ الضُّيُوفِ.	سعد	وہ بھی مہمانوں کے ساتھ ہیں۔
العم	هَلْ تَغَدَّى الضُّيُوفُ؟	چچا	کیا مہمانوں نے کھانا کھا لیا ہے؟
سعد	نَعَمْ، تَغَدَّوْا، وَالْآنَ يَسْتَعِدُّونَ لِلصَّلَاةِ.	سعد	جی ہاں، وہ کھانا کھا چکے ہیں اور اب نماز کے لیے تیار ہو رہے ہیں۔
العم	مَتٰى تُرِيدُ الْخُرُوجَ؟	چچا	کب نکلنے کا پروگرام ہے؟

سعد	اَلسَّاعَةَ الثَّالِثَةَ بَعْدَ الظُّهْرِ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	ظہر کے بعد تین بجے، ان شاء اللہ۔
العم	هَلِ اسْتَأْجَرْتَ السَّيَّارَةَ؟	چچا	کیا گاڑی کرائے پر لے چکے ہو؟
سعد	لَا، يَا عَمِّي.	سعد	نہیں، چچا جان۔
العم	أَتَمَنّٰى أَنْ تَسْتَخْدِمَ سَيَّارَتِي.	چچا	میں چاہتا ہوں کہ تم میری گاڑی کو خدمت کا موقع دو۔
سعد	مَعَ الشُّكْرِ الْجَزِيلِ، وَأَيْنَ السَّائِقُ يَا عَمِّي؟	سعد	بہت بہت شکریہ، چچا جان! ڈرائیور کہاں ہے؟
العم	هُوَ فِي السُّوقِ سَيَصِلُ قَرِيبًا.	چچا	وہ بازار میں ہے عنقریب پہنچ جائے گا۔
سعد	هٰذِهِ سَيَّارَةٌ فَخْمَةٌ.	سعد	یہ تو بڑی شاندار گاڑی ہے۔
السائق	إِلٰى أَيْنَ نَتَّجِهُ يَا أَخِي؟	ڈرائیور	بھائی جان! ہم کس طرف چلیں؟
سعد	إِلٰى مَطَارِ إِسْلَامَ آبَادْ، وَاسْلُكِ الطَّرِيقَ السَّرِيعَ.	سعد	اسلام آباد ائر پورٹ کی طرف، جلد پہنچانے والے راستے پہ چلو۔
السائق	أَجَلْ، يَا أَخِي.	ڈرائیور	ٹھیک ہے، بھائی جان۔
سعد	هٰذَا مَخْرَجُ إِسْلَامَ آبَادْ، اِنْتَبِهْ اِنْتَبِهْ! هٰذَا طَرِيقُ الْمَطَارِ، عَلَيْكَ أَنْ تَلُفَّ يَمِينًا. لَقَدْ وَصَلْنَا عَلَى الْمَوْعِدِ الْمُحَدَّدِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	سعد	آگاہ رہو، یہ اسلام آباد نکلنے کا راستہ ہے۔ دھیان رکھو، یہ ائر پورٹ کا راستہ ہے۔ دائیں طرف مڑو۔ الحمد للہ ہم مقررہ وقت پر پہنچ گئے ہیں۔
السائق	وَمَا تَوْفِيقَاتُنَا إِلَّا بِاللّٰهِ.	ڈرائیور	یہ اللہ تعالیٰ کی توفیق ہی سے ہے۔
سعد	جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	اللہ تعالیٰ آپ کو بہترین جزا سے نوازے، السلام علیکم۔
السائق	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	ڈرائیور	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

فِي الْمَطَارِ | ائیر پورٹ میں

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
موظف	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	ملازم	وعلیکم السلام۔
سعد	هَلْ وَصَلَتِ الطَّائِرَةُ السُّعُودِيَّةُ؟	سعد	کیا سعودی جہاز پہنچ چکا ہے؟
موظف	نَعَمْ، وَصَلَتْ قَبْلَ نِصْفِ سَاعَةٍ.	ملازم	جی ہاں، آدھا گھنٹہ پہلے پہنچ چکا ہے۔
سعد	وَمَتَى تُقْلِعُ؟	سعد	اب کب پرواز کرے گا؟
موظف	بَعْدَ سَاعَةٍ تَقْرِيبًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	ملازم	تقریباً گھنٹے بعد ان شاء اللہ۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ أَدْخُلَ الْمَطَارَ.	سعد	میں ائیر پورٹ میں داخل ہونا چاہتا ہوں۔
موظف	أَيْنَ جَوَازُكَ وَ تَذْكِرَتُكَ؟	ملازم	آپ کا پاسپورٹ اور ٹکٹ کہاں ہیں؟
سعد	خُذْهُمَا.	سعد	یہ دونوں لیجیے۔
موظف	نَعَمْ، تَفَضَّلْ بِالدُّخُولِ.	ملازم	ٹھیک ہے، داخل ہو جائیں۔
سعد	أَيْنَ أَضَعُ مَتَاعِي يَا سَيِّدِي؟	سعد	محترم! میں اپنا سامان کہاں رکھوں؟
موظف	ضَعْهُ فِي مَاكِينَةِ الْفَحْصِ، وَاسْتَعِدْ لِلتَّفْتِيشِ.	ملازم	اسے چیکنگ مشین پر رکھیں اور تلاشی کے لیے تیار رہیں۔
سعد	طَيِّبٌ، سَأَقُومُ فِي الصَّفِّ.	سعد	ٹھیک ہے، میں قطار میں کھڑا ہو جاتا ہوں۔
موظف	مَاذَا لَدَيْكَ فِي الشَّنْطَةِ؟	ملازم	بیگ میں کیا کچھ ہے؟
سعد	مَلَابِسِي وَبَعْضُ أَغْرَاضِي اللَّازِمَةِ.	سعد	میرے کپڑے اور کچھ ضروری سامان ہے۔
موظف	أَلَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ مَحْظُورٌ؟	ملازم	کیا اس میں کوئی ممنوع چیز تو نہیں ہے؟
سعد	لَا، قَطْعًا، وَمَا هِيَ الْأَشْيَاءُ الْمَحْظُورَةُ؟	سعد	نہیں، بالکل نہیں، ممنوعہ اشیا کون سی ہیں؟

موظف	مَثَلًا: اَلسَّكَاكِينُ وَكُلُّ شَيْءٍ حَادٍّ، وَأَنَابِيبُ الْغَازِ الْقَابِلَةِ لِلتَّفْجِيرِ وَالْمُخَدِّرَاتُ وَالْمَأْكُولَاتُ.	ملازم	مثلاً: چھری چاقو اور ہر تیز دھار چیز، گیس سلنڈر جو کہ پھٹ سکتے ہیں، منشیات اور خورونوش کی چیزیں۔
سعد	لَا، لَيْسَ عِنْدِي مِنْهَا شَيْءٌ.	سعد	نہیں! میرے پاس ان میں سے کوئی چیز نہیں۔
موظف	اِرْبِطْ شَنْطَتَكَ بِهٰذَا الْحِزَامِ، وَضَعْهَا فِي الْمَاكِينَةِ هُنَاكَ.	ملازم	اپنا بیگ اس بیلٹ کے ساتھ باندھ لیں اور وہاں مشین پر رکھ دیں۔
سعد	أَيْنَ مُوَظَّفُ الْخُطُوطِ السُّعُودِيَّةِ؟	سعد	سعودی ایئر لائنز کا ملازم کہاں ہے؟
موظف	اِذْهَبْ إِلَى الْبَوَّابَةِ الثَّامِنَةِ.	ملازم	گیٹ نمبر 8 پر چلے جائیں۔
سعد	مَاذَا عَلَيَّ أَنْ أَفْعَلَ الْآنَ؟	سعد	اب مجھے کیا کرنا ہے؟
موظف	خُذْ هٰذِهِ الِاسْتِمَارَةَ وَامْلَأْهَا.	ملازم	یہ فارم لے لیں اور اسے پُر کریں۔
سعد	خُذِ الِاسْتِمَارَةَ يَا سَيِّدِي! قَدْ مَلَأْتُهَا.	سعد	سر! یہ لیجیے فارم، میں نے اسے پُر کر دیا ہے۔
موظف	نَاوِلْنِي جَوَازَكَ وَ تَذْكِرَتَكَ.	ملازم	اپنا پاسپورٹ اور ٹکٹ مجھے دے دیں۔
سعد	هَاكَ الْجَوَازَ وَالتَّذْكِرَةَ.	سعد	یہ لیں پاسپورٹ اور ٹکٹ۔
موظف	خُذْ بِطَاقَةَ الرُّكُوبِ وَفِيهَا رَقْمُ مَقْعَدِكَ.	ملازم	یہ بورڈنگ کارڈ لے لیں، اس میں آپ کی سیٹ کا نمبر بھی ہے۔
سعد	أَيْنَ أَذْهَبُ الْآنَ؟	سعد	اب مجھے کدھر جانا ہے؟
موظف	اِذْهَبْ إِلَى صَالَةِ الْانْتِظَارِ.	ملازم	آپ انتظار گاہ چلے جایے۔
سعد	أَحْسَنَ اللّٰهُ إِلَيْكَ.	سعد	اللہ تعالیٰ آپ کا بھلا کرے۔
موظف	أَرِنِي التَّذْكِرَةَ وَالْجَوَازَ.	ملازم	مجھے ٹکٹ اور پاسپورٹ دکھائیں؟
سعد	خُذْهُمَا يَا سَيِّدِي.	سعد	یہ لیجیے جناب۔
موظف	اِرْفَعْ يَدَيْكَ لِلتَّفْتِيشِ	ملازم	تلاشی کے لیے اپنے بازو اوپر اٹھائیں۔

سعد	وَالْآنَ مَاذَا أَفْعَلُ؟	سعد	اور اب میں کیا کروں؟
موظف	تَقَدَّمْ إِلَى الْأَمَامِ حَيْثُ مَاكِينَةُ الْفَحْصِ اللَّيْزَرِيِّ	ملازم	آگے چلے جائیں جہاں پر ایکسرے (چیکنگ کی) مشین ہے۔
سعد	هٰذِهِ مَفَاتِيحِي، وَهٰذَا قَلَمِي، لَيْسَ لَدَيَّ شَيْءٌ آخَرُ.	سعد	یہ میری چابیاں اور یہ میرا پن ہے، اس کے علاوہ میرے پاس کوئی چیز نہیں۔
موظف	تَفَضَّلْ، هٰذَا السُّلَّمُ يُؤَدِّيكَ إِلَى صَالَةِ الِانْتِظَارِ	ملازم	آگے بڑھ جائیں، یہ سیڑھی آپ کو انتظار گاہ تک پہنچا دے گی۔
سعد	إِنَّهَا صَالَةٌ جَمِيلَةٌ، فِيهَا مَطْعَمٌ وَّمَكْتَبَةٌ، وَ فِيهَا مُصَلًّى وَحَمَّامَاتٌ، وَكَرَاسِيُّ، وَفِيهَا شَاشَاتُ التِّلْفِزْيُونَ أَيْضًا.	سعد	یہ خوبصورت انتظار گاہ ہے، یہاں ہوٹل، لائبریری، جائے نماز، طہارت خانے، کرسیاں اور ٹیلی ویژن ہیں۔
موظف	اِسْتَعِدُّوا، اَلرِّحْلَةُ إِلَى السُّعُودِيَّةِ جَاهِزَةٌ.	ملازم	تیار ہو جاؤ، سعودیہ جانے والی پرواز بالکل تیار ہے۔
	اَلرُّكَّابُ يَسْتَعْجِلُونَ جِدًّا، وَالصَّفُّ طَوِيلٌ جِدًّا.		مسافر جلدی سے اٹھتے ہیں، قطار بہت لمبی ہے۔
موظف	أَرِنِي التَّذْكِرَةَ.	ملازم	مجھے اپنا ٹکٹ دکھائیں۔
سعد	خُذْهَا يَا أَخِي.	سعد	بھائی جان! یہ پکڑیں۔
موظف	اِنْزِلْ بِالْمِصْعَدِ أَوِ اسْتَعْمِلِ السُّلَّمَ، وَانْتَظِرْ.	ملازم	لفٹ سے اتر جائیں یا سیڑھیاں استعمال کریں اور انتظار فرمائیں۔
سعد	عَجَبًا لِهٰذَا الْبَاصِّ بِدُونِ الْكَرَاسِيِّ، إِلَى أَيْنَ يَأْخُذُنَا؟	سعد	یہ عجیب بس ہے! اس میں کرسیاں ہی نہیں، یہ ہمیں کہاں لے جائے گی؟
موظف	يَأْخُذُكُمْ إِلَى الطَّائِرَةِ.	ملازم	ہوائی جہاز تک لے جائے گی۔

عَلَى مَدْرَجِ الطَّائِرَةِ | ہوائی جہاز کے رن وے پر

مُعْلِن	اَلسَّادَةُ الْمُسَافِرُونَ! اِنْتَبِهُوا، فَقَدْ وَصَلَتِ الرِّحْلَةُ الْقَادِمَةُ مِنَ السُّعُودِيَّةِ.	اناؤنسر	محترم مسافرین! آگاہ ہو جائیں، سعودیہ سے آنے والی پرواز پہنچ چکی ہے۔
سعد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، قَدِانْتَظَرْنَا كَثِيرًا.	سعد	اللہ کا شکر ہے، ہم نے بہت انتظار کیا ہے۔
معلن	اِسْتَعِدُّوا وَاتَّجِهُوا إِلَى الْبَوَّابَةِ الثَّانِيَةِ وَالْخَمْسِينَ.	اناؤنسر	تیاری کر لیں اور گیٹ نمبر 52 کی طرف بڑھیں۔
سعد	مِنْ فَضْلِكَ! دُلَّنِي عَلَى الْبَوَّابَةِ الثَّانِيَةِ وَالْخَمْسِينَ.	سعد	براہِ مہربانی! میری گیٹ نمبر 52 کی طرف رہنمائی کر دیں۔
جَلِيس	إِنَّهَا أَمَامَكَ مُبَاشَرَةً، هَيَّا اِسْتَعْجِلْ.	ہم نشین	وہ بالکل آپ کے سامنے ہے، آئیں جلدی کریں۔
موظف	قِفْ فِي الصَّفِّ الثَّانِي يَا ذَا الْحَقِيبَةِ الصَّفْرَاءِ.	ملازم	زرد بیگ والے! دوسری قطار میں کھڑے ہو جاؤ۔
سعد	طَيِّبٌ، طَيِّبٌ.	سعد	ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔
موظف	أَيْنَ كُوبُونُ رُكُوبِ الطَّائِرَةِ؟	ملازم	بورڈنگ کارڈ کدھر ہے؟
سعد	خُذْ هٰذِهِ.	سعد	یہ لیجیے۔
موظف	وَانْتَظِرُوا هُنَا حَتَّى يَأْتِيَ الْبَاصُّ. هَيَّا اِرْكَبُوا بِبُطْءٍ وَسَكِينَةٍ.	ملازم	بس آنے تک یہاں انتظار کریں۔ آئیں، پورے اطمینان اور سکون سے سوار ہو جائیں۔
سعد	عَلَيْنَا أَنْ نَنْزِلَ وَنَسِيرَ نَحْوَ الطَّائِرَةِ.	سعد	اب ہمیں اترنا ہے اور ہوائی جہاز کی جانب چلنا ہے۔

موظف	اِتَّجِهُوا نَحْوَ السُّلَّمِ، وَالْزَمُوا مَقَاعِدَكُمْ.	ملازم	سیڑھی کی جانب رخ کریں اور اپنی نشستوں پر بیٹھ جائیں۔
سعد	أَيْنَ مَقْعَدِي؟	سعد	میری سیٹ کہاں ہے؟
موظف	هُنَاكَ قَرِيبًا مِّنَ الشُّبَّاكِ.	ملازم	وہاں کھڑکی کے قریب ہے۔
سعد	بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ......	سعد	بسم اللہ، اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ اکبر...... ......۔
جليس	مَا هٰذَا الدُّعَاءُ؟	ہم نشین	یہ کس موقع کی دعا ہے؟
سعد	هٰذَا دُعَاءُ الرُّكُوبِ.	سعد	یہ سوار ہونے کی دعا ہے۔
جليس	وَمَا دُعَاءُ السَّفَرِ؟	ہم نشین	سفر کی دعا کون سی ہے؟
سعد	هُوَ، سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا......	سعد	وہ، سبحان الذی سخر لنا ہذا...... ہے۔

فِي الطَّائِرَةِ | ہوائی جہاز میں

سعد	أَيْنَ مَقْعَدِي، أَيَّتُهَا الْمُضِيفَةُ؟	سعد	محترمہ (ائیر ہوسٹس)! میری سیٹ کہاں ہے؟
مضِيفَة	هُنَاكَ مُوَازِي الشُّبَّاكِ.	ائیر ہوسٹس	وہاں، کھڑکی کے بالکل برابر۔
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
جَلِيس	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	ہم نشین	وعلیکم السلام۔
سعد	كَيْفَ حَالُكَ يَا أَخِي؟	سعد	بھائی جان! آپ کا کیا حال ہے؟
جليس	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَا بِخَيْرٍ، وَكَيْفَ أَنْتَ؟	ہم نشین	الحمدللہ! میں خیریت سے ہوں اور آپ کیسے ہیں؟
سعد	أَنَا أَيْضًا بِخَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	سعد	الحمدللہ میں بھی خیر و عافیت سے ہوں۔
جليس	اِسْتَمِعِ الْآنَ إِلَى التَّعْلِيمَاتِ الْإِرْشَادِيَّةِ، إِنَّهَا تَعْلِيمَاتٌ نَافِعَةٌ جِدًّا، وَارْبِطْ حِزَامَ الْأَمَانِ يَا أَخِي.	ہم نشین	اب ذرا راہنما ہدایات غور سے سن لیں۔ یہ بہت مفید ہدایات ہیں اور بھائی جان حفاظتی بیلٹ باندھ لیں۔
سعد	جَيِّدٌ، سَأَرْبِطُهُ فَوْرًا.	سعد	بہت اچھا، میں فوراً باندھ لیتا ہوں۔
جليس	أَتَعْرِفُ أَيْنَ الْمِهْبَطَةُ (بَرَاشُوت)؟	ہم نشین	کیا آپ جانتے ہیں کہ پیراشوٹ کہاں ہے؟
سعد	نَعَمْ، هِيَ تَحْتَ الْكُرْسِيِّ.	سعد	جی ہاں، وہ کرسی کے نیچے ہے۔
جليس	مَا شَآءَ اللّٰهُ، يَظْهَرُ أَنَّكَ فَهِمْتَ التَّعْلِيمَاتِ جَيِّدًا.	ہم نشین	ماشاء اللہ، لگتا ہے آپ ہدایات کو بخوبی سمجھ گئے ہیں۔
سعد	يَالَلْهَوْلِ! إِنَّهَا تَجْرِي بِسُرْعَةٍ فَائِقَةٍ.	سعد	یا الٰہی! اتنی گھبراہٹ، یہ بڑی تیزی سے دوڑ رہا ہے۔

جليس	كَأَنَّكَ تُسَافِرُ لِلْمَرَّةِ الْأُولٰى فِي الطَّائِرَةِ؟	ہم نشین	لگتا ہے آپ ہوائی جہاز میں پہلی مرتبہ سفر کر رہے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، يَا سَيِّدِي.	سعد	جی ہاں، جناب۔
جليس	كَيْفَ وَجَدْتَّ الْإِقْلَاعَ؟	ہم نشین	آپ نے جہاز کی اڑان کو کیسا پایا؟
سعد	إِنَّهُ مُخِيفٌ، أَسْأَلُ اللّٰهَ أَنْ نَّصِلَ بِخَيْرٍ.	سعد	یہ بڑی خوفناک ہے، میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ ہم خیر و سلامتی سے پہنچ جائیں۔
جليس	عَلٰى هَوْنِكَ، إِنَّهَا دَقَائِقُ فَقَطْ.	ہم نشین	تسلی رکھیں، یہ چند منٹوں کی بات ہے۔
سعد	اَلسَّفَرُ بِالطَّائِرَةِ مُرِيحٌ جِدًّا.	سعد	ہوائی جہاز کے ذریعے سفر انتہائی آرام دہ ہے۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ أَشْرَبَ كُوبًا مِّنَ الْمَاءِ يَا مُضِيفَةُ.	سعد	ایئر ہوسٹس! میں ایک گلاس پانی پینا چاہتا ہوں۔
مضيفة	اِنْتَظِرْ قَلِيلًا، وَسَأُحْضِرُ لَكَ الْمَاءَ، وَهَلْ مِنْ خِدْمَةٍ أُخْرٰى؟	ائیر ہوسٹس	تھوڑا سا انتظار کریں، میں آپ کے لیے ابھی پانی لے کر آتی ہوں، اور کوئی خدمت؟
سعد	نَعَمْ، أَيْنَ الْحَمَّامُ وَالْمُصَلّٰى؟	سعد	جی، باتھ روم اور نماز کی جگہ کہاں ہے؟
مضيفة	هُنَاكَ حَمَّامَانِ، وَالْمُصَلّٰى خَلْفَ الْمَطْبَخِ.	ائیر ہوسٹس	وہاں دو باتھ روم ہیں اور نماز کی جگہ کچن کے پیچھے ہے۔
سعد	كَيْفَ أَعْرِفُ دُخُولَ وَقْتِ الصَّلَاةِ؟	سعد	مجھے نماز کا وقت ہونے کی بابت کیسے معلوم ہوگا؟
مضيفة	نَحْنُ نُعْلِنُ عَنْهَا.	ائیر ہوسٹس	ہم اس کے بارے میں اعلان کریں گے۔
سعد	وَاتِّجَاهَ الْقِبْلَةِ؟	سعد	اور قبلے کی (سمت کیسے معلوم ہوگی؟)
مضيفة	نَحْنُ نُخْبِرُ عَنْهَا أَيْضًا.	ائیر ہوسٹس	ہم اس کے بارے میں بھی باخبر کر دیں گے۔

سعد	سَنُصَلِّي فُرَادٰى أَمْ جَمَاعَاتٍ؟	سعد	ہم نماز اکیلے اکیلے پڑھیں گے یا جماعت کی صورت میں؟
مضيفة	اَلْمُسَافِرُونَ يُصَلُّونَ فُرَادٰى أَوْ جَمَاعَاتٍ صَغِيرَةً.	ائیر ہوسٹس	مسافر اکیلے اکیلے یا چھوٹی چھوٹی جماعتوں میں نماز پڑھ سکیں گے۔
سعد	أَنَا جَائِعٌ جِدًّا، هَلْ مِنْ طَعَامٍ لَّدَيْكُمْ؟	سعد	مجھے بہت بھوک لگی ہوئی ہے، کیا آپ کے پاس کھانے کو کچھ ہے؟
مضيفة	نَعَمْ، بَعْدَ قَلِيلٍ سَنُقَدِّمُهُ لَكُمْ.	ائیر ہوسٹس	جی ہاں! تھوڑی دیر کے بعد ہم آپ کے لیے کھانا پیش کریں گے۔
سعد	وَمَاذَا لَدَيْكُمْ مِّنَ الْمَشْرُوبَاتِ؟	سعد	آپ کے پاس مشروبات کون کون سے ہیں؟
مضيفة	لَدَيْنَا الْعَصِيرَاتُ وَالْمَشْرُوبَاتُ الْغَازِيَةُ بِأَنْوَاعِهَا.	ائیر ہوسٹس	ہمارے پاس جوس اور مختلف انواع کے سوفٹ ڈرنکس ہیں۔
سعد	وَ هَلْ لَّدَيْكُمُ الْمَاءُ الْبَارِدُ؟	سعد	کیا آپ کے پاس ٹھنڈا پانی ہے؟
مضيفة	نَعَمْ، وَالشَّايُ بِأَنْوَاعِهِ أَيْضًا.	ائیر ہوسٹس	جی ہاں اور ہمہ قسم کی چائے بھی ہے۔
سعد	إِذَنْ أَرْجُو أَنْ تَسْقِيَنِي مَاءً بَارِدًا الْآنَ.	سعد	تب ابھی آپ مجھے ٹھنڈا پانی پلا دیں۔
مضيفة	تَفَضَّلْ، خُذِ الْكُوبَ أَسْكُبْ فِيهِ الْمَاءَ. هَلْ مِنْ مَّزِيدٍ؟	ائیر ہوسٹس	لیجیے، (خالی) گلاس پکڑ لیں، میں اس میں پانی ڈال دیتی ہوں۔ کیا کچھ مزید چاہیے؟
سعد	لَا، قَدْ شَرِبْتُ كُوبَيْنِ. لَقَدْ غَلَبَنِي النُّعَاسُ، اَلْآنَ أُرِيدُ أَنْ أَنَامَ.	سعد	نہیں، میں دو گلاس نوش کر چکا ہوں۔ مجھے نیند آ رہی ہے، میں اب سونا چاہتا ہوں۔

جلیس	حَانَ وَقْتُ هُبُوطِ الطَّائِرَةِ.	ہم نشین	جہاز کے اترنے کا وقت قریب ہے۔
سعد	نَسْأَلُ اللّٰهَ الْخَيْرَ وَالْعَافِيَةَ.	سعد	ہم اللہ تعالیٰ سے خیر و عافیت کا سوال کرتے ہیں۔
جلیس	هٰذَا سَفَرٌ تِذْكَارِيٌّ.	ہم نشین	یہ ایک یادگار سفر ہے۔
سعد	لَا شَكَّ فِيهِ، وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	اس بات میں کوئی شک نہیں، السلام علیکم۔

نِهَايَةُ الرِّحْلَةِ | سفر کا اختتام

مُضِيفة	سَادَتِي وَسَادَاتِي نَشْكُرُكُمْ عَلَى اخْتِيَارِ الْخُطُوطِ الْجَوِّيَّةِ السُّعُودِيَّةِ لِلسَّفَرِ، كَابْتَنُ الطَّائِرَةِ يُحَيِّيكُمْ، وَيَتَمَنّٰى لَكُمْ رِحْلَةً مُرِيحَةً وَإِقَامَةً سَعِيدَةً فِي الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُودِيَّةِ. بَعْدَ قَلِيلٍ سَتَهْبِطُ الطَّائِرَةُ فِي مَطَارِ الْمَلِكِ خَالِدٍ الدُّوَلِيِّ بِالرِّيَاضِ. دَرَجَةُ الْحَرَارَةِ فِي الْخَارِجِ خَمْسٌ وَثَلَاثُونَ دَرَجَةً مِئَوِيَّةً. قَدْ وَصَلْنَا فِي أَرْبَعِ سَاعَاتٍ وَخَمْسٍ وَثَلَاثِينَ دَقِيقَةً. اِنْتَظِرُوا حَتّٰى تُفْتَحَ الْأَبْوَابُ. اَلْمُسَافِرُ الَّذِي وَصَلَ مَنْزِلَهُ يَقِفُ فِي هٰذَا الطَّابُورِ، وَالَّذِي لَمْ يَصِلْ يَقِفُ هُنَاكَ.	ائیر ہوسٹس	محترم حضرات وخواتین! ہم آپ سب کا سفر کے لیے سعودی ائیر لائنز کے انتخاب پر شکریہ ادا کرتے ہیں، جہاز کا کپتان آپ سب کو سلام عرض کرتا ہے اور آپ کے لیے آرام دہ سفر اور مملکت سعودی عرب میں خوشگوار اقامت کی تمنا کرتا ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد ہوائی جہاز شاہ خالد انٹرنیشنل ائیر پورٹ الریاض میں اترے گا۔ باہر کا درجہ حرارت 35 درجے سینٹی گریڈ ہے۔ ہم چار گھنٹے اور پینتیس منٹ میں پہنچے ہیں۔ دروازے کھلنے تک انتظار کریں۔ جو مسافر اپنی منزل تک پہنچ چکا ہے وہ اس قطار میں کھڑا ہو اور جو منزل تک نہیں پہنچا وہ وہاں کھڑا ہو جائے۔
موظف	قِفْ عِنْدَ الْخَطِّ وَأَعْطِنِي جَوَازَكَ. كَمْ عُمُرُكَ؟	ملازم	اس لائن کے پاس کھڑے ہو جائیں اور اپنا پاسپورٹ مجھے دے دیں۔ آپ کی عمر کتنی ہے؟

سعد	خَمْسٌ وَّعِشْرُونَ سَنَةً.	سعد	25 سال۔
موظف	تَفَضَّلْ.	ملازم	لیجیے۔
سعد	مِنْ أَيْنَ أَحْصُلُ عَلٰى أَمْتِعَتِي؟	سعد	مجھے اپنا سامان کہاں سے ملے گا؟
موظف	مِنْ هُنَاكَ، أَتَرٰى ذٰلِكَ الْهُجُومَ؟	ملازم	وہاں سے، کیا آپ وہ ہجوم دیکھ رہے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، سَأَذْهَبُ هُنَاكَ.	سعد	جی ہاں، میں ابھی وہاں جاتا ہوں۔
سعد	أَيْنَ طَرِيقُ الْخُرُوجِ مِنَ الْمَطَارِ؟	سعد	ایئر پورٹ سے باہر نکلنے کا راستہ کدھر ہے؟
موظف	اِنْزِلْ مِنْ هٰذَا السُّلَّمِ وَاذْهَبْ نَحْوَ الْيَمِينِ.	ملازم	اس سیڑھی سے نیچے اتر کر دائیں جانب چلے جائیں۔
سعد	هَلْ تَدُلُّنِي عَلٰى بَوَّابَةِ الْخُرُوجِ مِنَ الْمَطَارِ؟	سعد	آپ مجھے ایئر پورٹ کے بیرونی گیٹ کا راستہ بتائیں گے؟
موظف	سِرْ إِلَى الْأَمَامِ قَلِيلًا، وَعِنْدَ مَا تَدْخُلُ الصَّالَةَ فَانْظُرْ إِلَى الْيَسَارِ وَسَتَرَى الْبَوَّابَةَ.	ملازم	تھوڑا سا آگے جائیں، جونہی آپ ہال میں داخل ہوں تو بائیں طرف دیکھیں، آپ کو گیٹ نظر آ جائے گا۔
سعد	جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا عَلٰى إِرْشَادِكَ.	سعد	آپ کے رہنمائی کرنے پر اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔

مَطَارُ الْمَلِكِ خَالِدِ الدُّوَلِيُّ بِالرِّيَاضِ | ریاض کا شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ

بَعْدَ النُّزُولِ مِنَ الطَّائِرَةِ وَالْخُرُوجِ مِنَ الْمَطَارِ الْتَقٰى سَعْدٌ بِأَحَدِ بَنِي جِنْسِهِ، وَجَرٰى بَيْنَهُمَا الْحِوَارُ التَّالِي:

ہوائی جہاز سے اترنے اور ایئرپورٹ سے باہر آنے کے بعد سعد اپنے ایک ہم وطن سے ملا تو ان کے مابین مندرجہ ذیل مکالمہ ہوا:

مسعود	كَيْفَ حَالُكَ؟	مسعود	آپ کا کیا حال ہے؟
سعد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَا بِخَيْرٍ وَّصِحَّةٍ وَّعَافِيَةٍ، وَكَيْفَ حَالُكَ أَنْتَ؟	سعد	اللہ کا شکر ہے میں خیر و عافیت اور صحت سے ہوں۔ اور آپ کا کیا حال ہے؟
مسعود	أَنَا أَيْضًا بِخَيْرٍ وَّصِحَّةٍ. أَهْلًا بِكَ يَا أَخِي! وَأَتَمَنّٰى لَكَ التَّوْفِيقَ.	مسعود	میں بھی تندرستی اور خیریت سے ہوں۔ بھائی جان! خوش آمدید، میں آپ کی کامیابی چاہتا ہوں۔
سعد	جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا وَّأَشْكُرُكَ.	سعد	اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر سے نوازے اور میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔
مسعود	أَهٰذَا أَوَّلُ دُخُولٍ لَّكَ فِي السُّعُودِيَّةِ؟	مسعود	کیا سعودیہ میں آپ کی یہ پہلی بار آمد ہے؟
سعد	نَعَمْ، بَلْ أَوَّلُ دُخُولٍ فِي دَوْلَةٍ عَرَبِيَّةٍ.	سعد	جی ہاں، بلکہ کسی بھی عربی ملک میں پہلی بار آنا ہوا ہے۔
مسعود	هَلْ تَفْهَمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ وَتَتَكَلَّمُ بِهَا جَيِّدًا؟	مسعود	کیا آپ عربی زبان اچھی طرح سمجھ اور بول سکتے ہیں؟
سعد	أَفْهَمُهَا شَيْئًا وَّلٰكِنْ لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَنْطِقَهَا جَيِّدًا.	سعد	میں کچھ کچھ سمجھ تو لیتا ہوں مگر اچھی طرح بول نہیں سکتا۔

مسعود	لَا بَأْسَ، فِي أَيَّامٍ سَتَتَعَلَّمُهَا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	مسعود	کوئی بات نہیں، آپ چند ہی دنوں میں سیکھ جائیں گے، ان شاء اللہ۔
سعد	أَرْجُو ذٰلِكَ، وَهٰذِهِ فُرْصَةٌ ثَمِينَةٌ.	سعد	میری بھی یہی خواہش ہے اور یہ ایک قیمتی موقع ہے۔
مسعود	مَا رَأْيُكَ فِي السَّفَرِ؟	مسعود	سفر کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟
سعد	إِنَّهُ سَفَرٌ مُّمْتِعٌ وَّمُرِيحٌ حَقًّا.	سعد	یہ واقعی بڑا لطف اندوز اور آرام دہ سفر ہے۔
مسعود	مَاذَا تَنَاوَلْتَ فِي الطَّائِرَةِ؟	مسعود	آپ نے ہوائی جہاز میں کیا کھایا تھا؟
سعد	تَنَاوَلْتُ الْأُرُزَّ وَبَعْضَ الْخَضْرَاوَاتِ.	سعد	میں نے چاول اور کچھ سبزی کھائی تھی۔
مسعود	أَشَرِبْتَ الشَّايَ أَيْضًا يَا سَيِّدِي؟	مسعود	محترم! کیا آپ نے چائے بھی نوش کی تھی؟
سعد	نَعَمْ، شَرِبْتُ الشَّايَ بِالْحَلِيبِ.	سعد	جی ہاں! میں نے دودھ والی چائے پی تھی۔
مسعود	وَ مَاذَا شَرِبْتَ مِنَ الْمَشْرُوبَاتِ؟	مسعود	اور مشروبات میں سے کیا پیا تھا؟
سعد	شَرِبْتُ عَصِيرَ الْبُرْتُقَالِ وَالْجَزَرِ.	سعد	میں نے مالٹے اور گاجر کا جوس پیا تھا۔
مسعود	وَمَا رَأْيُكَ عَنِ الْمَطَارِ؟	مسعود	ائیر پورٹ کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟
سعد	إِنَّهُ مَطَارٌ جَمِيلٌ وَّوَاسِعٌ جِدًّا.	سعد	یہ بلاشبہ خوبصورت اور بہت کشادہ ائیر پورٹ ہے۔
مسعود	هَلْ وَاجَهْتَ أَيَّ مُشْكِلَةٍ فِي الْمَطَارِ؟	مسعود	کیا آپ کو ائیر پورٹ میں کوئی مشکل پیش آئی؟
سعد	كَلَّا.	سعد	بالکل نہیں۔
مسعود	مَا انْطِبَاعَاتُكَ عَنْ دُخُولِ الْمَمْلَكَةِ أَوَّلَ مَرَّةٍ؟	مسعود	سعودی عرب میں پہلی بار آنے پر آپ کے کیا تاثرات ہیں؟
سعد	أَنَا مُتَفَائِلٌ بِالْخَيْرِ، وَسُرِرْتُ جِدًّا بِنِظَامِهَا.	سعد	میں نیک شگون لیتا ہوں۔ اور میں یہاں کے نظام سے بہت خوش ہوں۔

مسعود	مَنْ سَيَسْتَقْبِلُكَ؟	مسعود	آپ کا استقبال کون کرے گا؟
سعد	أَحَدُ أَصْدِقَائِي وَعَدَنِي.	سعد	میرے ایک دوست نے مجھ سے وعدہ کیا تھا۔
مسعود	هَلْ تَعْرِفُ عُنْوَانَهُ؟	مسعود	کیا آپ کو اس کا پتا معلوم ہے؟
سعد	نَعَمْ، عِنْدِي عُنْوَانُهُ فِي الْمَحْفَظَةِ.	سعد	جی ہاں، اس کا ایڈریس میرے بیگ میں ہے۔
مسعود	أَتُرِيدُ أَنْ تَنْتَظِرَهُ؟	مسعود	کیا آپ اس کا انتظار کرنا چاہتے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، سَأَنْتَظِرُهُ قَلِيلًا.	سعد	جی ہاں، میں کچھ دیر اس کا انتظار کروں گا۔
مسعود	عَفْوًا، أَلَدَيْكَ رَقْمُ جَوَّالِهِ؟	مسعود	نوازش، کیا آپ کے پاس اس کا موبائل فون نمبر ہے؟
سعد	نَعَمْ، هٰذَا هُوَ رَقْمُ جَوَّالِهِ.	سعد	جی ہاں، یہ رہا اس کا موبائل فون نمبر۔
مسعود	دَعْنِي! أَتَّصِلُ بِهِ كَيْ نَعْرِفَ أَيْنَ هُوَ؟	مسعود	مجھے اجازت دیں میں اسے کال کرتا ہوں تا کہ معلوم ہو کہ وہ کہاں ہے؟
سعد	جَمِيلٌ جِدًّا.	سعد	بہت خوب۔
مسعود	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ. وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، تَكَلَّمْ.	مسعود	السلام علیکم۔ وعلیکم السلام، بات کریں۔
سعد	كَيْفَ حَالُكَ يَا مَحْمُودُ؟ أَنَا سَعْدٌ.	سعد	میں سعد ہوں، محمود! آپ کا کیا حال ہے؟
محمود	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَكَيْفَ حَالُكَ أَنْتَ؟	محمود	الحمد للہ، اور آپ کیسے ہیں؟
سعد	بِخَيْرٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	سعد	خیریت سے ہوں، اللہ کا شکر ہے۔
محمود	أَنَا فِي الطَّرِيقِ إِلَى الْمَطَارِ .	محمود	میں ائیرپورٹ کے راستے ہی میں ہوں۔
سعد	طَيِّبٌ، أَنَا أَنْتَظِرُكَ.	سعد	ٹھیک ہے، میں آپ کا انتظار کر رہا ہوں۔
محمود	سَأَتَّصِلُ بِكَ عِنْدَ مَا أَصِلُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	محمود	میں (ائیرپورٹ) پہنچ کر آپ کو کال کروں گا ان شاء اللہ۔

سعد	سَأَكُونُ لَكَ شَاكِرًا.	سعد	میں آپ کا شکر گزار ہوں گا۔
محمود	مَعَ التَّحِيَّةِ.	محمود	دعا کے ساتھ۔
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔

بِدَايَةُ الْغُرْبَةِ | پردیس کی ابتدا

وَاجَهَهُ زَمِيلُهُ مَحْمُودٌ فِي الْمَطَارِ فَجَرٰى بَيْنَهُمَا الْحِوَارُ التَّالِي:

اس کا ساتھی محمود ائیر پورٹ میں اس سے ملا، تو ان کے درمیان درج ذیل مکالمہ ہوا:

محمود	كَيْفَ حَالُ أَبِيكَ وَأُسْرَتِكَ؟	محمود	آپ کے ابا جان اور آپ کے خاندان والوں کا کیا حال ہے؟
سعد	كُلُّهُمْ بِخَيْرٍ وَّكَانُوا يُسَلِّمُونَ عَلَيْكَ.	سعد	سبھی خیروعافیت سے ہیں اور وہ آپ کو سلام کہتے تھے۔
محمود	وَعَلَيْكَ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ، لَعَلَّكَ وَصَلْتَ بِخَيْرٍ؟	محمود	وَعَلَيْكَ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ، امید ہے آپ خیریت سے پہنچ آئے ہیں؟
سعد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَانَ السَّفَرُ مُرِيحًا وَّمُمْتِعًا.	سعد	الحمدللہ، سفر آرام دہ اور پر لطف تھا۔
محمود	لَعَلَّكَ لَمْ تُوَاجِهْكَ الْمَشَاكِلُ؟	محمود	امید ہے آپ کو پریشانیوں کا سامنا نہیں کرنا پڑا ہوگا۔
سعد	نَعَمْ، اَلرِّحْلَةُ تَمَّتْ بِسَعَادَةٍ وَّفَرَحٍ.	سعد	جی ہاں، سفر خوش بختی اور فرحت سے پورا ہو گیا۔
محمود	هَلْ زُرْتَ بَيْتِي قَبْلَ الرِّحْلَةِ؟	محمود	کیا آپ روانگی سے پہلے میرے گھر گئے تھے؟
سعد	نَعَمْ، قَبْلَ يَوْمَيْنِ مِنَ السَّفَرِ كُنْتُ فِي بَيْتِكُمْ.	سعد	جی ہاں، سفر سے دو دن پہلے میں آپ کے گھر گیا تھا۔
محمود	عَسٰى أَنْ يَّكُونُوا بِخَيْرٍ.	محمود	امید ہے وہ سبھی خیریت سے ہوں گے۔

سعد	جَمِيعُهُمْ يَنْعَمُونَ بِصِحَّةٍ طَيِّبَةٍ.	سعد	وہ سبھی اچھی صحت سے مالا مال تھے۔
محمود	نَتَأَخَّرُ يَا أَخِي! عَلَيْنَا أَنْ نَذْهَبَ.	محمود	بھائی! ہم لیٹ ہو رہے ہیں، ہمیں چلنا چاہیے۔
سعد	نَعَمْ، أَوَدُّ ذٰلِكَ.	سعد	ہاں، میں بھی یہی پسند کرتا ہوں۔
محمود	هَيَّا بِنَا إِلَى الْمَوْقِفِ، سَيَّارَتِي هُنَاكَ.	محمود	آؤ ہمارے ساتھ اسٹینڈ تک چلو، میری گاڑی وہاں ہے۔
سعد	سَيَّارَتُكَ جَمِيلَةٌ مَا شَاءَ اللّٰهُ!	سعد	ماشاء اللہ، آپ کی گاڑی خوبصورت ہے۔
محمود	هٰذِهِ سَيَّارَةٌ أَلْمَانِيَّةٌ، وَهِيَ جَمِيلَةٌ حَقًّا.	محمود	یہ جرمن گاڑی ہے اور واقعی خوبصورت ہے۔
سعد	لِمَاذَا تَوَقَّفْتَ هُنَا؟	سعد	آپ یہاں کیوں رک گئے؟
محمود	هٰذِهِ مَحَطَّةُ بِنْزِينٍ أُرِيدُ أَنْ أُعَبِّئَ الْبِنْزِينَ.	محمود	یہ پٹرول پمپ ہے، میں پٹرول ڈالوانا چاہتا ہوں۔
سعد	كَمْ يَبْعُدُ مَوْقِعُ سَكَنِكَ؟	سعد	آپ کی رہائش کتنی دور ہے؟
محمود	يَبْعُدُ مِنْ هُنَا حَوَالَيْ ثَلَاثِينَ كِيلُو مِتْرًا.	محمود	یہاں سے تقریباً تیس کلومیٹر دور ہے۔
سعد	أَتَعْرِفُ أَيْنَ ابْنُ عَمِّي مَحْمُودٌ؟	سعد	کیا آپ جانتے ہیں میرا چچا زاد بھائی محمود کہاں رہتا ہے؟
محمود	نَعَمْ، أَعْرِفُهُ، غَدًا نَذْهَبُ إِلَيْهِ.	محمود	جی ہاں، مجھے معلوم ہے، ہم کل اس کے پاس جائیں گے۔
سعد	وَهَلْ تَعْرِفُ كَفِيلِي أَيْضًا؟	سعد	کیا آپ میرے کفیل کو بھی جانتے ہیں؟
محمود	لَا، غَدًا نَتَعَرَّفُ عَلَيْهِ.	محمود	نہیں، کل ہم اس کا بھی پتا کریں گے۔

سعد	طَيِّبٌ، مِنْ أَيْنَ يَبْدَأُ الْبَلَدُ؟	سعد	ٹھیک ہے، شہر کب شروع ہو گا؟
محمود	قَرِيبٌ جِدًّا، مِنْ نِهَايَةِ هٰذَا الشَّارِعِ.	محمود	عنقریب ہی، اس روڈ کے آخر پر۔
سعد	مَتٰى نَصِلُ إِلَى السَّكَنِ؟	سعد	ہم رہائش گاہ تک کب پہنچیں گے؟
محمود	بَعْدَ قَلِيلٍ، وَمَاذَا تُفَضِّلُ فِي الْعَشَاءِ؟	محمود	تھوڑی دیر کے بعد، آپ شام کے کھانے میں کیا کچھ پسند کریں گے؟
سعد	أَنَا أُفَضِّلُ عَشَاءً خَفِيفًا.	سعد	میں شام کا کھانا ہلکا پھلکا ہی پسند کرتا ہوں۔
محمود	هَلْ تُحِبُّ الْأَرُزَّ مَعَ الْمَرَقِ؟	محمود	کیا آپ شوربے کے ساتھ چاول پسند کریں گے؟
سعد	نَعَمْ، هٰذَا أُرِيدُهُ بِالضَّبْطِ.	سعد	جی، میں بالکل یہی چاہتا ہوں۔
محمود	وَمَاذَا تُحِبُّ مِنَ الْمَشْرُوبَاتِ؟	محمود	اور مشروبات میں سے کیا پسند کریں گے؟
سعد	اَلسِّفَنْ أَبْ (7up) وَإِلَّا فَقَارُورَةٌ مِّنْ فَانْتَا.	سعد	(اگر میسر ہو تو) سیون اپ، وگرنہ فانٹا کی ایک بوتل۔
محمود	هَلْ صَلَّيْتَ الْعِشَاءَ؟	محمود	کیا آپ نے نماز عشاء ادا کر لی ہے؟
سعد	نَعَمْ، صَلَّيْتُهَا عَلٰى مَتْنِ الطَّائِرَةِ، وَالْآنَ أُرِيدُ أَنْ أَنَامَ.	سعد	جی ہاں، وہ میں نے ہوائی جہاز ہی میں ادا کر لی تھی، اور اب میں سونا چاہتا ہوں۔

حَيَاةٌ جَدِيدَةٌ | نئی زندگی

سعيد	اِسْتَيْقِظْ يَا سَعْدُ! اَلْفُطُورُ جَاهِزٌ.	سعید	سعد! بیدار ہو جاؤ، ناشتہ تیار ہے۔
سعد	سَأَسْتَحِمُّ، وَأُغَيِّرُ مَلَابِسِي، ثُمَّ نُفْطِرُ.	سعد	میں غسل کر لوں اور کپڑے بدل لوں، پھر ہم ناشتہ کریں گے۔
سعيد	كَمْ دَقِيقَةً نَنْتَظِرُكَ؟	سعید	کتنے منٹ ہم آپ کا انتظار کریں؟
سعد	عِشْرِينَ دَقِيقَةً فَقَطْ.	سعد	صرف بیس منٹ۔
سعيد	اَلْمَائِدَةُ مُجَهَّزَةٌ فِي الْغُرْفَةِ الْمُجَاوِرَةِ.	سعید	دستر خوان ساتھ والے کمرے میں لگا ہوا ہے۔
سعد	مَاذَا لَدَيْكُمْ فِي الْفُطُورِ؟	سعد	ناشتے میں تمھارے پاس کیا کچھ ہے؟
سعيد	لَدَيْنَا عَيْشٌ، وَصَامُولِيٌّ، وَتَمِيسٌ، وَقِشْدَةٌ.	سعید	ہمارے پاس روٹی، برگر، نان اور بالائی ہے۔
سعد	وَ هَلْ لَدَيْكُمْ زَبَادِيٌّ؟	سعد	کیا تمھارے پاس دہی ہے؟
سعيد	نَعَمْ، لَدَيْنَا زَبَادِيٌّ، وَشَايٌ بِالْحَلِيبِ، وَالْقَهْوَةُ أَيْضًا.	سعید	جی ہاں، ہمارے پاس دہی، دودھ والی چائے اور قہوہ بھی ہے۔
سعد	أَلَيْسَ لَدَيْكُمْ تَمْرٌ وَعَسَلٌ.	سعد	کیا تمھارے پاس کھجور اور شہد نہیں؟
سعيد	بَلٰى، وَالْعَسَلُ عَسَلُ السِّدْرِ الْخَالِصُ، وَمَا هُوَ بَرْنَامَجُكَ لِهٰذَا الْيَوْمِ؟	سعید	کیوں نہیں، بیری کا خالص شہد ہے۔ آپ کا آج کا کیا پروگرام ہے؟
سعد	اَلْيَوْمَ أُرِيدُ أَنْ أَزُورَ ابْنَ عَمِّي وَالْكَفِيلَ.	سعد	میں چاہتا ہوں کہ آج اپنے چچا کے بیٹے اور کفیل سے ملوں۔

سعيد	وَإِنْ أَمْكَنَ أَنْ نَزُورَ مُنْتَزَهًا.	سعید	اور اگر ممکن ہو تو کسی سیر گاہ کو جائیں۔
سعد	أَرْجُو أَنْ نَقُومَ بِمَا يَسَعُهُ الْوَقْتُ.	سعد	میں چاہتا ہوں کہ ہم وقت کی گنجائش کے مطابق جو کام ہو سکے کر لیں۔
سعيد	أَوَّلًا: عَلَيْنَا أَنْ نَزُورَ ابْنَ الْعَمِّ؛ فَإِنَّهُ يَنْتَظِرُنَا.	سعید	اول تو ہمیں چچا زاد کو ملنا چاہیے کیونکہ وہ ہمارا انتظار کر رہا ہے۔
سعد	هَلْ أَنْتَ مُسْتَعِدٌّ لِلذَّهَابِ؟	سعد	کیا تم جانے کے لیے بالکل تیار ہو؟
سعيد	نَعَمْ، أَنَا مُسْتَعِدٌّ.	سعید	جی ہاں، میں بالکل تیار ہوں۔
سعد	كَمْ مَسَافَتُهُ مِنْ هُنَا؟	سعد	وہ یہاں سے کتنی مسافت پر ہے؟
سعيد	سَنَصِلُ فِي خَمْسٍ وَّأَرْبَعِينَ دَقِيقَةً تَقْرِيبًا.	سعید	ہم تقریباً پینتالیس منٹ میں پہنچ جائیں گے۔
سعد	هَلِ اتَّصَلْتَ بِهِ؟	سعد	کیا آپ نے اس سے رابطہ کیا ہے؟
سعيد	نَعَمْ، اِتَّصَلْتُ بِهِ قَبْلَ قَلِيلٍ.	سعید	جی ہاں، میں نے کچھ دیر پہلے اس سے رابطہ کیا تھا۔
	(سَعْدٌ يُدَقِّقُ الْبَابَ عِنْدَ الْوُصُولِ)		(پہنچنے پر سعد دروازہ کھٹکھٹاتا ہے)
محمود	مَنْ بِالْبَابِ؟	محمود	دروازے پر کون ہے؟
سعد	اِبْنُ عَمِّكَ سَعْدٌ.	سعد	تمھارا چچا زاد سعد۔
محمود	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ، أَهْلًا بِكَ يَا سَعْدُ.	محمود	السلام علیکم، اے سعد! خوش آمدید۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، وَمَرْحَبًا وَّسَعَادَةً، جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا.	سعد	وعلیکم السلام ...... مرحبا، بڑی خوشی کی بات ہے، اللہ تعالیٰ تمھیں جزائے خیر عطا فرمائے۔
محمود	كَيْفَ أَخْبَارُكَ؟ حَدِّثْنِي عَنْ نَفْسِكَ.	محمود	تمھارے حالات کیسے ہیں؟ مجھے اپنے بارے میں بتاؤ۔

سعد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَا بِخَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ.	سعد	الحمد للہ، میں خیر وعافیت سے ہوں۔
محمود	وَكَيْفَ كَانَتْ أَحْوَالُ الْبَلَدِ؟	محمود	اور ملک کے حالات کیسے تھے؟
سعد	كُلُّهُمْ بِخَيْرٍ وَّصِحَّةٍ وَّاطْمِئْنَانٍ.	سعد	سبھی خیریت، تندرستی اور اطمینان سے تھے۔
محمود	وَمَا هِيَ أَخْبَارُ أُسْرَتِكَ؟	محمود	تمھارے اہل خانہ کیسے ہیں؟
سعد	أُسْرَتِي أَيْضًا بِخَيْرٍ وَّفُسْحَةٍ مِّنَ الْعَيْشِ.	سعد	میرے اہل خانہ بھی خیر وعافیت اور خوشحالی میں ہیں۔
سعد	كَيْفَ تَقْضِي يَوْمَكَ؟	سعد	تم اپنا دن کیسے گزارتے ہو؟
محمود	بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ أَسْتَرِيحُ قَلِيلًا، ثُمَّ أَتَنَاوَلُ الْفُطُورَ، ثُمَّ أَذْهَبُ إِلَى الشَّرِكَةِ، وَأَعُودُ بَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ، ثُمَّ أَسْتَرِيحُ قَلِيلًا وَّأُجَهِّزُ الْعَشَاءَ، ثُمَّ أُصَلِّي الْمَغْرِبَ، ثُمَّ أَتَعَشّٰى، ثُمَّ أَسْمَعُ الْأَخْبَارَ، وَبَعْدَ ذٰلِكَ أُصَلِّي الْعِشَاءَ وَأَنَامُ.	محمود	نماز فجر کے بعد میں قدرے آرام کرتا ہوں، پھر میں ناشتہ کرتا ہوں، پھر میں فرم / کمپنی چلا جاتا ہوں اور نماز عصر کے بعد لوٹتا ہوں، پھر میں کچھ وقت آرام کرتا ہوں اور شام کا کھانا تیار کرتا ہوں۔ پھر مغرب کی نماز پڑھ کر شام کا کھانا کھاتا ہوں، پھر خبریں سنتا ہوں اور اس کے بعد نماز عشاء پڑھ کر سو جاتا ہوں۔
سعد	هٰذَا التَّرْتِيبُ الْيَوْمِيُّ جَمِيلٌ جِدًّا، وَمَا هِيَ مَصَارِفُ الشَّهْرِ لِلْفَرْدِ الْوَاحِدِ؟	سعد	یہ نظام الاوقات بہت اچھا ہے۔ ایک آدمی کے ماہانہ اخراجات کتنے ہیں؟
محمود	يَخْتَلِفُ ذٰلِكَ بِاخْتِلَافِ الْأَفْرَادِ.	محمود	یہ افراد کے اعتبار سے مختلف ہیں۔
سعد	وَمَا هِيَ مَصَارِفُ الْمَطَاعِمِ وَالْوَجَبَاتِ السَّرِيعَةِ؟	سعد	ہوٹلوں کے کھانے اور فاسٹ فوڈ کھانوں کے اخراجات کس قدر ہیں؟

محمود	إِنَّهَا غَالِيَةٌ جِدًّا، يَرْبُو عَلَى سِتِّمِائَةِ رِيَالٍ شَهْرِيًّا.	محمود	یہ کھانے بہت مہنگے ہیں۔ یہ اخراجات تو ایک ماہ میں چھ سو ریال سے بڑھ جاتے ہیں۔
سعد	وَإِيجَارُ السَّكَنِ؟	سعد	اور مکان کا کرایہ؟
محمود	إِيجَارُ هٰذِهِ الْعِمَارَةِ عَشَرَةُ آلَافِ رِيَالٍ سَنَوِيًّا.	محمود	اس بلڈنگ کا کرایہ دس ہزار ریال سالانہ ہے۔
سعد	قُلْ لِّيَ الْآنَ أَيْنَ كَفِيلِي؟	سعد	اب مجھے بتاؤ میرا کفیل کہاں رہتا ہے؟
محمود	أَنْتَ ضَيْفٌ عِنْدَنَا الْيَوْمَ، سَنَلْقَاهُ غَدًا.	محمود	آج تم ہمارے مہمان ہو، ہم اس سے کل ملیں گے، ان شاء اللہ۔
سعد	أَقَرِيبٌ هُوَ أَمْ بَعِيدٌ؟	سعد	وہ قریب ہی ہے یا دور؟
محمود	بَيْتُهُ بَعِيدٌ، وَلٰكِنْ مَكْتَبُهُ قَرِيبٌ.	محمود	اس کا گھر تو دور ہے لیکن اس کا آفس قریب ہے۔
سعد	فَأَيْنَ نَلْتَقِي بِهِ؟	سعد	ہم اسے کہاں ملیں گے؟
محمود	فِي مَكْتَبِهِ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ. اَلْآنَ عَلَيْنَا أَنْ نَّتَجَهَّزَ لِلْغَدَاءِ.	محمود	اس کے آفس میں، ان شاء اللہ۔ اب ہمیں دوپہر کے کھانے کی تیاری کرنی چاہیے۔

بَلَدُ الإِقَامَةِ | اقامت کا ملک

كَانَ سَعْدٌ وَّمَحْمُودٌ يَسِيرَانِ فِي مُنْتَزَهٍ عَامٍّ وَأَجْرَيَا الْحِوَارَ التَّالِيَ:

سعد اور محمود دونوں ایک پارک میں چہل قدمی کر رہے تھے۔ ان دونوں نے مندرجہ ذیل گفتگو کی:

سعد	يَا أَخِي مَحْمُودُ! هَلْ لَّدَيْكَ مَعْلُومَاتٌ عَنْ هٰذَا الْبَلَدِ الَّذِي نَحْنُ فِيهِ؟	سعد	محمود بھائی! کیا تمھیں اس ملک کے بارے میں کچھ معلومات ہیں جس میں ہم رہ رہے ہیں؟
محمود	نَعَمْ، هٰذَا بَلَدٌ إِسْلَامِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ عَرِيقٌ، وَفِيهِ مَوْلِدُ الرَّسُولِ ﷺ وَمَدْفَنُهُ.	محمود	جی ہاں، یہ ایک اسلامی اور پرانا عربی ملک ہے، اس میں رسول اللہ ﷺ کی جائے پیدائش اور آپ کا مدفن ہے۔
سعد	لِمَاذَا يَقُولُونَهُ مَمْلَكَةٌ؟	سعد	اسے مملکہ (بادشاہت) کیوں کہتے ہیں؟
محمود	لِأَنَّ نِظَامَ الْحُكْمِ فِيهَا بِالتَّمْلِيكِ، وَيُسَمَّى حَاكِمُهَا مَلِكًا.	محمود	اس لیے کہ اس میں نظام حکومت بادشاہت والا ہے اور اس کے حکمران کو بادشاہ کہا جاتا ہے۔
سعد	وَلِمَاذَا يُسَمُّونَهُ السُّعُودِيَّةَ؟	سعد	اور اسے سعودیہ کیوں کہتے ہیں؟
محمود	هٰذِهِ نِسْبَةٌ إِلٰى سُعُودٍ.	محمود	یہ سعود کی طرف نسبت ہے۔
سعد	وَسُعُودٌ مَّنْ هُوَ؟	سعد	سعود کون ہے؟
محمود	هُوَ جَدُّ الْمُلُوكِ الْحَالِيِّينَ وَيُسَمَّوْنَ آلَ سُعُودٍ.	محمود	وہ موجودہ بادشاہوں کا دادا تھا اور یہ آل سعود کہلاتے ہیں۔
سعد	كَمْ إِمَارَةً فِيهَا؟	سعد	اس میں کتنی امارتیں (صوبے) ہیں؟
محمود	فِيهَا ثَلَاثَ عَشْرَةَ إِمَارَةً.	محمود	اس میں تقریباً تیرہ امارتیں (صوبے) ہیں۔
سعد	مَا هِيَ أَهَمُّهَا؟	سعد	ان میں سے اہم کون سے ہیں؟
محمود	مِنْ أَهَمِّهَا: الرِّيَاضُ، وَمَكَّةُ، وَالْمَدِينَةُ.	محمود	ان میں سے اہم ریاض، مکہ اور مدینہ ہیں۔

سعد	وَكَمْ مَسَاحَةُ أَرْضِهَا؟	سعد	اس کا رقبہ کتنا ہے؟
محمود	مَسَاحَةُ أَرْضِهَا أَكْثَرُ مِنْ مِّلْيُونَيْ كِيلُو مِتْرٍ مُّرَبَّعٍ.	محمود	اس کا رقبہ 20 لاکھ مربع کلومیٹر سے زائد ہے۔
سعد	وَهَلْ فِيهَا صَحْرَاءُ؟	سعد	کیا اس میں صحرا بھی ہے؟
محمود	نَعَمْ، وَفِيهَا الرُّبْعُ الْخَالِي كُلُّهَا صَحْرَاءُ فِي جِهَةِ الْجُنُوبِ.	محمود	جی ہاں، اس کا ایک چوتھائی حصہ بے آباد ہے جو سارے کا سارا جنوبی سمت میں صحرا ہے۔
سعد	مَا هِيَ الدُّوَلُ الَّتِي تَحُدُّهَا؟	سعد	اس کے اطراف میں کون سی حکومتیں ہیں؟
محمود	تَحُدُّهَا الْكُوَيْتُ، وَالْعِرَاقُ، وَالْيَمَنُ، وَالْإِمَارَاتُ، وَقَطَرُ، وَالْبَحْرَيْنُ، وَالْأُرْدُنُّ، وَسَلْطَنَةُ عُمَانَ، وَالْبَحْرُ الْأَحْمَرُ.	محمود	اس کے اطراف میں کویت، عراق، یمن، متحدہ عرب امارات، قطر، بحرین، اردن، سلطنت عمان اور بحر احمر واقع ہیں۔
سعد	مَا اسْمُ عُمْلَتِهَا؟	سعد	اس کی کرنسی کون سی ہے؟
محمود	عُمْلَتُهَا الرِّيَالُ.	محمود	اس کی کرنسی ریال ہے۔
سعد	وَمَا اللُّغَةُ الرَّسْمِيَّةُ فِيهَا؟	سعد	اور اس کی سرکاری زبان کون سی ہے؟
محمود	هِيَ الْعَرَبِيَّةُ.	محمود	اس کی سرکاری زبان عربی ہے۔
سعد	مَا هُوَ الْمِفْتَاحُ الدُّوَلِيُّ لِلِاتِّصَالَاتِ؟	سعد	انٹرنیشنل کالوں کے لیے اس کا کوڈ (Code) کون سا ہے؟
محمود	هُوَ ٠٠٩٦٦.	محمود	اس کا کوڈ 00966 ہے۔
سعد	وَعَلَمُهُ؟	سعد	اور اس کا جھنڈا؟
محمود	عَلَمُهُ بِاللَّوْنِ الْأَخْضَرِ مَكْتُوبٌ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الشَّهَادَةِ عَلَى سَيْفٍ.	محمود	اس کا جھنڈا سبز رنگ کا ہے جس میں تلوار کے اوپر کلمۂ شہادت لکھا ہوا ہے۔

سعد	مَا هُوَ التَّعْدَادُ السُّكَّانِيُّ لِهٰذِهِ الدَّوْلَةِ؟	سعد	اس ملک کی آبادی کتنی ہے؟
محمود	حَوَالَيْ وَاحِدٍ وَّعِشْرِينَ مِلْيُونَ نَسَمَةً.	محمود	تقریباً اکیس ملین (دو کروڑ دس لاکھ) افراد۔
سعد	وَمَا هُوَ التَّارِيخُ الْمُعْتَمَدُ فِي الدَّوَائِرِ الْحُكُومِيَّةِ رَسْمِيًّا؟	سعد	حکومتی اداروں میں سرکاری طور پر کون سی تاریخ رائج ہے؟
محمود	اَلتَّارِيخُ الْمُعْتَمَدُ هُوَ الْهِجْرِيُّ.	محمود	رائج تاریخ ہجری ہے۔
سعد	مَا هِيَ الصَّادِرَاتُ السُّعُودِيَّةُ؟	سعد	سعودیہ کی برآمدات کون سی ہیں؟
محمود	مِنْ أَهَمِّهَا الْبِتْرُولُ مَعَ وُجُودِ صَادِرَاتٍ أُخْرٰى.	محمود	سب سے اہم پٹرول ہے، اس کے علاوہ کچھ اور برآمدات بھی ہیں۔
سعد	مَنْ هُمْ أَشْهَرُ مُلُوكِ السُّعُودِيَّةِ؟	سعد	سعودیہ کے مشہور بادشاہ کون کون سے ہیں؟
محمود	هُوَ الْمَلِكُ عَبْدُ الْعَزِيزِ، وَالْمَلِكُ فَيْصَلُ، وَالْمَلِكُ فَهْدٌ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ.	محمود	شاہ عبدالعزیز، شاہ فیصل اور شاہ فہد رحمہم اللہ۔
سعد	مَا هُوَ دَخْلُ الْحُكُومَةِ؟	سعد	حکومت کی آمدنی کا ذریعہ کیا ہے؟
محمود	هُوَ النَّفْطُ، وَالتِّجَارَةُ، وَبَعْضُ الصَّادِرَاتِ الْأُخْرٰى.	محمود	حکومت کی آمدنی کے ذرائع: پٹرولیم منصوعات، تجارت اور کچھ دوسری برآمدات ہیں۔
سعد	هَلْ تُوجَدُ زِرَاعَةٌ مَّحَلِّيَّةٌ فِيهَا؟	سعد	کیا یہاں مقامی طور پر کاشت کاری بھی کی جاتی ہے؟
محمود	نَعَمْ، تُوجَدُ، وَلٰكِنْ قِوَامُهَا عَلَى التَّقْلِيدِ الْقَدِيمِ.	محمود	جی ہاں، مگر اس کا طریقۂ کار پرانا ہے۔
سعد	مَا هِيَ عَامَّةُ مَحَاصِلِهَا؟	سعد	اس کی عام پیداوار کیا ہے؟
محمود	اَلْحُبُوبُ وَالثِّمَارُ.	محمود	غلہ اور پھل۔

سعد	تَكْفِينَا الْيَوْمَ هٰذِهِ الْمَعْلُومَاتُ عَنِ الْمَمْلَكَةِ.	سعد	مملکت کے بارے میں آج اتنی معلومات ہی کافی ہیں۔
محمود	هَيَّا نَذْهَبْ لِصَلَاةِ الْمَغْرِبِ.	محمود	آؤ نماز مغرب کے لیے چلیں۔

مَعَ الْكَفِيلِ | کفیل کے ساتھ

سعد	يَا مَحْمُودُ! مَتٰى نَذْهَبُ لِلِقَاءِ الْكَفِيلِ؟	سعد	محمود! ہم کفیل سے ملنے کب جائیں گے؟
محمود	بَعْدَ تَنَاوُلِ الْفُطُورِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى.	محمود	ناشتہ کرنے کے بعد ان شاء اللہ۔
سعد	أَيْنَ مَوقِعُهُ؟	سعد	اس کی جگہ کہاں ہے؟
محمود	مَكْتَبُهُ فِي حَيِّ الْوِزَارَاتِ بِالْعُلَيَّا.	محمود	اس کا آفس عُلَیّا کے علاقے 'حي الوزارات' میں ہے۔
سعد	مَتٰى يَبْدَأُ دَوَامُهُ؟	سعد	آفس ٹائم کب شروع ہوتا ہے؟
محمود	اَلسَّاعَةَ الْعَاشِرَةَ صَبَاحًا.	محمود	صبح دس بجے۔
سعد	سَنَخْرُجُ فِي السَّاعَةِ التَّاسِعَةِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	ہم ان شاء اللہ نو بجے روانہ ہوجائیں گے۔
محمود	هَيَّا يَا سَعْدُ، فَقَدْ تَمَّ الْوَقْتُ.	محمود	آؤ سعد! وقت ہو چکا ہے۔
	(عِنْدَ الْكَفِيلِ)		(کفیل کے ہاں)
	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.		السلام علیکم۔
كفيل	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، أَهْلًا وَّسَهْلًا وَّمَرْحَبًا، أَهٰذَا هُوَ سَعْدٌ؟	کفیل	وعلیکم السلام، أهلًا وسهلًا ومرحبًا۔ کیا یہی سعد ہے؟
محمود	نَعَمْ، هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَتَحَدَّثَ مَعَهُ؟	محمود	جی ہاں، کیا آپ اس سے گفتگو کرسکتے ہیں؟

کفیل	نَعَمْ، كَيْفَ حَالُكَ يَا أَخِي سَعْدُ؟	کفیل	جی، سعد بھائی! آپ کا کیا حال ہے؟
سعد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَا بِخَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ.	سعد	اللہ کا شکر ہے، میں خیر وعافیت سے ہوں۔
کفیل	لَعَلَّكَ وَصَلْتَ بِخَيْرٍ؟	کفیل	امید ہے کہ آپ خیریت سے پہنچ گئے ہیں؟
سعد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَانَ السَّفَرُ مُرِيحًا.	سعد	الحمدللہ، سفر آرام دہ رہا ہے۔
کفیل	مَااسْمُ أَبِيكَ يَا سَعْدُ؟	کفیل	سعد! آپ کے والد کا کیا نام ہے؟
سعد	إِسْمُ أَبِي أَسعَدُ.	سعد	میرے ابا جان کا نام اسعد ہے۔
کفیل	أَنْتَ بَاكِسْتَانِيُّ الْجِنْسِيَّةِ، أَصَحِيحٌ هٰذَا؟	کفیل	آپ کی شہریت پاکستانی ہے، کیا یہ درست ہے؟
سعد	نَعَمْ، أَنَا بَاكِسْتَانِيُّ الْجِنْسِيَّةِ.	سعد	جی ہاں، میں شہریت کے لحاظ سے پاکستانی ہوں۔
کفیل	كَمْ عُمُرُكَ؟	کفیل	آپ کی عمر کتنی ہے؟
سعد	خَمْسٌ وَّعِشْرُونَ سَنَةً.	سعد	پچیس سال۔
کفیل	مَا هُوَ مُؤَهِّلُكَ الْعِلْمِيُّ؟	کفیل	آپ کی تعلیمی قابلیت کتنی ہے؟
سعد	أَنَا مُتَخَرِّجٌ مِّنَ الثَّانَوِيَّةِ الْعَامَّةِ.	سعد	میں نے میٹرک کر رکھا ہے۔
کفیل	مَا هِيَ مِهْنَتُكَ؟	کفیل	آپ کا ہنر کیا ہے؟
سعد	أَنَا مِيكَانِيكِيُّ سَيَّارَاتٍ.	سعد	میں موٹر مکینک ہوں۔
کفیل	أَلَدَيْكَ شَهَادَةٌ؟	کفیل	کیا آپ کے پاس سند (اور سرٹیفکیٹ) ہے؟
سعد	نَعَمْ، لَدَيَّ الشَّهَادَةُ الثَّانَوِيَّةُ وَغَيْرُهَا.	سعد	جی ہاں، میرے پاس میٹرک کی سند وغیرہ ہے۔
کفیل	كَمْ خِبْرَتُكَ؟	کفیل	آپ کا عملی تجربہ کتنا ہے؟
سعد	مُنْذُ خَمْسِ سَنَوَاتٍ أَنَا فِي هٰذَا الْعَمَلِ.	سعد	میں پانچ سال سے یہی کام کر رہا ہوں۔

كفيل	هَلْ تُجِيدُ الْإِنْجِلِيزِيَّةَ؟	کفیل	کیا آپ انگریزی اچھی طرح جانتے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، أُجِيدُهَا.	سعد	جی ہاں، میں اسے اچھی طرح جانتا ہوں۔
كفيل	أَيْنَ تَرْغَبُ لِلْعَمَلِ؟	کفیل	آپ کہاں کام کرنا پسند کریں گے؟
سعد	أُرِيدُ أَنْ أَعْمَلَ فِي وَرْشَةٍ خَاصَّةٍ وَمُسْتَقِلَّةٍ.	سعد	میں کسی خصوصی اور مستقل ورکشاپ میں کام کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔
كفيل	مَتَى تُبَاشِرُ الْعَمَلَ؟	کفیل	آپ کام کا آغاز کب کریں گے؟
سعد	مَعَ بِدَايَةِ الشَّهْرِ الْمُقْبِلِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	آئندہ ماہ کے آغاز سے ان شاء اللہ۔
كفيل	أَيْنَ جَوَازُ سَفَرِكَ؟	کفیل	آپ کا پاسپورٹ کہاں ہے؟
سعد	هُوَ عِنْدِي.	سعد	میرے پاس ہے۔
كفيل	عِنْدَمَا تَأْتِي لِلْعَمَلِ عَلَيْكَ أَنْ تُعْطِيَنِي الْجَوَازَ.	کفیل	جس وقت آپ کام کے لیے آئیں تب آپ اپنا پاسپورٹ مجھے دے دینا۔
سعد	طَيِّبٌ، سَأُعْطِيكَ.	سعد	ٹھیک ہے، میں آپ کو دے دوں گا۔
كفيل	سَأُخْرِجُ لَكَ إِقَامَةً مُدَّتُهَا سِتَّةُ أَشْهُرٍ.	کفیل	میں آپ کے لیے اقامے کا بندوبست کرتا ہوں جس کی مدت چھ ماہ ہوگی۔
سعد	وَفَّقَكَ اللّٰهُ وَأَعَانَكَ.	سعد	اللہ آپ کو توفیق دے اور آپ کی مدد فرمائے۔
كفيل	وَفَّقَكَ أَيْضًا، اِذْهَبِ الْآنَ، وَأْتِ عَلَى الْمَوْعِدِ.	کفیل	اللہ آپ کو بھی توفیق دے، اب آپ جائیں اور وعدے پر تشریف لائیں۔
سعد	شُكْرًا، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	بہت شکریہ، السلام علیکم۔

فِي مَكْتَبِ الْكَفِيلِ | کفیل کے دفتر میں

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
كفيل	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	کفیل	وعلیکم السلام۔
سعد	كَيْفَ حَالُكَ يَا سَيِّدِي؟	سعد	محترم آپ کا کیا حال ہے؟
كفيل	أَنَا بِخَيْرٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	کفیل	الحمدللہ میں خیریت سے ہوں۔
سعد	هَلْ وَجَدْتَّ لِي وَرْشَةً أَعْمَلُ فِيهَا؟	سعد	کیا آپ نے میرے لیے کوئی ورکشاپ ڈھونڈی ہے جس میں مجھے کام کرنا ہے؟
كفيل	نَعَمْ، وَجَدْتُّ وَرْشَةً فِي مُجَمَّعِ الْوُرَشِ.	کفیل	جی ہاں، میں نے ورکشاپ مارکیٹ میں ایک ورکشاپ ڈھونڈی ہے۔
سعد	هٰذَا خَبَرٌ سَارٌّ.	سعد	یہ تو خوش کن خبر ہے۔
كفيل	سَنَذْهَبُ الْيَوْمَ هُنَاكَ سَوِيًّا بَعْدَ صَلَاةِ الظُّهْرِ.	کفیل	آج ہی نماز ظہر کے بعد ہم اکٹھے وہاں جائیں گے۔
سعد	أَيْنَ تُصَلِّي الظُّهْرَ يَا سَيِّدِي؟	سعد	جناب من! آپ نماز ظہر کہاں ادا کریں گے؟
كفيل	فِي الْمَسْجِدِ الْمُجَاوِرِ لَنَا.	کفیل	اپنی قریبی مسجد میں۔
سعد	سَأَكُونُ الْيَوْمَ مَعَكَ فِي الْمَكْتَبِ.	سعد	میں آج دفتر میں آپ کے پاس ہی رہتا ہوں۔
كفيل	أَنْتَ بِالْخِيَارِ.	کفیل	آپ کو اختیار ہے۔
سعد	أَحَانَ وَقْتُ الصَّلَاةِ؟	سعد	کیا نماز کا وقت ہوگیا ہے؟

كفيل	لَا، بَلْ بَقِيَتْ سَاعَةٌ كَامِلَةٌ فِي الصَّلَاةِ.	کفیل	نہیں، بلکہ نماز میں ابھی پورا ایک گھنٹہ باقی ہے۔
سعد	أَتَسْمَعُ الْأَذَانَ يَا سَيِّدِي؟	سعد	جناب! کیا آپ اذان سن رہے ہیں؟
كفيل	نَعَمْ، إِنَّهُ أَذَانُ الظُّهْرِ، سَنَذْهَبُ إِلَى الْمَسْجِدِ الْآنَ.	کفیل	جی ہاں، یہ ظہر کی اذان ہے، ابھی ہم مسجد جاتے ہیں۔
سعد	هَلْ يُمْكِنُكَ الْآنَ أَنْ تَتَّصِلَ بِصَاحِبِ الْوَرْشَةِ؟	سعد	کیا یہ ممکن ہے کہ آپ ورکشاپ کے مالک کو فون کر لیں؟
كفيل	نَعَمْ، سَأَتَّصِلُ بِهِ حَالًا.	کفیل	جی، میں ابھی اسے فون کرتا ہوں۔
سعد	أَهُوَ مَوْجُودٌ فِي مَحَلِّ عَمَلِهِ؟	سعد	کیا وہ اپنے کام کی جگہ پر موجود ہے؟
كفيل	نَعَمْ، هُوَ مَوْجُودٌ.	کفیل	جی ہاں، وہ موجود ہے۔
سعد	إِذَنْ نَذْهَبُ؟	سعد	تو پھر چلیں۔
كفيل	نَعَمْ، سَنَصِلُ فِي نِصْفِ سَاعَةٍ تَقْرِيبًا.	کفیل	ہاں، ہم تقریباً آدھ گھنٹے میں پہنچ جائیں گے۔
	(مَعَ صَاحِبِ الْوَرْشَةِ)		(ورکشاپ کے مالک کے ساتھ)
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
أبو عبدالله	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	ابوعبداللہ	وعلیکم السلام۔
سعد	كَيْفَ الْحَالُ يَا أَبَاعَبْدِاللهِ؟	سعد	ابوعبداللہ! حال احوال کیسے ہیں؟
أبو عبدالله	أَنَا بِخَيْرٍ وَعَافِيَةٍ، أَخْبِرْنِي عَنْكَ يَا سَيِّدِي.	ابوعبداللہ	خیروعافیت سے ہوں، محترم! آپ اپنے بارے میں بتائیں؟
سعد	حَمْدًا لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ.	سعد	ہر حال میں اللہ کا شکر ہے۔
أبو عبدالله	أَهٰذَا هُوَ الْمُهَنْدِسُ الَّذِي كَلَّمْتَنِي عَنْهُ؟	ابوعبداللہ	کیا یہ وہی انجینئر ہے جس کے متعلق آپ نے مجھ سے بات کی تھی؟

كفيل	نَعَمْ، هُوَ هٰذَا.	کفیل	جی، یہ وہی ہے۔
أبو عبدالله	مَتٰى دَخَلَ الْمَمْلَكَةَ؟	ابوعبداللہ	یہ سعودیہ کب آیا ہے؟
كفيل	قَبْلَ أَيَّامٍ.	کفیل	تھوڑے ہی دن پہلے۔
أبو عبدالله	كَمْ سَاعَةً يَسْتَطِيعُ أَنْ يُدَاوِمَ؟	ابوعبداللہ	یہ کتنے گھنٹے ڈیوٹی دے سکتا ہے؟
كفيل	هُوَ فَارِغٌ وَلَيْسَ لَدَيْهِ أَيَّةُ أَشْغَالٍ أُخْرٰى.	کفیل	یہ بالکل فارغ ہے اس کے پاس کوئی اور کام نہیں۔
أبو عبدالله	إِذَنْ عَلَيْهِ أَنْ يُدَاوِمَ أُسْبُوعًا فِي اللَّيْلِ وَأُسْبُوعًا فِي النَّهَارِ.	ابوعبداللہ	تب اسے ایک ہفتہ رات کو اور ایک ہفتہ دن کو ڈیوٹی دینی چاہیے۔
كفيل	مَا هُوَ تَوْقِيتُ الدَّوَامِ الْيَوْمِيِّ وَاللَّيْلِيِّ؟	کفیل	دن اور رات کے ڈیوٹی کے اوقات کیا ہیں؟
أبو عبدالله	اَلتَّوْقِيتُ الْيَوْمِيُّ مِنَ السَّاعَةِ الثَّامِنَةِ صَبَاحًا إِلَى السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ مَسَاءً، وَأَمَّا اللَّيْلِيُّ فَمِنَ الرَّابِعَةِ مَسَاءً إِلَى الثَّانِيَةَ عَشَرَ لَيْلًا.	ابوعبداللہ	دن کے اوقات صبح آٹھ بجے سے شام چار بجے تک، اور رات کے اوقات شام چار بجے سے رات کے بارہ بجے تک ہیں۔
سعد	وَالرَّاتِبُ الشَّهْرِيُّ كَمْ يُتَوَقَّعُ أَنْ يَكُونَ؟	سعد	اور ماہانہ تنخواہ کی کتنی توقع ہوگی؟
كفيل	أَنَا أَقْتَرِحُ بَيْنَ ثَمَانٍ إِلَى اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفَ رِيَالٍ.	کفیل	میں آٹھ تا بارہ ہزار ریال کی تجویز دیتا ہوں۔
أبو عبدالله	طَيِّبٌ، فِي الْأَشْهُرِ الثَّلَاثَةِ الْأُوَلِ سَيَكُونُ الرَّاتِبُ ثَمَانِيَةَ آلَافٍ، ثُمَّ نَزِيدُهُ أَلْفَ رِيَالٍ فِي الشَّهْرِ الرَّابِعِ.	ابوعبداللہ	ٹھیک، پہلے تین ماہ تو تنخواہ آٹھ ہزار ہو گی، پھر چوتھے ماہ ہم اس میں ایک ہزار ریال کا اضافہ کر دیں گے۔

كفيل	عَلٰى هٰذَا اتَّفَقْنَا، وَهَلْ نَكْتُبُ هٰذَا؟	کفیل	ہم اس پر متفق ہیں، کیا ہم اسے لکھ لیں؟
أبوعبدالله	كَمَا تُرِيدُ، وَالْأَفْضَلُ أَنْ نَكْتُبَهٗ.	ابوعبداللہ	جیسے آپ چاہیں، بہتر یہی ہے کہ ہم اسے لکھ لیں۔
كفيل	اِحْتَفِظْ بِهٰذِهِ الْوَرَقَةِ (السَّنَدِ).	کفیل	اس ورقے (اشٹام) کو محفوظ رکھیں۔
أبوعبدالله	أَرْجُو أَنْ يَّكُونَ نَاجِحًا وَّسَعِيدًا.	ابوعبداللہ	مجھے امید ہے کہ یہ کامیاب و خوش نصیب ہوں گے۔
كفيل	إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِعَوْنِهٖ وَتَوْفِيقِهٖ، وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	کفیل	ان شاء اللہ، اللہ تعالیٰ کی برکت اور توفیق کے ساتھ، والسلام علیکم۔
أبوعبدالله	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	ابوعبداللہ	وعلیکم السلام۔

مُبَاشَرَةُ الْعَمَلِ | کام کا آغاز

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
أبو عبداللّٰه	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	ابوعبداللہ	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہ۔
سعد	كَيْفَ حَالُكَ يَا أَبَا عَبْدِاللّٰهِ؟	سعد	ابوعبداللہ! آپ کا کیا حال ہے؟
أبو عبداللّٰه	أَحْمَدُ اللّٰهَ وَأَشْكُرُهُ.	ابوعبداللہ	الحمدللہ، اللہ کا شکر ہے۔
سعد	اَلْيَوْمَ وَجَدْتُّ فُرْصَةً أَنْ أَزُورَكَ.	سعد	آج آپ سے ملاقات کا موقع ملا ہے۔
أبو عبداللّٰه	هٰذَا طَيِّبٌ وَّجَمِيلٌ.	ابوعبداللہ	یہ بہت اچھا اور عمدہ موقع ہے۔
سعد	أَنَا الْآنَ مُتَفَرِّغٌ لِلْعَمَلِ، فَمَاذَا رَأْيُكَ فِيهِ؟	سعد	میں اب کام کے لیے فارغ ہوں۔ آپ کے خیال میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
أبو عبداللّٰه	أَمَّا الْعَمَلُ فَمَعْلُومٌ، وَلٰكِنْ عَلَيْنَا أَنْ نَّتَّفِقَ عَلٰى أُمُورٍ.	ابوعبداللہ	کام تو معلوم ہی ہے لیکن ہمیں چند باتوں پر اتفاق رائے کر لینا چاہیے۔
سعد	نَعَمْ، هٰذَا الَّذِي أُرِيدُهُ تَمَامًا.	سعد	جی ہاں، میں بھی بالکل یہی چاہتا ہوں۔
أبو عبداللّٰه	غَدًا سَأُحْضِرُ مَعِي عَقْدَ الْعَمَلِ وَتُوَقِّعُ عَلَيْهِ.	ابوعبداللہ	کل میں اپنے ساتھ معاہدہ نامہ لے آؤں گا آپ اس پر دستخط کر دینا۔
سعد	مَا هِيَ الشُّرُوطُ الْعَامَّةُ لِلْعَمَلِ هُنَا؟	سعد	یہاں پر کام کرنے کے لیے عمومی شرائط کون سی ہیں؟
أبو عبداللّٰه	لَيْسَ هُنَاكَ مِنْ شُرُوطٍ سِوَى الْعَقْدِ.	ابوعبداللہ	شرائط تو نہیں ہیں صرف معاہدہ ہے۔
سعد	هَلِ الْعَقْدُ مَكْتُوبٌ عِنْدَكَ؟	سعد	کیا معاہدہ آپ کے پاس لکھا ہوا ہے؟
أبو عبداللّٰه	نَعَمْ، هُوَ مَكْتُوبٌ.	ابوعبداللہ	جی ہاں، وہ تحریر شدہ ہے۔

سعد	سَأَكُونُ عِنْدَكَ غَدًا فِي نَفْسِ هٰذَا الْوَقْتِ، إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	ان شاء اللہ، کل اسی وقت میں آپ کے پاس ہوں گا۔
	(بَعْدَ يَوْمٍ)		(ایک دن بعد)
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
أبوعبداللّٰه	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	ابوعبداللہ	وعلیکم السلام۔
سعد	كُنْتُ أُرِيدُ أَنْ أَسْتَشِيرَكَ فِي مَوْضُوعِ الْعَمَلِ.	سعد	میں کام کے حوالے سے آپ سے مشورہ کرنا چاہتا ہوں۔
أبوعبداللّٰه	تَفَضَّلْ، مَاذَا تُرِيدُ أَنْ تَقُولَ؟	ابوعبداللہ	کیجیے، آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟
سعد	أَيُمْكِنُ أَنْ أَفْتَحَ وَرْشَةً مُسْتَقِلَّةً؟	سعد	یہ ممکن ہے کہ میں کوئی الگ ورکشاپ کھول لوں؟
أبوعبداللّٰه	نَعَمْ، هٰذَا يُمْكِنُ، وَلٰكِنْ قَبْلَ ذٰلِكَ مِنَ الْأَفْضَلِ أَنْ تَعْمَلَ فِي وَرْشَةٍ عِنْدَنَا لِلتَّجْرِبَةِ.	ابوعبداللہ	جی ہاں، یہ ممکن ہے مگر اس سے پہلے یہ بہتر ہے کہ آپ تجربے کے لیے ہماری ورکشاپ میں کام کریں۔
سعد	هٰذَا أَيْضًا رَأْيٌ سَدِيدٌ.	سعد	یہ رائے بھی درست ہے۔
أبوعبداللّٰه	مِنْ خِلَالِهِ سَتَتَعَرَّفُ عَلٰى مَعْلُومَاتٍ مُفِيدَةٍ.	ابوعبداللہ	اس دوران میں آپ کو مفید معلومات ملیں گی۔
سعد	سَنَلْتَقِي غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	ہم کل ملیں گے ان شاء اللہ۔
أبوعبداللّٰه	طَيِّبٌ، تَعَالَ غَدًا فِي نَفْسِ هٰذَا الْوَقْتِ.	ابوعبداللہ	ٹھیک ہے، کل اسی وقت تشریف لائیں۔
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
أبوعبداللّٰه	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	ابوعبداللہ	وعلیکم السلام۔

	اِجْتِمَاعٌ دِينِيٌّ		دینی اجتماع
كفيل	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	کفیل	السلام علیکم۔
سعد	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	سعد	وعلیکم السلام۔
كفيل	أَخْبِرْنِي عَنْ صِحَّتِكَ؟	کفیل	مجھے اپنی صحت کے بارے میں بتائیے؟
سعد	اَلْآنَ أَنَا أَتَمَتَّعُ بِصِحَّةٍ طَيِّبَةٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	سعد	الحمد للہ! اب میں اچھی صحت سے لطف اندوز ہو رہا ہوں۔
كفيل	وَ مَا هِيَ أَخْبَارُ عَمَلِكَ؟	کفیل	آپ کے کام کاج کی کیا خبریں ہیں؟
سعد	أَنَا مُرْتَاحٌ جِدًّا مِّنْ عَمَلِي.	سعد	میں اپنے کام سے بہت خوش ہوں۔
كفيل	كَمْ مُّدَّةً مَّضَتْ فِي هٰذَا الْعَمَلِ؟	کفیل	اس کام میں آپ کو کتنا عرصہ ہو گیا ہے؟
سعد	ثَلَاثَةُ شُهُورٍ وَّنِصْفُ شَهْرٍ.	سعد	ساڑھے تین ماہ۔
كفيل	أَيْنَ تُصَلِّي الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ؟	کفیل	آپ پانچوں نمازیں کہاں پڑھتے ہیں؟
سعد	فِي الْمَسْجِدِ الْمُجَاوِرِ لَنَا.	سعد	اپنے ساتھ والی مسجد میں۔
كفيل	هَلْ تُقَامُ فِيهِ الدَّوْرَاتُ التَّعْلِيمِيَّةُ وَالدِّينِيَّةُ؟	کفیل	کیا اس میں تعلیمی و دینی اجلاس ہوتے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، كَثِيرًا مَّا أَرَى الْإِعْلَانَاتِ عَلَى الْبَابِ.	سعد	جی ہاں، میں عموماً دروازے پر اعلانات دیکھتا ہوں۔
كفيل	وَهَلْ شَارَكْتَ فِي دَوْرَةٍ؟	کفیل	کیا آپ نے کسی اور پروگرام میں شرکت کی؟
سعد	نَعَمْ، شَارَكْتُ مَرَّةً.	سعد	جی ہاں، میں نے ایک مرتبہ شرکت کی ہے۔
كفيل	أَنْصَحُكَ أَنْ تُشَارِكَ فِي مِثْلِ هٰذِهِ الدَّوْرَاتِ.	کفیل	میری آپ کو نصیحت ہے کہ آپ اس جیسے پروگراموں میں شریک ہوا کریں۔

سعد	نَعَمْ، اَلْآنَ أُشَارِكُهَا وَلَا أَتَخَلَّفُ.	سعد	اب میں شریک ہوا کروں گا اور پیچھے نہیں رہوں گا۔
كفيل	هَلْ سَمِعْتَ مُحَاضَرَةً فِي الْمَسْجِدِ؟	كفيل	کیا آپ نے مسجد میں کوئی لیکچر سنا ہے؟
سعد	نَعَمْ، سَمِعْتُهَا مَرَّةً بِعُنْوَانِ: حُكْمُ التَّدْخِينِ فِي الْإِسْلَامِ.	سعد	جی ہاں، میں نے ایک لیکچر سنا ہے، جس کا عنوان تھا "اسلام میں سگریٹ نوشی کا حکم۔"
كفيل	مَتٰى تُقَامُ الْمُحَاضَرَاتُ غَالِبًا هُنَاكَ؟	كفيل	وہاں عام طور پر لیکچرز کب ہوتے ہیں؟
سعد	بَعْدَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ.	سعد	نماز مغرب کے بعد۔
كفيل	وَهَلْ تَسْمَعُ الْخُطْبَةَ كُلَّهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ؟	كفيل	کیا آپ جمعہ کے روز پورا خطبہ سنتے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، أَسْمَعُهَا كُلَّهَا، وَأَحْيَانًا أَتَأَخَّرُ لِعَارِضٍ.	سعد	جی ہاں، میں عام طور پر پورا خطبہ سنتا ہوں اور بعض اوقات کسی وجہ سے لیٹ ہو جاتا ہوں۔
كفيل	وَاظِبْ بِالْحُضُورِ الْمُبَكِّرِ رَجَاءَ الثَّوَابِ.	كفيل	ثواب کی امید رکھتے ہوئے جلد حاضر ہونے کی عادت بنائیں۔
سعد	نَعَمْ، وَلَا شَكَّ أَنِّي أُحِبُّ الِاجْتِمَاعَاتِ الدِّينِيَّةَ.	سعد	ٹھیک ہے، بلاشبہ میں دینی اجتماعات کو پسند کرتا ہوں۔
كفيل	أَرْجُو أَنْ أَرَاكَ فِي الِاجْتِمَاعِ الْقَادِمِ.	كفيل	میں امید رکھتا ہوں کہ آئندہ اجتماع میں آپ کو دیکھوں گا۔
سعد	بِكُلِّ تَأْكِيدٍ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ.	سعد	یقیناً ان شاء اللہ۔

أَدَاءُ الْعُمْرَةِ | عمرے کی ادائیگی

سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم ۔
معتمر	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	معتمر	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
سعد	لَوْ سَمَحْتَ يَا أَخِي! هَلْ تَعْتَمِرُ؟	سعد	معاف کیجیے گا، بھائی ! کیا آپ عمرہ کریں گے؟
معتمر	نَعَمْ، اَلْآنَ أَبْدَأُ.	معتمر	جی ہاں، میں ابھی شروع کر رہا ہوں۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ أُرَافِقَكَ.	سعد	میں آپ کی رفاقت اختیار کرنا چاہتا ہوں۔
معتمر	أَلَا تَعْرِفُ طَرِيقَةَ أَدَاءِ الْعُمْرَةِ؟	معتمر	کیا آپ عمرہ کرنا نہیں جانتے؟
سعد	هٰذِهِ أَوَّلُ زِيَارَةٍ لِّي لِلْبَيْتِ الْحَرَامِ.	سعد	یہ میری بیت اللہ الحرام کی پہلی زیارت ہے۔
معتمر	لَا مَانِعَ مِنْ ذٰلِكَ هَيَّا رَافِقْنِي.	معتمر	کوئی رکاوٹ نہیں، آئیں میرے ساتھ ساتھ چلیں۔
سعد	أُرِيدُ أَنْ أُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ، تَحِيَّةً لِّلْمَسْجِدِ.	سعد	میں تحیۃ المسجد کی دو رکعتیں پڑھنا چاہتا ہوں۔
معتمر	أَلَا تَعْرِفُ أَنَّ تَحِيَّتَهُ عِنْدَ الْقُدُومِ هُوَ الطَّوَافُ.	معتمر	کیا آپ یہ نہیں جانتے کہ بیت اللہ میں پہلی آمد پر اس کا تحیۃ، طواف ہوتا ہے۔
سعد	جَيِّدٌ، إِذَنْ نَبْدَأُ بِالطَّوَافِ.	سعد	بہت اچھا، تب ہم طواف شروع کرتے ہیں۔
معتمر	يَبْدَأُ الشَّوْطُ مِنَ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ وَيَنْتَهِي بِهٖ.	معتمر	(طواف کا) چکر حجر اسود سے شروع ہوتا ہے اور اسی پر ختم ہوتا ہے۔
سعد	سَنَفْعَلُ، وَهَلْ نُقَبِّلُ الْحَجَرَ كُلَّ مَرَّةٍ؟	سعد	ہم ایسا ہی کریں گے، کیا ہم حجر اسود کو ہر بار بوسہ دیں گے؟

معتمر	نَعَمْ، وَإِلَّا فَنَسْتَلِمُهُ بِالْيَدِ وَنُقَبِّلُهَا.	معتمر	جی ہاں (اگر ممکن ہوا تو) وگرنہ ہم اسے صرف ہاتھ سے چھوکر ہاتھ کو بوسہ دیں گے۔
سعد	وَإِنْ لَمْ يُمْكِنْ ذٰلِكَ فَمَاذَا نَفْعَلُ؟	سعد	اگر یہ بھی ممکن نہ ہوتو پھر ہم کیا کریں گے؟
معتمر	نُشِيرُ إِلَيْهِ مِنْ بَعِيدٍ فَقَطْ كَالتَّحِيَّةِ.	معتمر	ہم دور ہی سے اس کی طرف اشارہ کریں گے جیسے اشارے سے سلام ہوتا ہے۔
سعد	ثُمَّ مَاذَا نَفْعَلُ؟	سعد	پھر کیا کریں گے؟
معتمر	ثُمَّ نَقُولُ: بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.	معتمر	پھر ہم کہیں گے: بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.
سعد	أَعْلَمُ أَنَّ الْأَشْوَاطَ سَبْعَةٌ، لٰكِنَّ الرَّمَلَ فِي كَمْ؟	سعد	مجھے علم ہے کہ طواف کے سات چکر ہیں لیکن رمل (مونڈھے ہلاتے ہوئے تیز چلنا) کتنے چکروں میں ہوگا؟
معتمر	اَلرَّمَلُ فِي الْأَشْوَاطِ الثَّلَاثَةِ الْأُوَلِ.	معتمر	رمل صرف پہلے تین چکروں میں ہے۔
سعد	وَالِاضْطِبَاعُ فِي كَمْ؟	سعد	اضطباع (دائیں بغل سے چادر نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا) کتنے چکروں میں ہو گا؟
معتمر	اَلِاضْطِبَاعُ فِي جَمِيعِ الْأَشْوَاطِ.	معتمر	اضطباع تمام چکروں میں (طواف کے آخر تک) ہوگا۔
سعد	أَيْنَ مَقَامُ إِبْرَاهِيمَ عليه السلام؟	سعد	مقام ابراہیم علیہ السلام کہاں ہے؟
معتمر	هُوَ أَمَامَ بَابِ الْكَعْبَةِ، أَتَرٰى ذٰلِكَ الْقَفَصَ الزُّجَاجِيَّ؟	معتمر	وہ کعبہ کے دروازے کے سامنے ہے، کیا آپ وہ شیشے کا پنجرہ دیکھ رہے ہیں؟
سعد	نَعَمْ، أَرَاهُ وَلٰكِنْ أُرِيدُ أَنْ أَرَاهُ مِنْ دَاخِلِهِ.	سعد	جی ہاں، میں وہ دیکھ رہا ہوں لیکن میں اس کے اندر دیکھنا چاہتا ہوں۔

معتمر	تَفَضَّلْ، وَلٰكِنْ رُؤْيَتُهُ لَيْسَتْ جُزْءًا مِّنَ الْعُمْرَةِ، وَلَا لَمْسُهُ وَلَا تَقْبِيلُهُ.	معتمر	آیئے، لیکن اسے دیکھنا عمرے کا حصہ نہیں، نہ اسے چھونا اور نہ اسے بوسہ ہی دینا۔
سعد	مَا هٰذَا الْحَجَرُ الَّذِي فِي دَاخِلِهِ؟	سعد	اس کے اندر موجود یہ پتھر کیسا ہے؟
معتمر	هٰذَا الْحَجَرُ الَّذِي كَانَ يَقُومُ عَلَيْهِ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَثْنَاءَ بِنَاءِ الْبَيْتِ. وَبَعْدَ الطَّوَافِ سَنُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ خَلْفَ هٰذَا الْمَقَامِ.	معتمر	یہ وہ پتھر ہے جس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام بیت اللہ کی تعمیر کے وقت کھڑے ہوتے تھے۔ طواف کرنے کے بعد ہم اس مقام کے بالمقابل دو رکعتیں پڑھیں گے۔
سعد	ثُمَّ مَاذَا نَفْعَلُ؟	سعد	پھر ہم کیا کریں گے؟
معتمر	ثُمَّ نَشْرَبُ مِنْ مَّاءِ زَمْزَمَ.	معتمر	پھر ہم آب زمزم پئیں گے۔
سعد	ثُمَّ مَاذَا نَفْعَلُ؟	سعد	پھر ہم کیا کریں گے؟
مُعْتَمِر	ثُمَّ نَصْعَدُ الصَّفَا وَنَسْتَقْبِلُ الْكَعْبَةَ.	معتمر	پھر ہم صفا پر چڑھیں گے اور کعبہ کی طرف رخ کریں گے۔
سعد	هَلْ هُنَاكَ ذِكْرٌ خَاصٌّ عَلَى الصَّفَا؟	سعد	صفا پر کوئی خاص ذکر (کیا جاتا) ہے؟
معتمر	نَعَمْ، يُسْتَحَبُّ أَنْ نَّقُولَ: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ ۖ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ﴾	معتمر	جی ہاں، ہمارے لیے یہ کہنا مستحب ہے: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ ۖ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ﴾
سعد	وَهَلْ هُنَاكَ دُعَاءٌ خَاصٌّ أَيْضًا؟	سعد	کیا اس موقع کی کوئی خاص دعا بھی ہے؟
معتمر	نَعَمْ، هُوَ قَوْلُهُ ﷺ: «لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ،	معتمر	جی ہاں، رسول اللہ ﷺ سے یہ دعا منقول ہے: «لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

	لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، أَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهٗ» ثُمَّ نَدْعُو بِمَا تَيَسَّرَ لَنَا.		شَيْءٍ قَدِيرٌ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ، أَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهٗ» پھر جو میسر ہو ہم دعا کریں گے۔
سعد	أَيْنَ الْمَسْعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ؟	سعد	صفا اور مروہ کے درمیان مَسْعٰی (دوڑنے کی جگہ) کہاں ہے؟
معتمر	إِنَّهٗ بَيْنَ الْعَلَمَيْنِ الْأَخْضَرَيْنِ.	معتمر	وہ جگہ دونوں سبز نشانوں کے درمیان ہے۔
سعد	ثُمَّ بَعْدَ السَّعْيِ مَاذَا نَفْعَلُ؟	سعد	سعی کرنے کے بعد ہم کیا کریں گے؟
معتمر	نَحْلِقُ رُؤُوسَنَا أَوْ نُقَصِّرُ وَالْحَلْقُ أَفْضَلُ.	معتمر	ہم اپنے سر منڈوائیں گے یا بال کٹوائیں گے جبکہ بال منڈوانا افضل ہے۔
سعد	ثُمَّ بَعْدَهٗ؟	سعد	پھر اس کے بعد؟
معتمر	لَا شَيْءَ، بَلْ تَمَّتِ الْعُمْرَةُ.	معتمر	کچھ بھی نہیں، بلکہ (ہمارا) عمرہ پورا ہو گیا۔
سعد	أَنَا مَسْرُورٌ جِدًّا بِلِقَائِكَ وَمُسَاعَدَتِكَ.	سعد	میں آپ سے مل کر اور آپ کے (نیکی کے) تعاون پر بہت خوش ہوں۔
معتمر	وَأَنَا أَيْضًا مَسْرُورٌ بِكَ وَصُحْبَتِكَ.	معتمر	میں بھی آپ کی ملاقات پر اور آپ سے رفاقت پر بہت مسرور ہوں۔
سعد	جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، وَأَعَانَكَ، وَتَقَبَّلَ طَاعَتَكَ.	سعد	اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر سے نوازے، آپ کی اعانت فرمائے اور آپ کی اطاعت گزاری کو شرف قبولیت بخشے۔
معتمر	وَ أَيْضًا جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا.	معتمر	اور آپ کو بھی جزائے خیر سے نوازے۔
سعد	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ.	سعد	السلام علیکم۔
معتمر	وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ.	معتمر	وعلیکم السلام۔

كَيْفَ تَحُجُّ؟			آپ حج کیسے کریں گے؟
أحمد	أَتُرِيدُ أَنْ تَحُجَّ؟	احمد	کیا آپ حج کا ارادہ رکھتے ہیں؟
حامد	نَعَمْ، أُرِيدُ الْحَجَّ.	حامد	جی، میں حج کا ارادہ رکھتا ہوں۔
أحمد	كَمْ مُدَّةً تُقِيمُ هُنَاكَ؟	احمد	وہاں کتنے دن قیام کریں گے؟
حامد	شَهْرًا كَامِلًا.	حامد	پورا مہینہ۔
أحمد	وَ مَنْ يَذْهَبُ مَعَكَ لِلْحَجِّ؟	احمد	آپ کے ساتھ حج کے لیے کون جائے گا؟
حامد	تُصَاحِبُنِي أُمِّي.	حامد	میری والدہ محترمہ ساتھ ہوں گی۔
أحمد	مَتٰى تَرْحَلُ لِلْحَجِّ؟	احمد	آپ حج کے لیے کب روانہ ہوں گے؟
حامد	فِي خَمْسٍ وَّ عِشْرِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ.	حامد	ذوالقعدہ کی پچیس تاریخ کو۔
	يَخْرُجُ حَامِدٌ وِفْقَ التَّارِيخِ الْمَذْكُورِ مِنْ بَيْتِهٖ فَرِحًا مُوَدِّعًا أَهْلَهٗ، وَيَصِلُ إِلٰى مَطَارِ لَاهُورَ، ثُمَّ يُحْرِمُ هُنَاكَ، وَيَرْكَبُ الطَّائِرَةَ. يَقُولُ حَامِدٌ لِجَلِيسِهٖ جَمِيلٍ! هَلْ حَجَجْتَ قَبْلَهٗ أَيْضًا؟		حامد مذکورہ تاریخ کو خوشی خوشی اپنے گھر والوں کو الوداع کرتے ہوئے گھر سے نکلتا ہے، اور لاہور ایئر پورٹ پر پہنچتا ہے، پھر وہاں احرام باندھتا ہے اور جہاز پر سوار ہوتا ہے۔ حامد اپنے ہم سفر جمیل سے کہتا ہے: کیا آپ نے اس سے قبل بھی حج کیا ہے؟
جميل	نَعَمْ.	جمیل	جی ہاں۔
حامد	طَيِّبٌ، سَتَكُونُ لَنَا فِيهِ سُهُولَةٌ.	حامد	ٹھیک ہے، اس میں ہمارے لیے آسانی ہوگی۔
جميل	يَقِينًا، وَسَيَهْبِطُ الطَّائِرَةُ فِي مَطَارِ جِدَّةَ، ثُمَّ نَرْحَلُ إِلٰى مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ.	جمیل	یقینی طور پر، عنقریب جہاز جدہ ایئرپورٹ پر اترے گا، پھر ہم مکہ مکرمہ کی طرف کوچ کریں گے۔

حامد	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ قَدْ وَصَلْنَا جِدَّةَ.	حامد	الحمدللہ ہم جدہ پہنچ گئے ہیں۔
جميل	بَعْدَ قَلِيلٍ سَنَرْتَحِلُ إِلٰى مَكَّةَ.	جمیل	تھوڑی ہی دیر بعد ہم مکہ روانہ ہو جائیں گے۔
جميل	يَا حَامِدُ وَصَلْنَا بِتَوْفِيقِ اللّٰهِ إِلٰى مَكَّةَ.	جمیل	حامد! اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہم مکہ مکرمہ پہنچ گئے ہیں۔
حامد	يَا أَخِي! وَأُمِّي مَرِيضَةٌ، وَهِيَ تَحْتَاجُ إِلٰى كُرْسِيِّ الْمُقْعَدِينَ.	حامد	بھائی جان! میری والدہ بیمار ہیں، انھیں وہیل چیئر کی ضرورت ہے۔
جميل	سَنَسْأَلُ الْعُمَّالَ عَنْهُ. يَا أَخِي! مِنْ أَيْنَ يُوجَدُ كُرْسِيُّ الْمُقْعَدِينَ؟	جمیل	ہم اس کے متعلق عملے سے پوچھ لیتے ہیں۔ بھائی جان! وہیل چیئر کہاں سے مل سکتی ہے؟
موظف	مِنْ هُنَاكَ.	ملازم	وہاں سے۔
حامد	وَالِدَتِي مَرِيضَةٌ وَلَعَلَّنَا نَضْطَرُّ إِلَى الْمُسْتَشْفٰى، فَهَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تُخْبِرَنِي عَنْ عُنْوَانِهِ يَاجَمِيلُ؟	حامد	جمیل! میری والدہ بیمار ہیں، شاید ہمیں ہسپتال جانا پڑے، جمیل! کیا آپ اس کا ایڈریس بتا سکتے ہیں؟
جميل	نَسْأَلُ عَنْ عُنْوَانِهِ أَحَدًا، يَا أَخِي! أَيْنَ الْمُسْتَشْفٰى؟	جمیل	ہم کسی سے اس کا پتا پوچھ لیتے ہیں، او بھائی جان! ہسپتال کہاں ہے؟
موظف	هُوَ قَرِيبٌ مِنَ الْبَيْتِ وَمِنْ نَاحِيَةِ بَابِ بِلَالٍ أَقْرَبُ.	ملازم	وہ بیت اللہ کے قریب ہی ہے اور بابِ بلال کی جانب سے زیادہ قریب ہے۔
حامد	يَا جَمِيلُ! أَيُمْكِنُكَ أَنْ تُعَلِّمَنِي سُنَّةَ الْحَجِّ؟	حامد	جمیل! کیا آپ مجھے حج کا طریقہ بتا سکتے ہیں؟
جميل	هَلْ تَعْرِفُ طَرِيقَةَ أَدَاءِ الْعُمْرَةِ؟	جمیل	کیا آپ ادائیگیِ عمرہ کا طریقہ جانتے ہیں؟
حامد	نَعَمْ، أَعْرِفُهَا.	حامد	جی ہاں، میں جانتا ہوں۔

جميل	فَإِذَنْ أَعْمَالُ الْحَجِّ بَسِيطَةٌ سَتَعْرِفُهَا بِسُهُولَةٍ. تَنْوِي الْحَجَّ وَ تُحْرِمُ فِي ثَمَانٍ مِّنْ ذِي الْحِجَّةِ إِنْ كُنْتَ مُتَمَتِّعًا، وَتُلَبِّي.	جمیل	لو پھر تو اعمالِ حج تھوڑے ہی رہ جاتے ہیں، آپ انھیں بآسانی جان سکتے ہیں۔ اگر آپ حج تمتع کر رہے ہوں تو آٹھ ذوالحجہ کو احرام باندھ کر حج کی نیت کر لیں اور تلبیہ کہنا شروع کر دیں۔
حامد	ثُمَّ مَاذَا أَفْعَلُ؟	حامد	پھر کیا کروں گا؟
جميل	ثُمَّ تَنْطَلِقُ إِلَى مِنًى فَتُصَلِّي هُنَاكَ الظُّهْرَ وَ سَائِرَ الصَّلَوَاتِ قَصْرًا دُونَ جَمْعٍ، وَتَبِيتُ هُنَاكَ.	جمیل	پھر آپ منیٰ کی طرف روانہ ہو جائیں اور وہاں ظہر اور بقیہ تمام نمازیں قصر کے ساتھ جمع کیے بنا (اپنے اپنے وقت پر) پڑھیں، اور رات وہیں بسر کریں۔
حامد	فَبَعْدَ الْبَيْتُوتَةِ فِي مِنًى أَيْنَ أَذْهَبُ؟	حامد	منیٰ میں رات بسر کرنے کے بعد کہاں جاؤں؟
جميل	فَإِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَاذْهَبْ إِلَى عَرَفَاتٍ مُّكَبِّرًا وَّ مُلَبِّيًا. وَهُنَاكَ يَخْطُبُ الْإِمَامُ خُطْبَةً تُنَاسِبُ الْمَقَامَ.	جمیل	جب سورج طلوع ہو تو میدان عرفات کی طرف تکبیرات و تلبیہ کہتے ہوئے روانہ ہوں۔ امامِ حج وہیں حسب حال خطبۂ حج دیتا ہے۔
حامد	ثُمَّ مَاذَا يَكُونُ؟	حامد	پھر کیا ہوگا؟
جميل	تَسْتَمِعُ إِلَى خُطْبَةِ الْإِمَامِ وَتُصَلِّي مَعَهُ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ قَصْرًا وَّ جَمْعًا بِأَذَانٍ وَّإِقَامَتَيْنِ، وَ هٰذَا يَكُونُ الْيَوْمَ التَّاسِعَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ.	جمیل	آپ توجہ سے امام کا خطبہ سنیں گے اور اس کے ساتھ ظہر و عصر ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ جمع کر کے قصر کی صورت میں ادا کریں گے۔ اور یہ نویں ذوالحجہ کا دن ہوگا۔

	ثُمَّ تَقِفُ فِي عَرَفَاتٍ تَذْكُرُ اللّٰهَ وَتُهَلِّلُهُ وَتُكَبِّرُهُ وَتَدْعُوهُ بِأَدْعِيَةٍ تَيَسَّرَتْ لَكَ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ.		پھر عرفات ہی میں وقوف کریں، اللہ کا ذکر کرتے رہیں، تکبیر وتہلیل کہیں اور جو میسر ہو دعائیں کریں یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے۔
حامد	مَتٰى نَذْهَبُ إِلٰى مُزْدَلِفَةَ؟	حامد	ہم مزدلفہ کب جائیں گے؟
جمیل	نَذْهَبُ بَعْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ وَنُصَلِّي فِيهَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمْعًا وَّ قَصْرًا.	جمیل	غروب آفتاب کے بعد جائیں گے، وہاں ہم مغرب وعشاء کی نمازیں قصر کر کے جمع کی صورت میں پڑھیں گے۔
حامد	وَمَاذَا نَفْعَلُ بَعْدَ ذٰلِكَ؟	حامد	اس کے بعد کیا کریں گے؟
جمیل	نَذْهَبُ إِلٰى مِنًى قَبْلَ شُرُوقِ الشَّمْسِ، وَنَرْمِي الْجَمْرَةَ الْكُبْرٰى، ثُمَّ نَذْبَحُ الْهَدْيَ، وَنَحْلِقُ رُؤُوسَنَا.	جمیل	بعدازاں ہم طلوع شمس سے قبل ہی منیٰ روانہ ہوں گے، اور جمرۂ کبریٰ کو رمی کریں گے، پھر قربانی کریں گے اور اپنے سر منڈائیں گے۔
حامد	ثُمَّ مَاذَا نَفْعَلُ بَعْدَ ذٰلِكَ؟	حامد	پھر اس کے بعد کیا کریں گے؟
جمیل	نَذْهَبُ إِلَى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ لِطَوَافِ الْإِفَاضَةِ، وَسَعْيِ الْحَجِّ.	جمیل	طوافِ افاضہ اور حج کی سعی کے لیے مسجدِ حرام جائیں گے۔
حامد	وَمَتٰى نَطُوفُ طَوَافَ الْوَدَاعِ؟	حامد	اور طواف وداع کب کریں گے؟
جمیل	بَعْدَ رَمْيِ الْجَمَرَاتِ فِي الْيَوْمِ الثَّانِي عَشَرَ أَوِ الثَّالِثَ عَشَرَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ.	جمیل	جمرات کو رمی کرنے کے بعد ذوالحجہ کی 12 یا 13 تاریخ کو۔

جُمَلٌ مُّفِيدَةٌ وَّشَائِعَةٌ	روز مرّہ بات چیت میں استعمال ہونے والے مفید جملے
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.	السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
مَنْ أَنْتَ؟	آپ کون ہیں؟
مَا اسْمُكَ؟	آپ کا نام کیا ہے؟
تَعَالَ هُنَا.	یہاں آیئے۔
اِذْهَبْ هُنَاكَ.	وہاں جایئے۔
مِنْ أَيْنَ جِئْتَ؟	آپ کہاں سے آئے ہیں؟
لِمَ جِئْتَ؟	آپ کیوں آئے ہیں؟
كَيْفَ حَالُكَ؟	آپ کا کیا حال ہے؟
أَيْنَ بَيْتُكَ؟	آپ کا گھر کہاں ہے؟
أَيْنَ تَسْكُنُ؟	آپ کہاں رہتے ہیں؟
اِجْلِسْ عِنْدِي.	میرے پاس بیٹھ جایئے۔
اِجْلِسْ مُسْتَرِيحًا.	آرام سے بیٹھ جایئے۔
اِجْلِسْ سَوِيًّا.	اچھی طرح بیٹھیے۔
اِجْلِسْ سَاكِتًا	خاموشی سے بیٹھو۔
اِجْلِسْ مُتَفَسِّحًا	کھل کر بیٹھیے۔
أَيْنَ تَذْهَبُ؟	آپ کہاں جا رہے ہیں؟
أَنَا عَطْشَانُ	میں پیاسا ہوں۔

اِيتِ بِالْمَاءِ.	پانی لائیے۔
اِسْقِنِي مَآءً بَارِدًا.	مجھے ٹھنڈا پانی پلائیے۔
لَا تَسْقِنِي مَآءً حَارًّا.	مجھے گرم پانی نہ پلائیے۔
أَعْطِنِي مَآءً طَازَجًا.	مجھے تازہ پانی دیجیے۔
لَا تَأْكُلْ خُبْزًا جَافًّا.	آپ خشک روٹی نہ کھائیں۔
أَنَا جَائِعٌ.	میں بھوکا ہوں۔
أَطْعِمْنِي شَيْئًا.	مجھے کچھ کھلائیں۔
شَبِعْتُ.	میں سیر ہو گیا ہوں۔
سَخِّنِ الْمَآءَ.	پانی گرم کریں۔
بَرِّدِ الْمَآءَ.	پانی ٹھنڈا کریں۔
سَخَنَ الْمَآءُ.	پانی گرم ہو گیا۔
بَرُدَ الْمَآءُ.	پانی ٹھنڈا ہو گیا۔
اِمْشِ عَلٰى هَوْنِكَ.	آہستہ چلو۔
مَاذَا تَقْرَأُ؟	آپ کیا پڑھ رہے ہیں؟
أَقْرَأُ دَرْسِي.	میں اپنا سبق پڑھ رہا ہوں۔
اِقْرَأْ بِصَوْتٍ عَالٍ.	بلند آواز سے پڑھیں۔
فَرَّ عِنْدَ مَا جِئْتُ.	میرے آنے پر وہ بھاگ گیا۔
مَاذَا صَائِرٌ / مَاذَا يَحْدُثُ؟	کیا ہو رہا ہے؟
إِنَّكَ مُصِيبٌ.	آپ ٹھیک ہیں۔
إِنَّكَ مُخْطِئٌ.	آپ غلطی پر ہیں۔
أَنْتَ مُخْطِئٌ وَّ أَنَا مُصِيبٌ.	آپ غلطی پر ہیں اور میں درستی پر ہوں۔

اَلْآنَ أَصَبْتَ.	اب آپ نے ٹھیک بات کہی۔
ضَعْهُ جَانِبًا	اسے ایک طرف رکھ دیں۔
كَمَا.	جیسا کہ / چونکہ
كَمَا هُوَ.	جیسا کہ وہ۔
كَمَا تَرٰى.	جیسے آپ مناسب سمجھیں۔
عَلَى الرَّاجِحِ.	غالبًا۔
عَلَى الْأَقَلِّ.	کم از کم۔
كَيْفَ مَا أَمْكَنَ.	جس طرح ہو سکے۔
قَدْرَمَا أَمْكَنَ.	جتنا ہو سکے۔
بِأَسْرَعِ مَا يُمْكِنُ.	جتنی جلدی ہو سکے۔
مَا لَهُ؟	اسے کیا ہوا ہے؟
اَلْمَكَانُ الْمُرِيحُ.	خوشگوار مقام۔
إِحْتَرِسْ مَرَّةً أُخْرٰى.	آئندہ احتیاط کریں۔
لَا تَعُدْ إِلَيْهِ مَرَّةً ثَانِيَةً.	دوبارہ ایسا نہ کرنا۔
إِبْتَعِدْ عَنْ أَمَامِي.	میرے سامنے سے دور ہو جاؤ۔
أَسْرِعْ إِلَيَّ.	جلدی میرے پاس آؤ۔
هٰذَا الْخَبَرُ غَيْرُ صَحِيحٍ.	یہ خبر صحیح نہیں۔
كَادَ الْجُوعُ يَقْتُلُنِي.	بھوک سے میری جان نکل رہی ہے۔
لَسْتُ أَسْتَغْنِي عَنْهُ.	اس کے بغیر میرا کام نہیں چل سکتا۔
أَمْسِكْ عَلَيْهِ جَيِّدًا.	اسے مضبوطی سے پکڑو۔
أَنَا مَشْغُولٌ جِدًّا فِي عَمَلِي.	میں اپنے کام میں بہت مصروف ہوں۔

أَنَا رَاضٍ عَنْكَ.	میں آپ سے خوش ہوں۔
هُوَ سَاخِطٌ عَلَيْكَ.	وہ آپ سے ناراض ہے۔
بِكَمْ يُسَاوِي هٰذَا عِنْدَكَ؟	آپ کے نزدیک اس کی کیا قیمت ہے؟
لَيْسَ لِي بِهٖ عِلْمٌ.	مجھے اس کا علم نہیں۔
أَعْتَذِرُ إِلَيْكُمْ.	میں آپ سے معذرت کرتا ہوں۔
أَنَا مُتَأَسِّفٌ عَلَيْهِ.	مجھے اس پر افسوس ہے۔
سُلُوكُهٗ غَيْرُ جَيِّدٍ.	اس کا چال چلن اچھا نہیں۔
لَسْتُ رَاضِيًا عَنْ سُلُوكِهٖ.	مجھے اس کا چال چلن پسند نہیں۔
مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَجْمَلَ مِنْهُ.	میں نے اس سے خوبصورت کوئی چیز نہیں دیکھی۔
لَا تَغْضَبْ.	غصہ نہ کرو۔
لَا تَحَاسَدُوا.	ایک دوسرے سے حسد نہ کرو۔
إِنِّي فِي غَايَةِ الِامْتِنَانِ.	میں آپ کا بے حد ممنون ہوں۔
اِتَّقُوا مَوَاضِعَ التُّهَمِ.	تہمت کی جگہوں سے بچو۔
لَقَدْ سَرَّتْنِي رُؤْيَتُكُمْ.	مجھے آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔
أَرْجُو أَنْ تَعْفُوَ عَنِّي.	امید ہے آپ مجھے معاف کر دیں گے۔
نَزَلَ بِهِ الضَّيْفُ	اس کے ہاں مہمان آیا ہے۔
وُعِكَ أَخِي بِالْأَمْسِ.	کل میرے بھائی کو بخار ہو گیا۔
عَلَيَّ بِهٖ.	اسے میرے پاس لاؤ۔
هٰذَا عَارٌ عَلَيْكَ.	یہ آپ کے لیے شرم کی بات ہے۔
أَنْتَ تَسْتَحِقُّ اللَّوْمَ	آپ ملامت کے مستحق ہیں۔
لَا تَفْضَحْنِي أَمَامَ النَّاسِ.	لوگوں کے سامنے مجھے شرمندہ نہ کریں۔
أُرِيدُ مِنْ صَمِيمِ الْقَلْبِ.	میں تہہ دل سے چاہتا ہوں۔

هٰذِهِ مِصْبَنَةٌ	یہ صابن دانی ہے۔
أَرِنِي مَا جِئْتَ بِهِ.	جو آپ لائے ہیں، مجھے دکھائیں۔
مَا أَحْلٰی كَلَامَهُ!	وہ کتنا شیریں کلام ہے!
اِجْتَنِبُوا سُوءَ الظَّنِّ.	بدگمانی سے بچو۔
خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ.	لوگوں سے اچھے طریقے سے پیش آؤ۔
وَصَلَ إِلَيَّ رِسَالَةٌ مِّنْ بَيْتِي.	مجھے گھر سے خط آیا۔
عِنْدِي أَشْغَالٌ كَثِيرَةٌ.	مجھے بہت کام ہیں۔
اَلْيَوْمَ عِنْدِي شُغْلٌ هَامٌّ	آج مجھے ضروری کام ہے۔
لَا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ إِلَى الْغَدِ.	آج کا کام کل پر مت چھوڑو۔
اَلْيَوْمَ اِعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ.	آج جو چاہو کرو۔
لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ.	غیب اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔
لَا نَدْرِي مَاذَا نَكْسِبُ غَدًا.	ہم نہیں جانتے کل ہم کیا کریں گے۔
إِفْشَاءُ السِّرِّ جَهْلٌ.	راز فاش کرنا نادانی ہے۔
اَلصِّدْقُ مَحْبُوبٌ إِلَى اللّٰهِ تَعَالٰی .	سچائی اللہ تعالیٰ کو محبوب ہے۔
اَلصِّدْقُ يُنْجِي.	سچ نجات دیتا ہے۔
اَلْيَوْمَ أَفْطَرْنَا عِنْدَ صَاحِبٍ لَّنَا.	آج ہم نے ایک دوست کے پاس ناشتہ کیا۔
لَا تَحَادَثُوا فِي الْمَسْجِدِ.	مسجد میں باتیں نہ کرو۔
بَارَكَ اللّٰهُ فِي أَوْقَاتِكَ.	اللہ تمھارے اوقات مبارک کرے۔
كَيْفَ صِحَّتُكَ؟	آپ کی صحت کیسی ہے؟
اَلْآنَ أَحْسَنُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ.	اللہ کا شکر ہے، اب اچھی ہے۔
كَيْفَ حَالُ الْعَائِلَةِ؟	بال بچے کیسے ہیں؟

صَارَ الْجَوُّ رَدِيئًا	موسم خراب ہو گیا ہے۔
أَرْتَعِدُ مِنَ الْبَرْدِ.	میں سردی سے کانپ رہا ہوں۔
هٰذِهِ اللَّيْلَةُ تَكُونُ مُقْمِرَةً	آج کی رات چاندنی ہوگی۔
أَسْمِعُونِي دُرُوسَكُمْ.	مجھے اپنے اسباق سناؤ۔
أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ.	میں قلم سے لکھتا ہوں۔
هٰذَا الْقِرْطَاسُ خَشِنٌ	یہ کاغذ کھردرا ہے۔
خُذْ قَلَمَ الرَّصَاصِ.	پنسل پکڑو۔
دُقَّ الْجَرَسُ	گھنٹی بج گئی۔
اِسْتَوٰى قَائِمًا.	وہ سیدھا کھڑا ہے۔
سَهِرْتُ اللَّيْلَ كُلَّهَا.	میں ساری رات جاگتا رہا ہوں۔
هِيَ تَسْتَيْقِظُ مُبَكِّرَةً.	وہ صبح سویرے بیدار ہوتی ہے۔
تَسْتَيْقِظُ بَعْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ.	تم سورج نکلنے کے بعد جاگتے ہو۔
اُذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالٰى قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوبِكُمْ.	کھڑے، بیٹھے اور لیٹے ہوئے اللہ تعالیٰ کو یاد کرو۔
لَقَدْ مَرَّ الْوَقْتُ بِسُرْعَةٍ كَثِيرَةٍ.	وقت بڑی تیزی سے گزر گیا۔
هٰذِهِ حَقِيقَةٌ لَّا يُمْكِنُ إِنْكَارُهَا.	یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس کا انکار ممکن نہیں۔
هٰذَا وَاضِحٌ كَالشَّمْسِ.	یہ روز روشن کی طرح واضح ہے۔
لَسْتُ فَاشِلًا.	میں ہمت نہیں ہارا۔
هٰذِهِ الْمَقَاعِدُ مَحْجُوزَةٌ	یہ سیٹیں ریزرو ہیں۔
هَلِ اتَّصَلَ بِكَ أَحَدٌ؟	کیا کسی نے آپ سے رابطہ کیا؟
اَلْهَاتِفُ لَا يَعْمَلُ، إِنَّهُ مُعَطَّلٌ	فون کام نہیں کر رہا، یہ خراب ہے۔
كَيْفَ كَانَتِ الْبَارِحَةُ؟	گزشتہ رات کیسی تھی؟
أَسَفًا عَلٰى هٰذَا الْكَلَامِ.	اس بات پر افسوس ہے۔

هٰذَا سَيِّئٌ جِدًّا.	یہ بہت بری بات ہے۔
شَعَرْتُ بِأَلَمِكَ.	مجھے آپ کی تکلیف کا احساس ہے۔
سَتُفِيقُ.	عنقریب آپ کو افاقہ ہوگا۔
أَمْلِكْ عَلَيكَ لِسَانَكَ.	اپنی زبان کنٹرول میں رکھیے۔
هَلْ مِنْ مُشْكِلَةٍ؟	کیا کوئی مشکل درپیش ہے؟
أُنْظُرْ خَارِجَ الْبَابِ.	دروازے کے باہر دیکھیے۔
حَانَ دَوْرُكَ.	تمھاری باری آگئی۔
مَاذَا يَحْدُثُ هُنَا؟	یہاں کیا ہورہا ہے؟
هٰذَا كَلَامٌ صِبْيَانِيٌّ	یہ بچگانہ بات ہے۔
لَقَدْ حَطَّمْتَ قَلْبِي.	تم نے میرا دل توڑ دیا۔
إِنَّهُ مَاهِرٌ.	یقیناً وہ ماہر ہے۔
أُرِيدُ شَطِيرَةً وَّفِنْجَانَ شَايٍ.	مجھے ایک سینڈوچ اور ایک کپ چائے چاہیے۔
هَاتِ يَا أَخِي! عَصِيرَ الْبُرْتُقَالِ.	بھائی جان! مجھے مالٹے کا جوس دیجیے۔
لَيْسَ لَهُ نَظِيرٌ.	اس کی کوئی مثال نہیں۔
هٰذِهِ وَجْبَةٌ مُمَيِّزَةٌ.	یہ کھانا عمدہ ہے۔
كَانَ الطَّعَامُ شَهِيًّا لِلْغَايَةِ.	کھانا بہت مزیدار تھا۔
كَيْفَ يُمْكِنُنِي الِاتِّصَالُ بِهِ؟	اس سے رابطہ میرے لیے کیسے ممکن ہوگا؟
هٰذَا مِنْدِيلٌ وَّرَقِيٌّ	یہ ٹشو پیپر ہے۔
إِنَّنِي آسِفٌ.	مجھے افسوس ہے۔
تَعَطَّلَتِ السَّيَّارَةُ فِي الطَّرِيقِ.	راستے میں کار خراب ہوگئی۔
شَغِّلِ الْمِرْوَحَةَ.	پنکھا چلا دیجیے۔
هٰذَا فِي وُسْعِكَ.	آپ یہ کر سکتے ہیں / یہ آپ کے بس میں ہے۔

هُوَ شُرْطِيُّ الْمُرُورِ	وہ ٹریفک وارڈن ہے۔
اِمْشِ عَلٰى مَمَرِّ الْمُشَاةِ.	فٹ پاتھ پر چلو۔
عَزَمْتُ عَلٰى طَيِّهَا وَإِخْفَائِهَا.	میں نے اس قصے کو دبانے اور پوشیدہ رکھنے کا عزم کرلیا ہے۔
هَيَّا! إِلَى الْمَسْجِدِ.	آیئے! مسجد چلیں۔
لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ.	اپنی آوازیں بلند نہ کرو۔
صِرْنَا ضُحْكَةً لِّلْقَوْمِ.	ہم لوگوں کے لیے مذاق بن گئے۔
هٰذَا مُسْتَحِيلٌ.	یہ ناممکن ہے۔
اَللّٰهُمَّ! إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ.	اے اللہ! مجھے عافیت عطا فرما۔
لَقَدْ تَعَفَّنَ الْخُبْزُ.	روٹی خراب ہوگئی ہے۔
عَلَيْكَ أَنْ تُفَكِّرَ قَبْلَ أَنْ تَتَكَلَّمَ.	تمھیں بولنے سے پہلے سوچنا چاہیے۔
هُوَ شَدِيدُ الْحَيَاءِ بِطَبِيعَتِهِ.	وہ طبعًا بہت شرمیلا ہے۔
هٰذَا الْكَلَامُ غَيْرُ مَعْقُولٍ.	یہ بات عقل میں آنے والی نہیں۔
إِحْمَرَّ وَجْهُهُ مِنَ الْخَجَلِ.	شرمندگی سے اس کا چہرہ سرخ ہوگیا۔
يَكَادُ قَلْبُهُ يَطِيرُ فَرَحًا.	وہ خوشی سے پھولے نہ سما رہا تھا۔
يَا أَخِي! رَتِّبْ وَقْتَكَ.	بھائی جان! اپنے وقت کو منظّم کرو۔
اَلْبَلْوٰى عَلَى الْبَلْوٰى.	مصیبت در مصیبت۔
تَبَسَّمَ تَبَسُّمَ الْمُغْضَبِ.	وہ غصہ دلائے گئے شخص کی طرح مسکرایا۔
أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ نَامُوسِيَّةً	میں مچھر دانی خریدنا چاہتا ہوں۔

قرآن مجید عربی زبان میں نازل ہوا۔ سیدالانبیاء حضرت محمد ﷺ کی زبان بھی عربی تھی۔ ہماری تاریخ، تہذیب، شعر و ادب اور قدیم علوم و فنون کے مآخذ و مصادر بھی عربی زبان میں ہیں۔ بنابریں عربی کی زبردست دینی، علمی اور تہذیبی اہمیت کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عربی زبان کو مسلمانوں کے ہاں محض زبان و بیان ہی کا نہیں تقدیس و تعظیم کا درجہ بھی حاصل ہے۔ دنیا بھر میں عربی ہی سب سے اہم اور اعلیٰ زبان ہے۔ ایک اندازے کے مطابق عربی بولنے والوں کی تعداد 40 کروڑ سے زیادہ ہے۔ اُردو بولنے والے لاکھوں افراد تلاش معاش یا حصولِ تعلیم کے لیے عرب ممالک کا رخ کرتے ہیں، انھیں وہاں عربی بولنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ یوں عربی زبان ایک اشد ضرورت بن گئی ہے۔

زیر نظر کتاب کی جدت، ندرت، اہمیت اور افادیت یہ ہے کہ یہ جدید احوال و ظروف اور روز مرّہ معاملات و مسائل کو پیش نظر رکھ کر مرتب کی گئی ہے۔ مدارس دینیہ کی اکثریت عربی گرائمر تو جانتی ہے مگر آج کل کی بولی اور لکھی جانے والی عربی سے ناواقف ہے۔ یہ کتاب ان کے لیے نادر تحفہ ہے، تدریس و تفہیم میں سہولت کے پیش نظر اسے مکالمات کی صورت میں تیار کیا گیا ہے اور مشکل الفاظ نمایاں کر کے ان کے معانی واضح کر دیے گئے ہیں۔ اس طرح عربی زبان سیکھنے والے طلبائے عزیز اسے ان شاء اللہ بہت آسان اور اقرب الی الفہم پائیں گے۔